بسم الله الرحمن الرحيم

كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ○ اَلْقُرْآن

# كَنْزُ النَّوَادِر

# فِی

# الْقَوَانِيْنِ وَالْمَصَادِر

اُردو شرحِ ارشادُ الصّرف

از افادات

شیخُ الصّرف والنّحو حضرت مولانا نصرُ اللّٰہ خان مدظلہ

مُہتمم مدرسۂ عربیہ بحرُ العُلوم توحید آباد

ترتیب وتزئین

حضرت مولانا عُبیدُ اللہ خُضداری فاضلِ دیوبند (ہند)

ناشر

مدرسۃُ العلومِ الشّرعیۃ کوشک

بکس ۱۴، شہر خُضدار بلوچستان پاکستان فون: ۰۸۴۶۲۱۳۳۱۷

كذلك نصرّف الآيات لقوم يشكرون ○ (القرآن)

# كنز النوادر

## في

# القوانين والمصادر

اردو شرح: ارشاد الصرف


از افادات

شیخ الصرف والنحو حضرت مولانا نصر اللہ خان مدظلہ

مہتمم مدرسہ ربانیہ بحر العلوم توحید آباد

ترتیب وتخریج

حضرت مولانا عبید اللہ خضداری فاضل دیوبند



ناشر

مدرسۃ العلوم الشرعیہ کوشک

بکس ۱۴۳ شہر خضدار بلوچستان فون ۴۱۳۳۱۷

نام کتاب : ــــــــــــ کنز النوادر فی القوانین والمصادر

تصنیف : ــــــــــــ مولانا عبید اللہ خضداری

طبع اوّل : ــــــــــــ جمادی الآخر ۱۴۱۲ھ

تعداد ــــــــــــ ایک ہزار (۱۰۰۰)

طبع دوم ــــ تعداد ــــ دو ہزار (۲۰۰۰)

طبع سوم ــــ تعداد ــــ دو ہزار (۲۰۰۰)

طبع چہارم ــــ تعداد ــــ دو ہزار (۲۰۰۰)

طبع پنجم ــــ تعداد ــــ دو ہزار (۲۰۰۰)

طبع ششم ــــ تعداد ــــ دو ہزار (۲۰۰۰)

ناشر ــــــــــــ مدرسۃ العلوم الشرعیۃ

مطبوعہ الجنت پرنٹنگ پریس کراچی

فون نمبر: ۷۷۱۳۲۰، ۷۷۲۹۵۲۱

کتابت ــــــــــــ عیسیٰ سربازی



جملہ حقوق محفوظ ہیں



## ملنے کے پتے

۱- اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی۔ کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰

۲- مولانا حافظ محمد احسن مدرسہ توحید آباد پوسٹ رحیم آباد تحصیل صادق آباد، رحیم یار خان

۳- قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی

۴- مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ

۵- فاروقیہ کتب خانہ مسجد روڈ شہر خضدار بلوچستان

# پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ رحمٰن و رحیم کا لاکھ لاکھ احسان ہے جس نے بندۂ حقیر کو کَنْزُ النَّوَادِرِ فِی الْقَوَانِیْنِ وَالْمَصَادِرِ (شرح ارشاد الصرف حصۂ قوانین) کے لکھنے کی سعادت نصیب فرمائی۔ ارشاد الصرف کی آج تک بہت سی شرحیں لکھی جا چکی ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ اس کتاب کی جس قدر زیادہ سے زیادہ خدمت کی جائے کم ہے۔ بعض مخلص دوستوں کے اصرار پر میں نے اس کارِ عظیم کے لیے قلم اٹھانے کی جرأت کی۔ با ایں ہمہ وہ حرفِ آخر نہیں۔ اس میں صواب و خطاء کا احتمال ہے۔ اصلاحی مشورہ قبول کرنے میں کوئی دریغ نہ ہوگا کیونکہ راقم کی حیثیت علمی میدان میں ایک طالب علم کی ہے۔ اگرچہ بتقاضائے قلتِ استعداد و فقدانِ مہارت کہیں غلطی ہو گئی تو مطلع کرنے پر دعا گو ہوں گا۔

تحریر مسائل میں زیادہ تر مدار نوادر الاصول، فیوضِ عثمانی مایغنیک فی الصرف۔ نغزک۔ بہ تال رہی ہے۔ خواص الابواب، مصباح اللغات اور مصادر انجاد الصرف سے ماخوذ بتلخیص ہیں اور بعض دیگر کتب سے بھی امداد لی گئی ہے۔ حق تعالیٰ ہمیں مشغلہ طلب علم کو اہم المشاغل یقین کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے اور اہل علم کے لیے نافع و مفید ثابت ہو۔ وَمَا تَوْفِیْقِی اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم

بقدرِ وسع در اصلاح کوشند
اگر اصلاح نتوانند پوشند

عبدہٗ عبید اللہ عفا اللہ عنہ
خضدار بلوچستان

# مُقَدَّمَہ اِرْشَادُ الصَّرْف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَوْصُوْفِ بِالتَّصْرِيْفِ الْمَنْعُوْتِ بِالتَّخْفِيْفِ الَّذِيْ اِنْعَامُهٗ صَحِيْحٌ عَلَى الْعِبَادِ غَيْرُ مُعْتَلٍّ بِعِلَلِ طَاعَاتِ الْعُبَّادِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الْمُضَاعَفِ قَدْرُهٗ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ الْاَمْجَادِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ هُمْ غَيْرُ مَهْمُوْزٍ سَجَايَاهُمْ اِلٰى يَوْمِ التَّنَادِ۔

**اَمَّا بَعْد** ہر علم کے شروع کرنے سے پہلے سات چیزوں کا جاننا ضروری ہے:

(۱) مقامِ علم (۲) تعریفِ علم (۳) موضوعِ علم (۴) غرضِ علم (۵) واضعِ علم (۶) وجہ تسمیہ کتاب (۷) مصنفِ کتاب

**سوال:** ان سات چیزوں کا جاننا کیوں ضروری ہے؟

**جواب:** مقام کے معنی مرتبہ۔ مقام کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ پڑھنے میں مزید شوق پیدا ہو۔

**تعریف** کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ طلبِ مجہولِ مطلق لازم نہ آئے۔

**موضوع** کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ مقصود اور غیر مقصود میں امتیاز ہو جائے۔

**غرض** کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ سعی مبتدی عبث نہ ہو۔

**واضع** کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ اس کی شان وشوکت دل میں بیٹھ جائے اور محنت کرنے میں مزید دلچسپی پیدا ہو۔

**وجہ تسمیہ کتاب** کا جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ معلوم ہو کہ مذکورہ کتاب کے لیے اس نام کا تجویز کیوں عمل میں لایا گیا ہے۔

**مصنف** کا نام جاننا اس لیے ضروری ہے تاکہ اس کے مرتبہ علمیت سے کتاب کی اہمیت معلوم ہو کہ اس کتاب کا

مصنف جو اتنے مرتبہ والا ہے تو اس کی تصنیف کردہ کتاب بھی اعلیٰ درجہ کی ہوگی ۔ ایسے ہی علم صرف کے شروع کرنے سے پہلے ان سات چیزوں کا معلوم کرنا ضروری ہے ۔

**مقام علم الصّرف** اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ علم صرف جمیع علوم کے لئے بمنزلہ ماں کے ہے یعنی باعتبارِ ضرورت واہمیت نہ باعتبارِ شان وفضیلت ۔

**تعریف[2] علم الصّرف** اَلصَّرْفُ عِلْمٌ بِاُصُوْلٍ یُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَبْنِیَةِ الْکَلِمِ الثَّلٰثِ مِنْ حَیْثُ الْاَصْلِ وَالْبِنَاءِ وَالتَّعْلِیْلِ

ترجمہ : علم صرف نام ہے ایسے چند قوانین کا جن کے ذریعے سے تین کلموں کے حالات معلوم کئے جاتے ہیں باعتبار اصل بناء تعلیل کے ۔

**موضوع[3] علم الصّرف** : اَلْکَلِمَۃُ مِنْ حَیْثُ الصِّیْغَۃِ وَالْبِنَاءِ کلمات لغت عرب باعتبار صیغہ اور بناء کے ۔

**غرض[4] علم الصّرف** : صِیَانَۃُ الذِّہْنِ عَنِ الْخَطَاءِ فِی الصِّیْغَۃِ ۔ ذہن کو بچانا صیغہ کی غلطی سے ۔

**واضع علم الصّرف** : حضرت معاذ بن مسلم الہروی رحمۃ اللہ علیہ (بقول اکثر) (قانونچہ شاہ جمالی)

**وجہ تسمیہ کتاب** : ارشاد الصرف کا معنی راستہ دکھلانے والا علم صرف کا ۔ اِرْشَادٌ مصدر بمعنی اسم فاعل مُرْشِدٌ ۔ الصّرف کا مضاف لفظ علم محذوف ہے ۔ تقدیر عبارت یوں ہے مُرْشِدٌ ... عِلْمِ الصَّرْفِ ۔ یعنی یہ کتاب علم صرف کی طرف رہنمائی کرنے والا ہے ۔

**مصنّفِ کتاب** : حضرت مولانا خدا بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً ۔ اسکے خلاف بات غیر محقق ہے ۔

---

[1] صرف کے لغوی معنی پھیرنا ۔ اصطلاحی معنی تَحْوِیْلُ الْاَصْلِ الْوَاحِدِ (المصدر) اِلٰی اَمْثِلَۃٍ مُخْتَلِفَۃٍ لِحُصُوْلِ الْمَعَانِی الْمَقْصُوْدَۃِ ۔

[2] تعریف کا لغوی معنی مَا یُعْرَفُ بِهِ الشَّیْءُ ۔ : اصطلاحی معنی مَا یُمَیَّزُ بِهِ الشَّیْءُ عَنْ جَمِیْعِ مَا عَدَاہُ ۔

[3] موضوع کا لغوی معنی رکھا ہوا ۔ اصطلاحی معنی مَا یُبْحَثُ فِی الْعِلْمِ عَنْ عَوَارِضِهِ الذَّاتِیَّۃِ ۔

[4] غرض کا لغوی معنی مطلوب ۔ اصطلاحی معنی مَا یَکُوْنُ بَاعِثًا لِلْفِعْلِ ۔

# چند اصطلاحاتِ مستعملہ

**لغت** - لغت کا لغوی معنی بولی۔ اصطلاحی معنی مَا يُعَبِّرُ بِهٖ كُلُّ قَوْمٍ عَنْ اَغْرَاضِهِمْ۔

**اصطلاح** - اصطلاح کا لغوی معنی صلح کرنا۔ اصطلاحی معنی اِتِّفَاقُ قَوْمٍ مَخْصُوْصٍ عَلٰى اَمْرٍ مَخْصُوْصٍ

**صیغہ** - صیغہ کا لغوی معنی سونے کو پگھال کر قالب میں ڈالنا۔ اصطلاحی معنی وہ شکل جو حروف حرکات و سکنات کو ترتیب دینے کے بعد حاصل ہو جیسے ضَ۔رَ۔بَ بعد از ترتیبِ حروف و حرکات و سکنات ضَرَبَ ہوا۔

**منصرف** - وہ ہے جس پر تینوں حرکتیں مع تنوین آئیں۔

**غیر منصرف** - غیر منصرف وہ ہے جس پر کسرہ اور تنوین نہ آئیں۔ یعنی موضعِ جر میں ہمیشہ مفتوح ہوگا۔

**معرب** - معرب وہ ہے جس کا آخر "عامل..... کے مختلف ہونے ..... سے" بدلے۔

**تنوین** - هِيَ نُوْنٌ سَاكِنَةٌ تَتْبَعُ حَرَكَةَ آخِرِ الْكَلِمَةِ لَا لِتَاكِيْدِ الْفِعْلِ یعنی وہ نونِ ساکنہ جو کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کے بعد ہو فعل کے تاکید کے لئے نہ ہو اور یہ نون صرف پڑھنے میں آتا ہے۔ لکھنے میں نہیں آتا۔

**حروفِ جارہ** - حروفِ جارہ سترہ ہیں ؎

بَا۱ و۔ تَا۲ و۔ کاف۳ و۔ لام۴۔ واو۵۔ مُنذُ۶ و۔ مُذ۷، خلا۸

رُبَّ۹۔ حاشا۱۰۔ مِن۱۱۔ عدا۱۲۔ فی۱۳۔ عن۱۴۔ الیٰ۱۵۔ حتیٰ۱۶۔ علیٰ۱۷

**حروفِ نداء** - حروفِ نداء پانچ ہیں : یا۱۔ ایا۲۔ ھیا۳۔ ای۴۔ ہمزہ۵ مفتوحہ یعنی أ

**حروفِ جازمہ** -

اِنْ۱ وَلَمْ۲۔ لَمَّا۳ و لامِ۴ امر، لائے۵ نہی نیز

پنج حرف این جازمِ فعل اند ہر یک بے دغا

**حروفِ ناصبہ** -

اَنْ۱ و لَنْ۲ پس کَے۳۔ اِذَنْ۴ این چار حرفِ معتبر

نصب مستقبل کنند این جملہ دائم اقتضاء

بدان اَسْعَدَكَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ کہ کلمات لغت عرب برسہ قسم است۔ اسم است، وفعل است، وحرف است، اسم چون رَجُلٌ وَفَرَسٌ، وفعل چون ضَرَبَ ودَحْرَجَ، وحرف چون مِنْ واِلٰی

# تشریح

سوال : مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے حمد سے اپنی کتاب کی آغاز کیوں نہیں کی ؟

جواب : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں ہی حمد ہے۔

سوال : مصنفؒ ابتدا میں بدان کا لفظ کیوں لایا ؟

جواب : طالب علم کو ہوشیار اور خبردار کرنے کے لئے لایا گیا ہے۔

سوال : مصنفؒ نے بدان کہا ببین یا بشنو وغیرہ کیوں نہیں کہا ؟

جواب : بدان کا تعلق دل سے ہے، کسی چیز کا دل سے جاننا سب سے اولیٰ ہے۔

سوال : جب کتاب فارسی زبان میں ہے تو جملہ دعائیہ اَسْعَدَکَ اللّٰہُ الخ عربی زبان میں کیوں لایا ؟

جواب : (۱) عربی زبان میں دعاء خداوند قدوس جلد قبول فرماتے ہیں

سوال : لغت کے ساتھ عرب کی قید کیوں لگائی جبکہ تمام لغات کے کلمات تین قسم پر ہیں ؟

جواب : عرب کی تخصیص مقصود کے اعتبار سے ہے ورنہ کوئی زبان ان تین قسموں سے خالی نہیں۔

سوال : کلمات کو تین قسموں میں کیوں بند کیا ؟

جواب : کلمات کو تین قسموں میں بند کرنے کی وجہ یہ ہے کہ کلمہ اپنے معنی پر خود بخود دلالت کرے گا یا نہ اگر نہیں تو وہ حرف ہے اگر بذاتِ خود دلالت کرے گا "یعنی وہ اپنے معنی پر دلالت کرنے میں کسی دوسرے کلمہ کا محتاج نہ ہوگا" تو پھر دو حال سے خالی نہیں یعنی وہ معنی تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ

---

[1] حدیث پاک میں عربی زبان میں دعاء مانگنے کی ترغیب آئی ہے اَلدُّعَاءُ بِلِسَانِ الْعَرَبِيَّةِ اَسْرَعُ لِلْاِجَابَةِ ۱۲

کے ساتھ متصل ہوگا یا نہ اگر نہ ہوگا تو وہ اسم ہے اگر ہوگا تو وہ فعل ہے۔

**سوال :** مصنفؒ نے یہاں اسم کو مقدم کیوں کیا جبکہ دوسروں نے فعل کو مقدم کیا ہے ؟
**جواب :** یہ مصنفؒ کی مسامحت ہے۔

واسم بر سہ قسم است ثلاثی ورباعی وخماسی۔ ثلاثی سہ حرفی را گویند چون زَیْدٌ، رباعی چہار حرفی را گویند چون جَعْفَرٌ وخماسی پنج حرفی را گویند چون سَفَرْجَلٌ۔ وفعل بر دو قسم است ثلاثی و رباعی۔ ثلاثی چون ضَرَبَ ورباعی چون دَحْرَجَ۔

## تشریح

**قولہ اسم بر سہ قسم است۔** یہاں سے اسم متمکن جامد کی تقسیم شروع ہوتی ہے۔ یعنی اسم جامد[1] متمکن باعتبار تعدادِ حروف اصلیہ کے تین قسم پر ہے (۱) ثلاثی (۲) رباعی (۳) خماسی

**ثلاثی الخ** بضم ثا یہ ثلاثۃ "بفتح ثا" کی طرف منسوب ہے اور ثلاثی کا ضمّہ نسبت کی وجہ سے ہے۔ اسی طرح رُباعی۔ خُماسی ہر ایک اَرْبَعَۃٌ اور خَمْسَۃٌ کی طرف منسوب ہیں۔

**سوال :** اسم احادی اور ثنائی بھی ہوتا ہے جیسے کاف خطاب اور مَا۔ مَنْ پس ان کو ذکر کیوں نہیں کیا ؟

**جواب :** یہ اسماء غیر متمکنہ ہیں اور اس جگہ تقسیم اسم متمکن کی ہے۔

**سوال :** واضع نے اسم سداسی کو وضع کیوں نہیں کیا ؟

---

[1] مصنفؒ نے ان اقسام کا مقسم اسم جامد کو قرار دیا نہ کہ مطلق اسم معرب کو اس لئے کہ مصدر خماسی نہیں ہوتا ہے اور اسم معرب کی اقسام ثلاثہ کی طرف تقسیم اس امر کو مقتضی ہے کہ مصدر خماسی ہو۔

**جواب :** (۱) ایک توثقل سے بچنے کی خاطر (۲) التباس سے بچنے کی خاطر کیونکہ کلمہ کی صالح بنا کم از کم تین حرف پر ہوتی ہے توسداسی کی صورت سے یہ وہم پڑتا کہ یہ ایک.. کلمہ ہے یا دو..... کلمے ہیں۔

**قولہ فعل[۱] بر دو قسم است :** فعل سے مراد متصرف ہے۔ فعل اور مصدر اور اسم مشتق دو دو قسم پر ہیں (۱) ثلاثی (۲) رباعی۔

**فعل ثلاثی کی مثال جیسے** ضَرَبَ۔ **فعل رباعی کی مثال جیسے** دَحْرَجَ۔

**مصدر ثلاثی کی مثال جیسے** ضَرْبٌ۔ **مصدر رباعی کی مثال جیسے** دَحْرَجَةٌ

**اسم مشتق ثلاثی کی مثال جیسے** ضَارِبٌ۔ **اسم مشتق رباعی کی مثال جیسے** مُدَحْرِجٌ

**سوال** واضع نے فعل خماسی کیوں وضع نہیں کیا ؟

**جواب** اگر فعل خماسی وضع کیا جاتا تو اس کے ساتھ جب ضمیر مرفوع متصل لاحق ہوتا تو وہی دو خرابیاں لازم آتیں جو کہ اسم سداسی کو وضع کرنے میں لازم آتی تھیں۔

| بدان کہ میزان در کلام عرب فا وعین ولام است |
|---|

# تشریح

**سوال :** میزان کو کلامِ عرب کے ساتھ خاص کیوں کیا ؟

**جواب :** میزان کی عرب کے ساتھ تخصیص بوجہ مقصد کے ہے۔

**سوال :** میزان کی غرض کیا ہے ؟

**جواب :** میزان سے حروفِ اصلیہ اور زوائد کو جدا کرنا مقصود ہے نہ کہ پہچاننا۔

**سوال :** میزان کے لئے انیس حروفِ ھجا میں سے فَا عَین لَام کا انتخاب کیوں کیا گیا ہے ؟

---

[۱] فعل مع اپنے تمام قسموں کے اور تمام اسماء جو فعل سے مشتق ہوتے ہیں اور مصدر دو دو قسم پر ہیں : ثلاثی اور رباعی نہ کہ خماسی اس لئے کہ فعل تصرف اور لحوقِ ضمائر کے لحاظ سے اسم سے ثقیل ہے اور جبکہ فعل خماسی الاصل نہیں لہذا مصدر اور مشتقات جو اس کے تابع ہیں نیز خماسی الاصل نہ ہوں گے۔

**جواب** : حروف باعتبار مخارج کے تین قسم ہیں شفوی وسطی حلقی ۔ میزان کے لئے ان میں سے ایک ایک حرف لیا تو کل تین ہوئے یعنی شفوی میں سے فا، حلقی میں سے عین، وسطی میں سے لام۔

**سوال** : شفوی، وسطی، حلقی میں اور حروف بھی تھے پھر ان کی تخصیص کیوں کی گئی ؟

**سوال** : پہلے فا پھر عین پھر لام اس طرح ترتیب دینے کی کیا وجہ ہے ؟

**جواب** : میزان کے لئے ایسے کلمہ کی ضرورت تھی جو اعم الافعال ہو یعنی تمام فعلوں (کاموں) کو شامل ہو۔ جب ان حروف کو اس ترتیب سے رکھا گیا تو کلمہ بن گیا فعل بمعنی کام تو اب جہان میں جتنے بھی کام ہوں گے سب کو لفظ فعل شامل ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ مقصد ان حروف سے اور اسی ترتیب سے پورا ہوتا تھا اسی وجہ سے میزان کے لئے ان حروف کو اسی ترتیب سے خاص کیا گیا۔

**سوال** : میزان کے لئے وزن ثلاثی کا انتخاب کیوں کیا گیا ؟

**جواب** : اگر میزان رباعی ہوتا تو ثلاثی کے وزن نکالتے وقت ایک حرف کم کرنا پڑتا اگر خماسی ہوتا تو رباعی کا وزن نکالتے وقت ایک حرف کم کرنا پڑتا، ثلاثی کا وزن نکالتے وقت دو حرف کم کرنے پڑتے تو کم کرنے سے بڑھانا بہتر ہے۔

> وحروف بر دو قسم است حرف اصلی وحرفِ زائدہ، حرفِ اصلی آن است کہ در مقابلہ فا و عین و لام بود چون ضَرَبَ بروزنِ فَعَلَ وحرف زائد آن است کہ در مقابلہ این حرف نبود چون اَکْرَمَ بروزنِ اَفْعَلَ

## تشریح

حروف دو قسم پر ہیں : (۱) حرف اصلی (۲) حرف زائدہ

**حرف اصلی** حروف اصلی وہ ہیں جو مجرد و مزید فیہ سب گردانوں میں آئیں یعنی ماضی مضارع اسم فاعل اسم مفعول، جحد امر نہی اسم ظرف جیسے ضَرَبَ" اب ضاد را با ساری گردانوں میں موجود ہوں گے" یَضْرِبُ ضَارِبٌ مَضْرُوْبٌ وغیرہ۔

**حکم حرف اصلی** یہ ہے کہ وزن نکالتے وقت ان حروف کے مقابلہ میں فآ، عیؔن، لاؔم کو لائیں گے جیسے ضَرَبَ بروزنِ فَعَلَ، یَضْرِبُ بروزنِ یَفْعِلُ الخ۔

**حروفِ زائدہ** وہ ہیں جو اسی باب کی سب گردانوں میں نہ آئیں بلکہ کہیں موجود ہوں اور کہیں موجود نہ ہوں جیسے یَضْرِبُ کا یآ ضَارِبٌ میں نہیں ضَارِبٌ کا الف ضَرَبَ میں نہیں الخ

**حکم حرفِ زائدہ** یہ ہے کہ وزن نکالتے وقت ان حروف کو فآ، عیؔن، لاؔم کے مقابلہ میں نہیں لائیں گے بلکہ خود اپنی جگہ پر آئیں گے جیسے یَضْرِبُ بروزن یَفْعِلُ میں یآ۔ ضَارِبٌ بروزنِ فَاعِلٌ میں الف خود اپنی جگہ پر آئے ہوئے ہیں۔

## حروفِ زائدہ کی پہلی تقسیم

حروفِ زائدہ دو قسم پر ہیں: (۱) اپنے ماقبل کی جنس میں سے ہوگا (۲) یا اپنے ماقبل کی جنس میں سے نہ ہوگا

**قسم اول کا حکم** یہ ہے کہ اس قسم کا زائد حرفِ ہجا کے اُنتیس حرفوں میں سے ہو سکتا ہے اور وزن نکالتے وقت میزان میں سے جو حرف اس کے ماقبل کے مقابلہ میں ہے وہی حرف اس زائد کے مقابلہ میں آئے گا یعنی یہ زائد اس حرف اصلی کے تابع ہوگا جیسے جَلْبَبَ بروزنِ فَعْلَلَ بآ اول اصلی ہے اس کے مقابلہ میں لاؔم ہے، بآ دوم زائد ہے اس کے مقابلہ میں بھی لاؔم "....." لائیں گے

**قسم دوم کا حکم** یہ ہے کہ اس قسم کا زائد حرف سَئَلْتُمُوْنِیْهَا کے حرفوں میں سے ہوگا اور موزوں میں جس شکل پر حرف زائدہ ہے وزن میں بھی اسی شکل پر آئے گا جیسے ضَارِبٌ بروزنِ فَاعِلٌ۔

## حروفِ زائدہ[۱] کی دوسری تقسیم

حروفِ زائدہ کی تین قسمیں ہیں (۱) زائدہ برائے اشتقاق (۲) زائدہ برائے نقل باب (۳) زائدہ برائے الحاق

---

[۱] حروف زائدہ کے پہچاننے کے تین طریقے ہیں: (۱) اشتقاق (۲) غلبہ (۳) عدم النظیر۔

**اشتقاق**: جو حرف گردان میں کہیں ہو اور کہیں نہ ہو جیسے ضَرَبَا میں الف، ضَرَبُوْا میں واؔو، ضَرَبَتْ میں تآ الخ

**غلبہ**: جو حروف خاص مقام پر زائد ہوتے ہیں جیسے تآ جو حالتِ وقف میں ہآ ہو جاتی ہے جبکہ اس تآ سے پہلے تین حرف ہوں جیسے حَبَّۃٌ بروزنِ فَعْلَۃٌ یا جیسے الف ونوؔن زائد تان جو کہ آخر کلمہ میں زائد ہوتے ہیں جبکہ ان سے (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

**زائدہ برائے اشتقاق** اس کو کہتے ہیں کہ ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بناتے وقت کوئی حرف زیادہ کیا جائے جیسے ضَرَبَ (ماضی) سے یَضْرِبُ (مضارع) بناتے وقت یا زیادہ کیا گیا ہے۔

**زائدہ برائے نقل باب :** اس کو کہتے ہیں ایک باب سے دوسرا باب بناتے وقت کوئی حرف زیادہ کیا جائے جیسے کَرُمَ (مجرد) سے اَکْرَمَ (مزید) بناتے وقت ہمزہ کا اضافہ کیا گیا ہے۔

**زائدہ برائے الحاق :** اس کو کہتے ہیں کہ ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ کے ہموزن کرتے وقت کسی حرف کا اضافہ کیا جائے جیسے جَلَبَ کو دَحْرَجَ کے ہموزن کرنے کی خاطر دوسری با بڑھا کر جَلْبَبَ کر دیا۔

**پہچان قسم اول :** جو زائد ماضی معلوم کے صیغہ واحد مذکر غائب میں نہ ہو جیسے ضَرَبْتُ میں تاء زائد ہے جو کہ ضَرَبَ میں نہیں۔

**پہچان قسم دوم :** جو حرف زائد صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مزید میں ہو اور اس کے مادہ مجرد میں نہ ہو، جیسے اَکْرَمَ (مزید) میں ہمزہ کَرُمَ (مجرد) سے زائد کیا گیا ہے۔

**پہچان قسم سوم :** اس کا کوئی خاص طریقہ نہیں کیونکہ اس کا تعلق زیادہ سماع سے ہے قیاس کو اس میں دخل نہیں زوائد اشتقاق اور زوائد نقل باب غرض معنوی کے لئے لائے جاتے ہیں اور زوائد الحاق غرض لفظی کے لئے لائے جاتے ہیں یعنی رعایتِ وزن وسجع۔ الحاق سے صرف وزن کی مطابقت مقصود ہوتی ہے۔

**فائدہ :** صرّاف کے ہاں زوائد میں سے زائد نقل باب اور زائد الحاق کا زیادہ اعتبار ہے۔

> وحرفِ اصلی در ثلاثی سہ است فا و عین و یک لام چون ضَرَبَ بروزنِ فَعَلَ وحرف اصلی در رباعی چہار است فا و عین و دو لام چون دَحْرَجَ بروزنِ فَعْلَلَ وحرفِ اصلی در خماسی پنج است فا و عین و سہ لام چون جَحْمَرِشٌ بروزنِ فَعَلِّلٌ۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) پہلے تین حرف ہوں جیسے سُلْطَانٌ بروزنِ فُعْلَانٌ

عدم النظیر : اگر ہم اس کلمہ کے جملہ حروف کو اصلی سمجھ کر وزن نکال لیں تو ایسا وزن حاصل ہو کہ عربی لغت میں اس جیسا اور کلمہ نہ ہو جیسے قَرَنْفُلٌ اس کے جملہ حروف اصلی تصور کرنے کے وقت اس کا وزن ہوگا، ......... فَعَلْلُلٌ جو کہ عربی لغت میں معدوم ہے تو لہٰذا معلوم ہوا کہ نون زائدہ ہے اب وزن ہوگا فَعَنْلُلٌ۔ یہ ایک درخت کا نام ہے۔

# تشریح

حرف اصلی ثلاثی میں تین ہیں فآ عینؔ ایک لآم اور رباعی میں چہار ہیں فآ، عینؔ، دو لآم اور خماسی میں پانچ ہیں فآ، عینؔ، تین لآم

**سوال :** رباعی اور خماسی میں لآم کو تکرار سے کیوں لائے فآ یا عینؔ کو تکرار سے کیوں نہیں لائے ؟

**جواب :** زیادتی ہمیشہ آخر میں ہوتی ہے تو لام آخر میں تھا اس لئے لآم کو تکرار سے لائے۔

ثلاثی بر دو قسم است، ثلاثی مجرّد و ثلاثی مزید فیہ۔ ثلاثی مجرّد آن است کہ بر سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ نہ بود چون ضَرَبَ بر وزنِ فَعَلَ و ثلاثی مزید فیہ آن است کہ بر سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چون اَکْرَمَ بر وزنِ اَفْعَلَ و رباعی نیز بر دو قسم است رباعی مجرد و رباعی مزید فیہ، رباعی مجرد آن است کہ بر چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ نہ بود چون دَحْرَجَ بر وزن فَعْلَلَ و رباعی مزید فیہ آن است کہ بر چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چون تَدَحْرَجَ بر وزن تَفَعْلَلَ خماسی نیز بر دو قسم است خماسی مجرّد و خماسی مزید فیہ، خماسی مجرد آن است کہ بر پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ نہ بود چون جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ خماسی مزید فیہ آن است کہ بر پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چون خَنْدَرِیْسٌ بروزنِ فَعْلَلِیْلٌ۔

# تشریح

**فائدہ :** فعل ثلاثی مجرد و ثلاثی مزید کا دار و مدار ماضی کے صیغہ........ واحد مزکر غائب پر ہے یعنی صیغہ واحد مزکر غائب ماضی کے تین حرف اصلی ہیں اور کوئی حرف زائد نہیں تو ساری گردان ثلاثی مجرد کہلائے گی جیسے ضَرَبَ اگر تین حرف اصلی سے اور کوئی حرف زیادہ ہے تو ساری گردان ثلاثی مزید کہلائے گی جیسے اَکْرَمَ کیونکہ زوائد اشتقاق

کا مجرد مزید کے مسئلہ میں کوئی اعتبار نہیں۔ رباعی مجرد و مزید کی شرح کو ثلاثی مجرد و مزید کی شرح پر قیاس کرو۔

**فائدہ :** فعلوں میں حروف اصلی و زوائد مل کر چھ تک[۱] ہو سکتے ہیں اور اسموں میں سات تک[۲] ہو سکتے ہیں۔

**فعل ثلاثی کی امثلہ :** ایک حرف زائد ہو جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ۔ دو حرف زائد ہوں جیسے تَضَارَبَ بروزن تَفَاعَلَ تین حرف زائد ہوں جیسے اِسْتَخْرَجَ بروزن اِسْتَفْعَلَ۔

**فعل رباعی کی امثلہ :** ایک حرف زائد ہو جیسے تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ دو حرف زائد ہوں جیسے اِحْرَنْجَمَ بروزن اِفْعَنْلَلَ۔

**اسم جامد ثلاثی کی امثلہ :** ایک حرف زائد ہو جیسے حِمَارٌ بروزن فِعَالٌ۔ دو حرف زائد ہوں جیسے سُلْطَانٌ بروزن فُعْلَانٌ تین حرف زائد ہوں جیسے قَلَنْسُوَةٌ بروزن فَعَنْلُوَةٌ۔

تین حرف اصلی اور چار زائد کی اسماء جامدہ میں مثال اب تک نظر سے نہیں گزری

**اسم جامد رباعی کی امثلہ :** ایک حرف زائد ہو جیسے صُنْدُوْقٌ بروزن فُعْلُوْلٌ دو حرف زائد ہوں جیسے عَنْكَبُوْتٌ بروزن فَعْلَلُوْتٌ تین زائد ہوں جیسے عَبُوْثَرَانِ بروزن فَعُوْلَلَانِ۔

**اسم جامد خماسی کی امثلہ :** ایک حرف زائد ہو جیسے خَنْدَرِيْسٌ بروزن فَعْلَلِيْلٌ دو حرف زائد ہوں جیسے اِصْطَفْلِيْنَ بروزن فِعْلَلِيْنَ بمعنی گاجر۔

**اوزان اسم جامد ثلاثی مجرد :** اسم جامد ثلاثی مجرد کے اوزان میں عقلی احتمالات بارہ[۱۲] تھے یعنی تین حرکتیں فا کلمہ میں ضمہ، فتحہ، کسرہ باقی سکون بوجہ ابتدا محال ہے اور عین کلمہ میں چار احتمالات ضمہ، فتحہ، کسرہ، سکون۔ لام کلمہ چونکہ محلِ اعراب ہے لہٰذا اس کے حرکت کا اعتبار نہیں۔ تو فا کلمہ کی تین احتمالوں کو عین

---

[۱] تنبیہ : کوئی فعل چھ حرف سے تجاوز نہیں کرے گا تائے تانیث، علامتِ تثنیہ و جمع وغیرہ غیر معتبر مانی گئی ہیں۔ پس اِسْتَخْرَجْتُ يَسْتَخْرِجَانِ يَسْتَخْرِجُوْنَ جیسے کلمات سے جو چھ حرف سے زائد پر مشتمل ہیں اعتراض وارد نہیں ہوگا ۱۲

[۲] جاننا چاہیئے کہ سات حروف سے مراد ماسوائے تا تانیث اور الف تانیث اور یا نسبت اور یا تصغیر اور علامتِ تثنیہ و جمع ہیں۔ لہٰذا مُسْتَخْرَجَاتٌ مُسْتَخْرَجَتَانِ جیسے کلمات سے کہ یہ آٹھ یا نو حرف تک پہنچ گئے ہیں کوئی اعتراض وارد نہ ہوگا ۱۲

کلمہ کی چار احتمالوں سے ضرب دینے سے بارہ احتمالات بنتے ہیں مگر استعمال میں دس ہیں وہ یہ ہیں :
فَعْلٌ جیسے فَلْسٌ (پیسہ) فَعَلٌ جیسے فَرَسٌ (اسپ) ، فَعِلٌ جیسے کَتِفٌ (شانہ)، فَعُلٌ جیسے عَضُدٌ (بازو)، فِعْلٌ جیسے حِبْرٌ، فِعَلٌ جیسے عِنَبٌ (انگور)، فِعِلٌ جیسے اِبِلٌ (اونٹ) فُعْلٌ جیسے قُفْلٌ (تالا)، فُعَلٌ جیسے صُرَدٌ (کنجشک)، فُعُلٌ جیسے عُنُقٌ (گردن)۔

دو احتمال بوجہ ثقل کے استعمال نہیں ہوئے وہ یہ ہیں : فُعِلٌ ضمہ فا وکسرہ عین، فِعُلٌ کسرہ فا ضمہ عین

**اوزان اسم جامد ثلاثی مزید فیہ** : ثلاثی مزید "اسم جامد" عند المحققین غیر محدود ہیں، صرف امام سیبویہؒ نے تین سو آٹھ (۳۰۸) بتلائے ہیں۔

**اوزان اسم جامد رباعی مجرّد** : اسم جامد رباعی مجرد کے اوزان باعتبار قیاس کے اڑتالیس (۴۸) وزن ہوتے ہیں اس لئے کہ فا کلمہ کی تین احتمال ہیں اور عین کلمہ کی چار احتمال پس تین کو چار سے ضرب دینے سے بارہ (۱۲) وزن ہوتے ہیں۔ اور پھر لام اول کے چار احتمال ہیں پس بارہ کو چار میں ضرب دینے سے اڑتالیس (۴۸) وزن ہوئے، لیکن استعمال میں پانچ وزن ہیں۔ فَعْلَلٌ جیسے جَعْفَرٌ (نام مردم)، فِعْلِلٌ جیسے زِبْرِجٌ (آرائش)، فُعْلُلٌ جیسے بُرْثُنٌ (پنجۂ شیر)، فِعْلَلٌ جیسے دِرْهَمٌ[1] (چاندی کا سکہ)، فِعَلٌّ جیسے قِمَطْرٌ (صندوق)۔

**اوزان اسم جامد رباعی مزید فیہ** : اسم جامد رباعی مزید کے اوزان کو محققین نے کثرت کی وجہ سے ضبط نہیں کیا ہے۔

**اوزان اسم جامد خماسی مجرّد** : اسم جامد خماسی مجرد میں عقلی احتمالات ایک سو بانوے (۱۹۲) ہیں وہ یوں کہ لام ثانی کے چار احتمالات رباعی مجرد کے اڑتالیس (۴۸) اوزان سے ضرب دینے سے ایک سو بانوے (۱۹۲) احتمالات ہوجاتے ہیں لیکن استعمال میں صرف چار اوزان ہیں۔ فَعَلَّلٌ جیسے سَفَرْجَلٌ (میوہ بہی)، فُعَلِّلٌ جیسے قُذَعْمِلٌ (شتر قوی)، فَعْلَلِلٌ جیسے جَحْمَرِشٌ (پیر زن - زن بدخو)، فِعْلَلٌّ جیسے قِرْطَعْبٌ (چیز قلیل)۔

**اوزان اسم جامد خماسی مزید فیہ** : اسم جامد خماسی مزید فیہ کے اوزان پانچ ہیں۔ فَعْلَلُولٌ جیسے

---

[1] یہ چاندی کا ایک سکہ ہے جس کا وزن تین ماشہ ایک رتی ایک بٹہ پانچ ہوتی ہے ۱۲ ع یہ ایک پرندہ ہے جسے لٹورا کہتے ہیں ۱۲

غَضْرَفُوْطٌ ، فُعَلِّيْل جیسے خُذَعْبِيْلٌ ، فِعْلَلُولٌ جیسے قِرْطَبُوْسٌ ، فَعَلَّلٰى جیسے
چھپکلی ۱۲ — باطل چیز ۱۲ — ناقۂ بزرگ و مصیبت ۱۲

قَبَعْثَرٰى ، فَعْلَلِيْلٌ جیسے خَنْدَرِيْسٌ ۔ دیگر اوزان شاذ ہیں۔
بچۂ شتر لاغر ۱۲ — پرانی شراب ۱۲

بدانکہ جملہ اقسامِ اسم وفعل از ہفت اقسام بیرون نیست ۔ بیت

صحیح ست ومثال ست ومضاعف ؛ لفیف وناقص ومہموز واجوف

صحیح آن است کہ مقابلہ فا وعین ولام اسم یا فعل حرف علت وہمزہ وتضعیف نہ بود چون ضَرَبَ ضَرْبٌ بروزن فَعَلَ فَعْلٌ، وحرفِ علت سہ ست واو ، الف ، یا ۔ چون جمع کنی وائے شود ۔ مہموز آن است کہ در وے ہمزہ مقابلِ فا یا عین یا لام اسم یا فعل بود وآن بر سہ قسم است مہموز الفاء و مہموز العین ومہموز اللام ۔ مہموز الفاء آن است کہ مقابلہ فا کلمۂ اسم یا فعل ہمزہ بود چون اَمَرٌ اَمَرَ بروزن فَعَلٌ فَعَلَ ومہموز العین آن است کہ در مقابلہ عین کلمۂ اسم یا فعل ہمزہ بود چون سَئَلٌ سَئَلَ بروزن فَعَلٌ فَعَلَ ، مہموز اللام آن است کہ در مقابلۂ لام کلمۂ اسم یا فعل ہمزہ بود چون قَرءٌ قَرَءَ بروزن فَعَلٌ فَعَلَ .

# تشریح

**قولہٗ اسم وفعل :** یہاں اسم سے مراد اسمائے متمکنہ اور فعل سے افعال متصرفہ ہیں یعنی اسماء متمکنہ ............ اور افعالِ متصرفہ باعتبارِ اقسامِ حروف سات قسم ہیں ۔

**اصول چار ہیں** ۱ صحیح ۲ معتل ۳ مضاعف ۴ مہموز **فروع دس ہیں :** ۱ مہموز الفاء ۲ مہموز العین ، ۳ مہموز اللام ۴ مثال ۵ اجوف ۶ ناقص ۷ مضاعف ثلاثی ۸ مضاعف رباعی ۹ لفیف مقرون ۱۰ لفیف مفروق ۔

**سوال :** اس تقسیم میں صرف اصول یا صرف فروع کا لحاظ کیوں نہیں کیا ، اصول کے ساتھ بعض فروع کو ذکر کر دیا ؟

**جواب :** مصنفؒ نے اصول کا لحاظ تو کیا ہے مگر معتل کے فروع کو بھی ذکر کر دیا کیونکہ یہ فروع استعمال میں اصول

کے مثل تھے اس لئے ان کو بھی اصول کا درجہ دیا

**صحیح :** وہ کلمہ ہے کہ جس کے فا، عین لام کے مقابلہ میں ہمزہ[۱] حرف علت دو حرف صحیح ایک جنس کے نہ ہوں جیسے ضَرَبَ ضَرْبٌ بروزن فَعَلَ فَعْلٌ

**وجہ تسمیہ صحیح :** صحیح کو صحیح اس لئے کہتے ہیں کہ صحیح کا معنی تندرست چونکہ یہ کلمہ حرفِ علت ہمزہ وغیرہ کی بیماریوں سے سالم ہوتا ہے اس لئے اس کو صحیح کہتے ہیں۔ اور اس کا دوسرا نام سالم ہے لیکن صحیح سالم سے عام ہے۔

**حرف علت :** حرف علت تین ہیں ۱ واو ۲ الف ۳ یا۔

**مہموز :** مہموز وہ کلمہ ہے کہ جس کے فا، عین، لام کے مقابلہ میں ہمزہ ہو۔ پھر مہموز تین قسم پر ہے :

(۱) مہموز الفا (۲) مہموز العین (۳) مہموز اللام۔

**مہموز الفا :** مقابلہ فا، کلمہ اسم یا فعل کے ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ اَمَرَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

**مہموز العین :** مقابلہ عین کلمہ اسم یا فعل کے ہمزہ ہو جیسے سَئْلٌ سَئَلَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

**مہموز اللام :** مقابلہ لام کلمہ اسم یا فعل کے ہمزہ ہو جیسے قَرْءٌ قَرَءَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

**وجہ تسمیہ مہموز :** مہموز کو مہموز اس لئے کہتے ہیں کہ مہموز کا معنی ہمزہ دیا ہوا چونکہ اس میں بھی ہمزہ ہوتا ہے اور مہموز کا معنی کوز پشت، چونکہ جس کلمہ میں ہمزہ ہوتا ہے اس کو ٹیڑھا کر دیتا ہے۔

> ومضاعف آن است کہ دو حرف اصلی او از یک جنس بود، مضاعف بر دو قسم است، مضاعف ثلاثی، مضاعف رباعی، مضاعف ثلاثی آن است کہ در مقابلہ عین ولام اسم وفعل دو حرف از یک جنس بود چون مَدٌّ و مَدَّ بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ کہ در اصل مَدْدٌ و مَدَدَ بود۔ ومضاعف رباعی آن است کہ در مقابلہ فا ولام اول عین ولام ثانی اسم وفعل دو حرف از یک جنس بود چون زَلْزَلَ زِلْزَالاً بروزن فَعْلَلَ فِعْلاَلاً۔

[۱] الف اور ہمزہ کا فرق : الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور بغیر جھٹکے کے ادا ہوتا ہے جیسے ضَارِبٌ اور ہمزہ تینوں حرکتوں کو قبول کرتا ہے اور ساکن بمع جھٹکے کے ادا ہوتا ہے جیسے اَمَرَ اُمِرَ سُئِلَ سَأَلَ ۱۲

# تشریح

**قولہ مضاعف :** وہ کلمہ ہے جس کے اندر دو حرف صحیح ایک جنس کے حروف اصلی کے مقابلہ میں ہوں
مضاعف کی دو قسمیں ہیں : (۱) مضاعف ثلاثی (۲) مضاعف رُباعی۔

**مضاعف ثلاثی :** وہ کلمہ ثلاثی ہے جس میں دو حرف صحیح ایک جنس کے حرف اصلی کے مقابلہ میں ہوں جیسے مَدٌّ مَدَّ بروزنِ فَعْلٌ فَعَلَ کہ اصل میں مَدْدٌ مَدَدَ تھے۔

**مضاعف رباعی :** وہ کلمہ رباعی ہے جس میں دو حرف صحیح ایک جنس کے حروف اصلی کے مقابلہ میں ہوں کے ہوں جیسے زَلْزَلَ زِلْزَالاً بروزن فَعْلَلَ فِعْلَالاً۔

**وجہ تسمیہ :** مضاعف کو مضاعف اس لئے کہتے ہیں کہ مضاعف کا معنی ہے دوگنا کیا ہوا چونکہ اس میں بھی دو حرف ایک جنس کے ہوتے ہیں اس مناسبت سے اس کو مضاعف کہا جاتا ہے۔

و مثال آن است کہ در مقابلہ فا کلمہ اسم یا فعل حرف علت بود چون وَعْدٌ وَعَدَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔ واجوف آن است کہ در مقابلہ عین کلمہ اسم یا فعل حرف علت بود چون قَوْلٌ و قَالَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ وناقص آن است کہ در مقابلہ لام کلمہ اسم یا فعل حرف علت بود چون رَمْیٌ رَمٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ و لفیف آن است کہ دو حرف اصلی او حرف علت باشند۔ ولفیف بر دو قسم است : لفیفٌ مقرون، لفیفٌ مفروق۔ لفیف مقرون آن است کہ در مقابلہ عین ولام اسم یا فعل حرف علت بود چون طَیٌّ وَطَوٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ولفیف مفروق آن است کہ در مقابلہ فا ولام کلمہ حرف علت بود چون وَشْیٌ وَشٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔

# تشریح

مثال : وہ کلمہ جس کے فاء کے مقابلہ میں حرف علت کا ہو۔ پھر مثال کی دو قسمیں ہیں (۱) مثال واوی (۲) مثال یائی

مثال واوی : وہ کلمہ جس کے فاء کے مقابلہ میں واؤ ہو جیسے وَعْدٌ وَعَدَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔

مثال یائی : وہ کلمہ جس کے فاء کے مقابلہ میں یاء ہو جیسے یَسْرٌ یَسَرَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔

وجہ تسمیہ : مثال کو مثال اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے معنی ہیں ہم مثل ہونا۔ تو یہ قلت تعلیل کی وجہ سے صحیح کی ہم مثل ہے۔ اس مناسبت سے اس کو مثال کہتے ہیں۔

سوال : مثال الفی کیوں نہیں لائے جبکہ الف بھی حروفِ علت میں سے ہے ؟

جواب : الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور ابتداء بالسکون محال ہے اس لئے مثال الفی ہو نہیں سکتا۔

اجوف : وہ کلمہ جس کے عین کے مقابلہ میں حرف علت ہو۔ پھر اجوف کی دو قسمیں ہیں (۱) اجوف واوی (۲) اجوف یائی

اجوف واوی : وہ کلمہ جس کے عین کے مقابلہ میں واؤ ہو جیسے قَوْلٌ قَوَلَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

اجوف یائی : وہ کلمہ جس کے عین کے مقابلہ میں یاء ہو جیسے بَیْعٌ بَیَعَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

وجہ تسمیہ : اجوف کو اجوف اس لئے کہتے ہیں کہ اجوف کا معنی ہے کھوکھلا چونکہ اس کلمہ کے درمیان (عین) میں حرف علت ہوتا ہے جو تعلیل سے گر جاتا ہے یا تبدیل ہو جاتا ہے۔ بہرحال حرف علت ثابت نہیں رہتا تو اس مناسبت کی وجہ سے اس کو اجوف کہتے ہیں۔

**ناقص** : وہ کلمہ جس کے لاؔم کے مقابلہ میں حرف علت ہو پھر ناقص دو قسم پر ہے (۱) ناقص واوی (۲) ناقص یائی

**ناقص واوی** : وہ کلمہ جس کے لاؔم کے مقابلہ میں واؤ ہو جیسے دَعْوٌ دَعَوَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

**ناقص یائی** : وہ کلمہ جس کے لام کے مقابلہ میں یاؔء ہو جیسے رَمْیٌ رَمٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

**وجہ تسمیہ** : ناقص کو ناقص اس لئے کہتے ہیں کہ ناقص کا معنی ہے نقص والا چونکہ لام کے مقابلہ میں حرف علت ہوتا ہے جو کہ تعلیل سے گر جاتا ہے یا تبدیل ہو جاتا ہے تو کلمہ میں نقص پیدا ہو جاتا ہے اس مناسبت کی وجہ سے اس کو ناقص کہتے ہیں ۔

**سوال** : اجوف الفی اور ناقص الفی کا ذکر کیوں نہیں کیا جبکہ الف بھی حروف علت میں سے ایک حرف ہے ۔

**جواب** : صاحب دستور المبتدی نے ایک قاعدہ لکھا ہے کہ افعال متصرفہ اور اسمائے متمکنہ میں الف اصلی کبھی نہیں ہوتا ہے بلکہ واؤ یا یاء سے تبدیل شدہ ہوتا ہے ۔ اجوف ناقص الفی ہو سکتے ہیں لیکن استعمال میں ملتے نہیں

**لفیف** : وہ کلمہ جس کے اندر دو حرف اصلی حرف علت کے ہوں پھر لفیف کی دو قسمیں ہیں (۱) لفیف مقرون (۲) لفیف مفروق ۔

**لفیف مقرون** : وہ کلمہ جس کے عیؔن و لاؔم کے مقابلہ میں دو حرف علت کے ہوں جیسے طَوْیٌ طَوٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

**لفیف مفروق** : وہ کلمہ جس کے فاء و لام کے مقابلہ میں دو حرف علت کے ہوں جیسے وَشْیٌ وَشٰی بروزن فَعْلٌ فَعَلَ

**وجہ تسمیہ** : لفیف کا معنی لپیٹا ہوا چونکہ حروف اصلی اس میں زیادہ حرف علت ہی ہوتے ہیں تو گویا کہ کلمہ حروف علت میں لپٹا ہوا ہے ۔

**سوال** : لفیف مقرون کی مذکورہ بالا تعریف وَیْلٌ یَوْمٌ جیسے کلمات پر صادق نہیں آتی باوجودیکہ یہ کلمات مقرون ہی ہیں ؟

**جواب** : لفیف مقرون کی مذکورہ بالا تعریف اکثری ہے کلی نہیں ۔ اصل میں تعریف یوں ہے کہ وہ کلمہ جس کے اندر دو حرف اصلی حرف علت کے ہوں بلا فصل یعنی حروف علت کے درمیان اور کوئی حرف نہ ہو پھر عام ہے فاؔ عیؔن کے مقابلہ میں ہوں جیسے وَیْلٌ یَوْمٌ باقی " فعل میں دو حرف علت فاؔ عیؔن کے مقابلہ میں نہیں آتے ہیں کذا فی شرح الشافیۃ " یا فاؔ عیؔن لاؔم کے مقابلہ میں ہوں جیسے نَوْیٌ بروزن فَعْلٌ

باز اسم بر دو قسم است اسم جامد، اسم مصدر۔ اسم جامد آن است کہ از وے چیزے اشتقاق کردہ نشود چون رَجُلٌ و فَرَسٌ واسم مصدر آن است کہ از وے چیزے اشتقاق کردہ شود در آخر معنیٰ پارسی آن دال ونون یا تا ونون باشد چون اَلضَّرْبُ زدن واَلْقَتْلُ کشتن۔

# تشریح

**باز اسم بر دو قسم است** یہ اسم متمکن کی تیسری تقسیم ہے باعتبار مشتق وغیر مشتق ہونے کے اور اس میں تین اقوال ہیں۔

**قول اول:** اسم دو قسم پر ہے (۱) جامد (۲) مصدر۔ وہ مشتق کو فعل کے تابع کرتے ہیں۔

**قول دوم:** اسم دو قسم پر ہے (۱) جامد (۲) مشتق۔ وہ مصدر کو مشتق کہتے ہیں۔

**قول سوم:** اسم تین قسم پر ہے (۱) جامد (۲) مصدر (۳) مشتق۔ عند المحققین یہی قول اصح ہے۔

**اسم جامد:** جو فعل کے لئے ماخذ نہ ہو اور وہ خود بھی مصدر سے نہ بنا ہو اور صرف ذات پر دلالت کرے جیسے رَجُلٌ بمعنی مرد۔

**اسم مصدر:** جو فعل کے لئے ماخذ ہو اور صرف صفت پر دلالت کرے جیسے ضَرْبًا بمعنی مارنا۔

**اسم مشتق:** جو مصدر سے بنا ہو بالواسطہ یا بلا واسطہ اور ذات مع الصفت پر دلالت کرے جیسے ضَارِبٌ بمعنی مارنے والا مَضْرُوْبٌ بمعنی مارا ہوا۔

بدانکہ عرب از ہر مصدر دوازدہ چیز را اشتقاق میکنند ماضی ومضارع واسم فاعل واسم مفعول وجحد ونفی وامر ونہی واسم زمان واسم مکان واسم آلہ واسم تفضیل۔ ماضی زمانہ گذشتہ را گویند، مضارع آیندہ را گویند اسم فاعل نام کنندۂ کار را گویند اسم مفعول نام کردہ شدہ را گویند، جحد انکار ماضی نفی انکار مستقبل امر فرمودن کارے نہی باز داشتن از کارے، اسم زمان نام وقت کردن کارے، اسم مکان جائے کردن کارے، اسم آلہ آنچہ کارے بوے کنند، اسم تفضیل نام بہتر کار کنندہ را گویند۔

# تشریح

**سوال :** مصنف نے فعل تعجب کا ذکر کیوں نہیں کیا ؟

**جواب :** (۱) وہ فعل غیر متصرف تھا اس لئے ذکر نہیں کیا (۲) القلیل کالمعدوم کے پیش نظر فعل تعجب کو حصر میں نہیں لایا باقی صغیر و کبیر میں طلباء عزیزان کی سہولت کے لئے مذکور ہے ۔

**فائدہ :** ہر مصدر سے بارہ چیزوں کے اشتقاق کی بات صرف مبتدیوں کی سہولت کے لئے ہے وگرنہ حقیقت یہ ہے کہ ثلاثی مجرد سے آٹھ چیزیں، تین فعل پانچ اسماء یعنی ماضی، مضارع، امر، اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم تفضیل ۔ اور غیر ثلاثی مجرد سے چھ چیزیں تین فعل تین اسم یعنی ماضی، مضارع امر۔ اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف کی اشتقاق کی جاتی ہیں

| |
|---|
| **باب اوّل** صرف صغیر ثلاثی مجرّد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ چون اَلضَّرْبُ زدن الخ |

**قولہ باب** باب کا لغوی معنی دروازہ، اصطلاحی معنی گروہ الفاظ۔ جس طرح دنیا میں کسی خاص گروہ پر جن کا آپس میں تعلق ہو خاندان، قوم کا اطلاق ہوتا ہے اسی طرح علم الصرف میں وہ کلمات جو ایک ماخذ سے مشتق ہوں اور ان کی آپس میں لفظی و معنوی مناسبت بھی ہو تو ان پر لفظِ باب کا اطلاق ہوتا ہے۔

**قولہ اول** ثلاثی مجرّد میں اوّلیت کسی باب کی خاصیت نہیں بلکہ جو باب صحیح میں زیادہ مستعمل ہے اس کو پہلا باب کہا گیا، جو مثال میں زیادہ مستعمل تھا تو اس کو وہاں پہلا باب کہا گیا

**قولہ صرف** بمعنی گردان، قولہ صغیر۔ وہ ہے جس میں ایک صیغہ معلوم کا اور ایک صیغہ مجہول کا ہو۔

**سوال :** آپ نے فرمایا کہ صغیر وہ ہے جس میں ایک صیغہ معلوم کا اور ایک صیغہ مجہول کا ذکر ہو تو پھر ضَرْبًا کو دو دفعہ کیوں ذکر کیا ہے ؟

**جواب :** ضَرْبًا (مصدر) کو دو دفعہ ذکر کر کے اس طرف اشارہ کیا کہ مصدر بھی معلوم و مجہول ہوتا ہے پہلے ضَرْبًا کا معنی مارنا دوسرے ضَرْبًا کے معنی مارا جانا

**سوال :** ضَارِبٌ سے پہلے فَهُوَ اور مَضْرُوْبٌ سے پہلے فَذَاكَ اور اَلْاَمْرُ کے بعد مِنْهُ وغیرہ

کیوں لائے گئے ہیں ؟

**جواب :** ربط معنوی کی خاطر گویا کہ کہنے والا خبر دے رہا ہے کہ اس مرد نے مارا اور مارتا ہے۔ پس وہ مارنے والا ہے اور مارا گیا، مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا پس وہ مارا گیا۔ صیغہ امر اس باب سے اِضْرِبْ ہے اور نہی اس باب سے لَاتَضْرِبْ ہے۔ لفظ مِنْہُ چونکہ امر میں آچکا ہے لہٰذا فہمِ متعلم پر اعتماد کرتے ہوئے مزید وضاحت کی ضرورت نہیں۔

**سوال :** اسم فاعل سے پہلے فَهُوَ اور اسم مفعول سے پہلے فَذَاكَ کیوں لائے اس کے برعکس کیوں نہ لائے۔

**جواب :** ذَاكَ اسم اشارہ بعید کے لئے ہے اور مفعول فعل سے بنسبت فاعل کے بعید ہوتا ہے تو اس مناسبت کی وجہ سے اسم مفعول کے ساتھ ذَاكَ اور اسم فاعل کے ساتھ هُوَ لائے۔

**فائدہ :** اسمائے مشتقہ یعنی اسم فاعل و اسم مفعول وغیرہما کے کل چھ قیاسی صیغے ہیں تین مذکر تین مؤنث کے لئے۔ ان میں غائب مخاطب متکلم پر دلالت نہیں ہوتی کیونکہ صیغہ صفت کا ذات مبہم پر دلالت کرتا ہے اور غائب وغیرہ ذات معین پر دلالت کرتے ہیں۔ باقی مکبر اور تصغیر کے صیغے سماع پر موقوف ہیں ان کے لئے کوئی قاعدہ نہیں۔

**فائدہ :** اسم ظرف و اسم آلہ میں تذکیر تانیث نہیں ہوتی کیونکہ جگہ اور وقت اور آلہ مذکر و مؤنث نہیں ہوا کرتے ہیں۔

**فائدہ :** تعلیل کے اعتبار سے فعل اصل ہے اور مصدر اس کی فرع ہے اور اشتقاق کے اعتبار سے مصدر اصل ہے اور فعل اس کی فرع ہے۔

قوانین کے پڑھنے سے پہلے چند فوائد کا معلوم کرنا ضروری ہے۔ **فائدہ اول** لفظ قانون غیر عربی لفظ ہے[۱] **لغت** میں قانون کہتے ہیں مسطر الکتاب کو یعنی وہ آلہ جس سے سطریں سیدھی کی جائیں۔ **اصطلاح** میں قاعدۃ کُلِّیَۃٌ مُنْطَبِقَۃٌ عَلٰی الجَمِیْعِ جُزْئِیَّاتِ مَوْضُوْعِہَا یعنی وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے موضوع کی تمام جزئیات پر ہر جگہ سچّا آئے جیسا کہ نحو کا قاعدہ ہے فاعل کا مرفوع ہونا یعنی فاعل جہاں بھی ہوگا مرفوع ہوگا۔

**فائدہ دوم** جب بھی قانون کا نام لیا جائے گا تو اس کی اتفاقی مثال سے لیا جائیگا یعنی جو اس کی اتفاقی مثال ہے وہ اس قانون کا نام ہے

**فائدہ سوم** حکم[ع] دو قسم پر ہے (۱) وجوبی (۲) جوازی۔ **حکم وجوبی** وہ ہے جس پر صرف ایک طریقہ سے عمل کیا جائے۔ **حکم جوازی** وہ ہے جس پر متعدد طرق سے عمل کیا جائے۔ **فائدہ چہارم** شرط[عہ] دو قسم پر ہے (۱) وجودی (۲) عدمی۔ **وجودی** وہ شرط ہے جس کا ہونا ضروری ہو **عدمی** وہ شرط ہے جس کا نہ ہونا ضروری ہو۔ پھر ہر ایک ان میں سے دو قسم پر ہے (۱) وجودی کامل (۲) وجودی ناقص (۳) عدمی کامل (۴) عدمی ناقص۔ **وجودی کامل** فقط ایک شرط کی موجود ہونے سے حکم قانون جاری ہو جائے۔ **وجودی ناقص** فقط ایک شرط کے موجود ہونے سے حکم قانون جاری نہ ہو۔ **عدمی کامل** فقط ایک شرط کے نہ ہونے سے حکم قانون جاری ہو جائے **عدمی ناقص** چند شرائط نہ ہونے کے بعد حکم قانون جاری ہو۔

---

[۱] مناسبتِ لغوی و اصطلاحی معنی کے درمیان جس طرح مسطر سے سطور ٹیڑھے ہونے سے محفوظ رہتے ہیں اسی طرح انسان بھی قانون کے ذریعے سے صیغہ میں غلطی کرنے سے محفوظ رہتا ہے [ع] ۔ ھُوَ اَثَرٌ مُرَتَّبٌ عَلٰی الشَّیْئِ ۱۲
[عہ] اَلشَّرْطُ مَا یَتَوَقَّفُ عَلَیْہِ وُجُوْدُ الشَّیْئِ ۱۲

**فائدہ پنجم :** مثال کی دو قسمیں ہیں (۱) احترازی (۲) اتفاقی۔ **مثال احترازی** وہ ہے جس میں شرط گم ہو۔ **مثال اتفاقی** وہ ہے جس میں شرط پائی جائے۔

**قانون : اجتماع دو علامتِ تانیث در فعل مطلقاً ممنوع است و در اسم وقتیکہ از یک جنس باشد۔**

اس قانون کا نام ہے ضَرَبْنَ کا پہلا قانون اس کے لئے ایک حکم ہے فعل کے لئے ایک شرط اور اسم کے لئے دو شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ دو علاماتِ[1] تانیث میں سے ایک کا حذف کرنا واجب ہے۔
**فعل کی شرط** یہ ہے کہ دو علامات تانیث کی جمع ہوں۔ مطلقاً احترازی مثال ضَرَبَتْ یہاں ایک علامت تانیث ہے۔ اتفاقی مثال ضَرَبْتْنَ ایک علامت تانیث کو حذف کر کے ضَرَبْنَ پڑھنا واجب ہے۔
**اسم کی پہلی شرط** یہ ہے کہ دو علاماتِ تانیث ہوں۔ احترازی مثال ضَارِبَةٌ یہاں ایک علامت تانیث ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ دو علامت ایک جنس کی ہوں۔ احترازی مثال ضُرْبَيَاتٌ یہاں یا الف سے بدل ہے اور تا کی جنس سے نہیں۔ اتفاقی مثال ضَارِبَتَاتٌ سے ضَارِبَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔
**اعتراض :** اثنتا عشرۃ کے اندر دو علامات از یک جنس موجود ہیں اور حکماً کلمہ بھی ایک ہے قانون کیوں جاری نہیں کیا گیا؟ **جواب :** اِثْنَتَا اصل میں اثنیا تھا حقیقت میں یا ہے عارضی طور پر اسے تا کر دیا گیا ہے عارضی چیز کا کوئی اعتبار نہیں

**(۲) قانون : اجتماع اربع حرکات متوالیات در یک کلمہ و حکم وے ممنوع است**

اس قانون کا نام ضَرَبْنَ کا دوسرا قانون اس کے لئے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ ایک

---

[1] علاماتِ تانیث نزد صرفیان آٹھ ہیں چار فعل میں، چار اسم میں فعل یہ چار ہیں (۱) تا ساکنہ جیسے ضَرَبَتْ (۲) نون مفتوحہ جیسے ضَرَبْنَ، تا متحرکہ مکسورہ جیسے ضَرَبْتِ (۴) یا ساکنہ جیسے تَضْرِبِيْنَ۔ اسم میں یہ چار ہیں (۱) الف مقصورہ زائدہ جیسے حُبْلٰی (۲) الف ممدودہ زائدہ جیسے حَمْرَاءُ (۳) تا متحرکہ جیسے ضَارِبَةٌ (۴) تا مقدرہ جیسے اَرْضٌ کہ اصل میں اَرْضَةٌ تھا۔ شافیہ۔ [2] سوال دو علاماتِ تانیث میں تا کو حذف کیا نون کو حذف کیوں نہیں۔ **جواب :** اگر نون کو حذف کرتے تو واحدہ مؤنثہ سے التباس ہوتا۔ ف مفرد کی تائے تانیث الف و تا کی جگہ میں گر جاتی ہے تاکہ ایک شے پر دو علامتوں کا جمع ہونا لازم نہ آئے جیسے کہ ضَارِبَةٌ کی تا ضَارِبَاتٌ میں گر گئی۔

حرکت کا حذف کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ چار حرکات ہوں۔ احترازی مثال ضَرَبَ ۔یہاں تین حرکات ہیں دوسری شرط یہ ہے کہ پے در پے ہوں یعنی ان کے درمیان کوئی ساکن نہ ہو۔ احترازی مثال تَدَحْرَجَ یہاں حا درمیان میں ساکن ہے تیسری شرط یہ ہے کہ چار حرکات ایک کلمہ میں ہوں خواہ حقیقتاً[1] ایک کلمہ ہو یا حکماً۔ احترازی مثال ضَرَبَكَ یہ نہ حقیقت میں ایک کلمہ ہے نہ حکماً۔ اتفاقی مثال حقیقۃ کی دَحْرَجَ سے دَحْرَجَ حکماً کی ضَرَبْنَ سے ضَرَبْنَ پڑھنا واجب ہے۔

**اعتراض :** ضَرَبَۃٌ میں جملہ شرائط کے موجود ہونے کے باوجود حکم قانون جاری کیوں نہیں ہوا ؟

**جواب :** ضَرَبَۃٌ میں تا کی حرکت عارضی ہے کیونکہ بوقتِ وقف ھا بن کر ساکن ہو جاتی ہے۔

**اعتراض :** عُلَبِطٌ (گوسفند) هُدَبِدٌ (شیرخفتہ) میں قانون کیوں جاری نہیں ہوا

**جواب :** اصل ہیں علَابِطٌ هُدَابِدٌ تھے الف درمیان میں ساکن ہے بوجہ خفت حذف کی گئی ہے

(٣) **قانون:** ہر واوے کہ واقع شود در آخر اسم غیر متمکن ماقبلش مضموم آں را حذف و ماقبلش را ساکن می کنند وجوباً مگر واو وَهُوَ

اس قانون کا نام ہے ضَرَبْتُمْ اَنْتُمْ کا اس کے لئے ایک حکم اور چھ شرطیں ہیں۔ حکم یہ ہے کہ واو کو حذف اور ماقبل کو ساکن کرنا واجب ہے۔

پہلی شرط یہ ہے کہ واوٗ ہو۔ احترازی مثال ہُمَا یہاں یا ہے دوسری شرط یہ ہے کہ واوٗ آخر میں۔ احترازی مثال اَنْزَلْتُمُوْهُ تیسری شرط یہ ہے کہ اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال يَدْعُوْ یہاں فعل کے آخر میں ہے چوتھی شرط یہ ہے کہ اسم بھی غیر متمکن[2] ہو۔ احترازی مثال اَدْلُوٌ یہ اسم متمکن ہے۔

---

[1] کلمہ دو قسم پر ہے حقیقی حکمی۔ کلمہ حقیقی وہ ہے جس کو واضع نے ایک معنی کے لیے وضع کیا ہو جیسے دَحْرَجَ۔ کلمہ حکمی وہ ہے جس کو واضع نے ایک معنی کے لیے وضع نہ کیا ہو بلکہ ہر ایک کلمہ کو جدا جدا معنی کے لیے وضع کیا ہو لیکن ان کا آپس میں اتصال اتنا شدید ہو کہ وہ حکماً ایک کلمہ کہا جائے کبھی بھی جدا نہ ہوں جیسے ضَرَبْنَ کہ ضَرَبَ فعل اور نون فاعل ہے۔ فعل فاعل کے درمیان اتصال شدید ہے۔

[2] اسم دو قسم پر ہے متمکن اور غیر متمکن۔ متمکن وہ ہے کہ عامل کے عمل کو قبول کرے۔ یہ معرب ہوتا ہے۔ غیر متمکن وہ ہے کہ عامل کے عمل کو قبول نہ کرے یہ مبنی ہوتا ہے۔

پانچویں شرط یہ ہے کہ واؤ کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال ضَرَبْتُوْ چھٹی شرط یہ ہے کہ وہ کلمہ صالح بناء سے کم نہ ہو۔ احترازی مثال هُوَ یہ صالح بناء سے کم ہے۔ صالح بنا اسم و فعل وہ ہے جس کے حروف بوقت وضع کم از کم تین ہوں۔ اتفاقی مثال ضَرَبْتُمُوْا اَنْتُمُوْ سے ضَرَبْتُمْ اَنْتُمْ پڑھنا واجب ہے۔

(۴) **قانون** در ہر ماضی مجہول حروفِ متحرکہ را حرکت ضمہ و ماقبل آخر را کسرہ باقی را برحال خود می دانند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے ماضی مجہول کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور ایک شرط ہے۔ **حکم** یہ ہے کہ حروفِ متحرکہ کو حرکت ضمہ ماقبل آخر کو کسرہ باقی کو اپنے حال پر چھوڑنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ ماضی معلوم سے ماضی مجہول بنانے کا ارادہ ہو۔ احترازی مثال ضَرَبَ جبکہ ماضی مجہول بنا کرنے کا ارادہ نہ ہو۔ اتفاقی مثال ضَرَبَ اِحْدَوْدَبَ سے ضُرِبَ اُحْدُوْدِبَ پڑھنا واجب ہے۔

نوٹ: یہ قانون جامع ہے جملہ ابواب کے لیے۔

(۵) **قانون** در ہر مضارع مجہول بر حرف اول ضمہ و ماقبل آخر را فتحہ خواندن واجب است۔

اس قانون کا نام مضارع مجہول کا قانون، اس کے لیے ایک حکم اور ایک شرط ہے۔ **حکم** یہ ہے کہ حرفِ اول پر ضمہ ماقبل آخر پر فتحہ پڑھنا واجب ہے۔ شرط یہ ہے کہ مضارع معلوم سے مضارع مجہول بنانے کا ارادہ ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبُ جبکہ مضارع مجہول بنانے کا ارادہ نہ ہو۔ اتفاقی مثال یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ، یَعْلَمُ سے یُعْلَمُ، یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ پڑھنا واجب ہے۔

(۶) **قانون** در ہر اسم فاعل ثلاثی مجرد غالبًا بروزن فَاعِلٌ می آید و از غیر ثلاثی مجرد بروزن فعل مضارع معلوم آن باب می آید بآوردن میم مضمومہ بجائے حرف اتین وکسرہ دادن ماقبل آخر را اگر بنا شد تنوین تمکن در آخرش در آرند وجوبًا

اس قانون کا نام ہے اسم فاعل کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کیلئے ایک ایک شرط۔ پہلا حکم یہ ہے کہ اسم فاعل کو فَاعِلٌ کے وزن[1] پر غالبًا پڑھنا واجب ہے۔ شرط یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کا باب ہو۔ احترازی مثال یُکْرِمُ یُدَحْرِجُ۔ اتفاقی مثال یَضْرِبُ سے ضَارِبٌ پڑھنا واجب ہے۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ اسم فاعل کو اسی باب کے مضارع معلوم کے وزن پر پڑھنا واجب ہے تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ وہ یہ کہ حرف مضارع کی جگہ میم مضمومہ ما قبل آخر کو کسرہ آخر میں تنوین تمکن علامت اسمیت کی لانا۔ شرط یہ ہے کہ باب ثلاثی مجرد کا نہ ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبُ اتفاقی مثال یُصَرِّفُ یُدَحْرِجُ سے مُصَرِّفٌ مُدَحْرِجٌ پڑھنا واجب ہے۔

(۷) **قانون**: ہر مدہ زائدہ کہ واقع شود در مکبر بدوم جا وقت بنا کردن جمع اقصیٰ و تصغیر آن را بواو مفتوحہ بدل کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے مدّہ زائدہ کا قانون۔ اس کے سمجھنے سے پہلے ایک مقدمہ کا جاننا ضروری ہے مقدمہ میں تین فائدے ہیں: **فائدہ اول** واؤ کہتی ہے کہ میرا ما قبل مضموم ہو۔ الف کہتا ہے کہ میرا ما قبل مفتوح ہو۔ یا کہتی ہے کہ میرا ما قبل مکسور ہو۔ ان تینوں حرفوں کو کبھی کبھی مدّہ سے اور کبھی کبھی لین سے اور کبھی کبھی علت تام سے تعبیر کرتے ہیں **مدّہ** ان کو اس وقت کہیں گے جب یہ حروف ساکن حرکت ما قبل کی موافق ہو، جیسے اُوْتِیْنَا۔ **لین** ان کو اس وقت کہیں گے جب یہ حروف ساکن حرکت ما قبل کی مخالف ہوں جیسے خَوْفٌ سَیْفٌ۔ **علت تام** ان حروف کی ہر حالت کو کہیں گے چاہے ساکن ہو یا متحرک، ما قبل کی حرکت موافق ہو یا مخالف۔ **فائدہ دوم** جمع اقصیٰ وہ جمع مکسر ہے جس سے اور جمع بنانا نہ ہو سکے، اس کو جمع منتہی الجموع اور جمع الجموع کہتے ہیں جیسے اَقْوَالٌ یہ جمع مکسر ہے قَوْلٌ کی پھر اس جمع کی جمع اَقَاوِیْلُ ہے۔ جمع اقصیٰ کے بنانے کا طریقہ پہلے دو حرف مفتوح تیسری جگہ پر الف علامت اقصیٰ کی لائیں گے۔ اگر الف کے بعد دو حرف ہیں تو پہلا مکسور دوسرا اپنے حال پر رہے گا۔

---

[1] اسم فاعل ثلاثی مجرد سے اکثر فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ کبھی کبھی غیر فاعِلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جب کہ مبالغہ کے معنی کے لیے ہو جیسے عَلِمَ یَعْلَمُ سے عَلِیْمٌ یہ صفت مشبہ نہیں بلکہ اسم فاعل مبالغہ کے معنی کے لیے ہے کیونکہ یہ متعدی باب ہے، صفت مشبہ لازمی باب سے آتا ہے۔ [2] الف ہمیشہ مدّہ ہوتا ہے۔

کیونکہ وہ محلِ اعراب ہے جیسے[1] مِضْرَبٌ سے مَضَارِبُ۔ اگر الف اقصٰی کے بعد تین حرف ہوئے تو پہلا مکسور دوسرا ساکن تیسرا اپنے حال پر رہے گا جیسے[2] مَضْرُوْبٌ سے مَضَارِیْبُ۔ جمع اقصٰی کے اوزان یہ ہیں: مَفَاعِیْلُ مَفَاعِلُ اَفَاعِیْلُ اَفَاعِلُ فَوَاعِلُ۔

**فائدہ سوم:** تصغیر۔ تصغیر کہتے ہیں وہ کلمہ جس کے اندر تبدیلی کی جائے بغرض حصول معنی پیار، قلت، حقارت، شفقت وغیرہ جیسے قُرَیْشٌ، رُجَیْلٌ، ضُوَیْرِبٌ، بُنَیٌّ۔ صیغہ تصغیر بنانے کا طریقہ یہ ہے حرفِ اول پر ضمہ، دوسرے پر فتحہ، تیسری جگہ پر یائے ساکن علامتِ تصغیر لائیں گے۔ اگر یا کے بعد ایک حرف ہے تو اپنے حال پر رہے گا جیسے رَجُلٌ سے رُجَیْلٌ اگر یا کے بعد دو حرف ہوں گے تو پہلا مکسور دوسرا اپنے حال پر رہے گا۔ جیسے مِضْرَبٌ سے مُضَیْرِبٌ[3] اگر یا ساکن کے بعد تین حرف ہوں گے تو پہلا مکسور، دوسرا ساکن، تیسرا اپنے حال پر رہے گا جیسے مَضْرُوْبٌ[4] سے مُضَیْرِیْبٌ اگر کوئی مانع ہوا تو اس کے خلاف واقع ہوگا جیسے ضُرْبٰی سے ضُرَیْبٰی اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں **حکم** یہ ہے کہ مدہ کو واؤ مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ مدّہ ہو احترازی۔ مثال: قَوْلٌ بَیْعٌ یہ لین ہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ مدّہ بھی زائد ہو۔ احترازی مثال بَابٌ بِیْرٌ بُوْسٌ۔ یہ اصلی ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ مکبر میں ہوں یعنی اسم میں۔ احترازی مثال ضَارَبَ ضُوْرِبَ یہ فعل ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ مدّہ دوسری جگہ پر ہو۔ احترازی مثال ضُرْبٰی مَضْرُوْبٌ شَرِیْفٌ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ جمع اقصٰی و صیغہ مصغر بنانے کا ارادہ ہو۔ احترازی مثال ضَارِبٌ ضَارِبَۃٌ

---

[1] مِضْرَبٌ جب اس کی جمع اقصٰی بنائیں گے تو پہلے دو حرف کو فتح یعنی میم ضاد کو تو مَضَرْبٌ ہو جائے گا۔ بعدہٗ سیوم جا الف علامت جمع اقصٰی کی لائیں گے تو مَضَارْبٌ۔ الف کے بعد دو حرف تھے تو پہلے (را) کو کسرہ دے کر مَضَارِبُ پڑھیں گے۔ ۱۲

[2] مَضْرُوْبٌ جب اس کی جمع اقصٰی بنائیں گے تو پہلے دو حرف کو فتح یعنی میم ضاد کو، تیسری جگہ الف علامت جمع اقصٰی لائیں گے تو مَضَارُوْبٌ ہوا۔ الف کے بعد تین حرف تھے تو پہلے (را) کو کسرہ، دوسرے (واؤ) کو سکون، پھر میعاد کی قانون سے مَضَارِیْبُ پڑھیں گے۔

[3] مِضْرَبٌ جب اس کی تصغیر بنائیں گے تو حرفِ اوّل میم پر ضمہ، دوم (ضاد) پر فتح، تیسری جگہ یا ساکن لائے یا کے بعد دو حرف تھے پہلے (ر) کو کسر، دوسرے (ب) کو اپنے حال پر چھوڑیں گے تو مُضَیْرِبٌ ہو جائے گا۔

[4] مَضْرُوْبٌ جب اس کی تصغیر بنائیں گے تو حرف اول (میم) پر ضمہ، دوم (ضاد) پر فتحہ، تیسری جگہ یا ساکن علامتِ تصغیر لائے تو مُضَیْرُوْبٌ ہوا پھر یا کے بعد والے حرف (را) پر کسرہ، بعدہٗ بقانون مِیْعَادٌ مُضَیْرِیْبٌ ہوا۔ ۱۲

اتفاقی مثال الف مدہ کی ضَارِبَۃٌ سے ضَوَارِبُ مُوَیرِبَۃٌ یا مدہ کی ضِیرَابٌ سے ضَوَارِیبُ ضُوَیرِیبٌ واو مدہ[1] کی طُومَارٌ سے طَوَامِیرُ طُوَیمِیرٌ۔

(باب تفاعل کا مصدر ہے بروزن فِعَالٌ)

سوال : الف اور یا کو تو واو سے تبدیل کیا جا سکتا ہے لیکن واو کو واو سے کیسے تبدیل کیا جائے گا؟

جواب : تبدیلی دو قسم کی ہے۔ ایک ذات میں، دوسری وصف میں۔ ذات میں تبدیلی کہتے ہیں ایک حرف کو دوسرے حرف سے تبدیل کرنا جیسے الف مدہ یا مدہ کو واو مفتوحہ سے۔ وصف میں تبدیلی کہتے ہیں حرف کی ایک حالت کو دوسری حالت سے تبدیل کرنا جیسے واو مدہ کی سکون کو فتحہ سے

| | |
|---|---|
| ۸ | قانون : ہر اسم مفعول از ثلاثی مجرد بروزن مَفْعُولٌ می آید واز غیر ثلاثی مجرد بروزن فعل مضارع مجہول می آید باوردن میم مضمومہ بجائے حرف اتین، تنوین تمکن در آخرش در آرند وجوبًا۔ |

اس قانون کا نام ہے اسم مفعول کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کے لیے ایک شرط۔ پہلا حکم یہ ہے کہ اسم مفعول کو مَفْعُولٌ کے وزن پر آئے گا وجوبًا۔ شرط یہ ہے کہ باب ثلاثی مجرد کا ہو۔ احترازی مثال یُکْرِمُ۔ اتفاقی مثال یَضْرِبُ سے مَضْرُوبٌ۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ اسم مفعول کو اسی باب کے فعل مضارع مجہول کے وزن پر پڑھنا واجب ہے تھوڑی سی تبدیلی سے حرف اتین کی جگہ میم مضمومہ آخر میں تنوین لائیں۔ شرط یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کا باب نہ ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبُ اتفاقی مثال یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔ یُدَحْرَجُ سے مُدَحْرَجٌ۔

| | |
|---|---|
| ۹ | قانون : ہر نون تنوین وقت دخول الف لام واضافت ونون تثنیہ وجمع در وقت اضافت حذف کردہ شود وجوبًا |

اس قانون کا نام ہے نون تنوین وتثنیہ جمع کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم تین شرائط کا مل ہیں۔ حکم یہ ہے کہ نون تنوین، نون تثنیہ وجمع کا حذف کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ جس کلمہ کے آخر میں نون تنوین ہے

---

[1] انجاد الصرف والے نے فرمایا ہے کہ واو میں یہ شرط درست نہیں کہ مدہ ہو بلکہ عام ہے جیسے جَوْهَرٌ کَوْکَبٌ یا قَوْلٌ نُورٌ سے قُوَیلٌ نُوَیرٌ۔ جَوَاهِرُ کَوَاکِبُ ۱۲

اس کے اول میں الف لام داخل ہو۔ احترازی مثال حَمْدٌ اتفاقی مثال اَلْحَمْدُ دوسری شرط یہ ہے کہ جس کلمہ کے آخر میں نون تنوین ہے اس کی اضافت دوسرے کلمہ کی طرف ہو۔ احترازی مثال غُلَامٌ اتفاقی مثال غُلَامُ زَیْدٍ نون تثنیہ جمع کی شرط یہ ہے کہ جس کلمہ میں نون تثنیہ جمع ہے اس کی اضافت دوسرے کلمہ کی طرف ہو۔ احترازی مثال ضَارِبَانِ ضَارِبُوْنَ اتفاقی مثال ضَارِبَا زَیْدٍ ضَارِبُوْ زَیْدٍ۔

| | |
|---|---|
| **قانون** : ہر نون تنوین کہ ماقبلش مفتوح است در حالت وقف آن را با الف بدل کردن کثیر و ساقط کردن قلیل است و اگر ماقبلش مضموم یا مکسور است در حالتِ وقف آن را بحرفِ علت بدل کردن قلیل و ساقط کردن کثیر است۔ | ۱۰ |

اس قانون کا نام ہے نون تنوین کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں ہر ایک حکم کے لیے تین تین شرطیں ہیں **پہلا حکم** یہ ہے کہ نون تنوین کو الف سے بدلنا اکثر ہے، ساقط کرنا قلیل ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ نون تنوین ہو۔ احترازی مثال ضَارِبَانِ یہ نون تثنیہ ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ نون تنوین کا ماقبل مفتوح ہو۔ احترازی مثال غَفُوْرٌ اِلٰی حِیْنٍ یہاں ماقبل مضموم و مکسور ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی ہو۔ احترازی مثال حَکِیْمًا الَّذِیْ یہاں حالت وقف نہیں۔ اتفاقی مثال حَکِیْمًا کو حَکِیْمَا پڑھنا کثیر اور حَکِیْمْ پڑھنا قلیل ہے **دوسرا حکم** یہ ہے کہ نون تنوین کو حرفِ علت سے تبدیل کرنا قلیل ہے اور ساقط کرنا کثیر ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ نون تنوین ہو۔ احترازی مثال ضَارِبَانِ یہ تثنیہ ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ نون تنوین کا ماقبل مضموم یا مکسور ہو۔ احترازی مثال حَکِیْمًا۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی ہو۔ احترازی مثال قَدِیْرُنِ الَّذِیْ یہاں حالت وقف نہیں۔ اتفاقی مثال غَفُوْرٌ اِلٰی حِیْنٍ کو غَفُوْرُوْ اِلٰی حِیْنِیْ پڑھنا قلیل اور غَفُوْرْ اِلٰی حِیْنْ پڑھنا کثیر ہے۔

---

؎ اگر کلمہ کے آخر میں تا تانیث خالص اسمیہ زائدہ ہے تو اس کو وقف کی حالت میں ھا سے تبدیل کرنا واجب ہے جیسے رَحْمَةٌ مُسْلِمَةٌ کو رَحْمَهْ مُسْلِمَهْ پڑھنا واجب ہے۔ نوادر فیوضِ صرف بھترال۔ اتحاد

(۱۱) **قانون** : ہر نون خفیفہ ما قبل او مضموم یا مکسور باشد در حالتِ وقف بیفتد و محذوف باز آید وجوباً و گرنہ بالف مبدّل شود ۔

اس قانون کا نام ہے نون خفیفہ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ ہر حکم کے لیے دو[۱] شرطیں ہیں۔
**پہلا حکم** یہ ہے کہ نون خفیفہ کو گرا کر محذوف شدہ حرف کو واپس لانا واجب ہے۔ **پہلی شرط** نون خفیفہ کا ماقبل مضموم یا مکسور ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبَنْ یہاں مفتوح ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبُنْ بَکْرًا اِضْرِبِنْ بَکْرًا یہاں وقف بکر کی را پر ہے۔ **اتفاقی مثال** اِضْرِبُنْ۔ اِضْرِبِنْ نون خفیفہ کو حذف کر کے محذوف شدہ حرف کو واپس لا کر اِضْرِبُوْا اِضْرِبِیْ پڑھنا واجب ہے۔
**دوسرا حکم** یہ ہے کہ نون خفیفہ کو الف سے تبدیل کرنا جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ نون خفیفہ کا ماقبل مفتوح ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبُنْ یہاں مفتوح نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبَنِ الْقَوْمَ اتفاقی مثال اِضْرِبَنْ سے اِضْرِبَا۔ اِذَنْ سے اِذَا۔
نون خفیفہ ماقبل مفتوح کو الف سے بدلنا غیر فصیح ہے۔ مصنف ارشادؒ نے مبتدی کی رعایت فرما کر غیر فصیح لغت پر اکتفا فرمایا ہے واللہ اعلم بالصّواب۔

(۱۲) **قانون** : ہر نون اعرابی وقت دخول جوازم و نواصب و لحوق نون ثقیلہ و خفیفہ و بنا کردن امر حاضر معلوم حذف کردہ شود وجوباً۔

اس قانون کا نام ہے نون اعرابی کا قانون۔ نون اعرابی[۲] وہ نون ہے جو فعل مضارع کے آخر میں ضمہ کے

---

[۱] نون خفیفہ ضمہ و کسرہ کے بعد حالتِ وقف میں گر جائیگا اور حرف ساکن (واو۔ یا) جو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف ہوگئے تھے علتِ حذف کے زائل ہونے کی وجہ سے لوٹ آئیں گے۔ اس وقت اگرچہ موقوف علیہ اور غیر موقوف علیہ میں التباس لازم آتا ہے لیکن التباس قرینہ سے دور ہو جائیگا۔ بھترال، نوادر، فیوض، انجاد ۱۲

[۲] فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے سات صیغوں میں نون اعرابی ہوتا ہے وہ یہ ہیں: (۱) تثنیہ مذکر غائبین (۲) جمع مذکر غائبین (۳) تثنیہ مؤنث غائبتین (۴) تثنیہ مذکر مخاطبین (۵) جمع مذکر مخاطبین (۶) واحدہ مؤنثہ مخاطبہ (۷) تثنیہ مؤنث مخاطبتین
**فائدہ**۔ (فعل مضارع میں نون زائدہ تین قسم کے ہوتے ہیں: (۱) نون اعرابی جو صرف سات صیغوں میں ہوتا ہے (۲) نون ضمیری جو صرف دو صیغوں میں ہوتا ہے۔ جمع مؤنث غائبات جمع مؤنث مخاطبات (۳) نون تاکید جو تمام صیغوں کے آخر میں لاحق ہوتا ہے۔

عوض ہیں آئے۔ اس کے لیے ایک حکم پانچ شرطیں کامل ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ نون اعرابی کو حذف کرنا واجب ہے۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ جس کلمہ میں نون اعرابی ہو اس پر حروفِ جوازم میں سے کوئی حرف داخل ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبَانِ یَضْرِبُوْنَ اتفاقی مثال لَمْ یَضْرِبَا لَمْ یَضْرِبُوْا **دوسری شرط** یہ ہے کہ جس کلمہ میں نون اعرابی ہے اس پر حروفِ نواصب میں سے کوئی حرف داخل ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبَانِ یَضْرِبُوْنَ اتفاقی مثال لَنْ یَّضْرِبَا لَنْ یَضْرِبُوْا **تیسری شرط** جس کلمہ میں نون اعرابی ہے اس کے آخر میں نون ثقیلہ[1] لاحق ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبَانِ یَضْرِبُوْنَ۔ اتفاقی مثال لَیَضْرِبَانِّ لَیَضْرِبُنَّ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ جس کلمہ میں نون اعرابی ہے اس کے آخر میں نون خفیفہ لاحق ہو۔ احترازی مثال یَضْرِبَانِ یَضْرِبُوْنَ اتفاقی مثال لَیَضْرِبُنْ لَتَضْرِبِنْ۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ جس کلمہ میں نون اعرابی ہے اس سے امر حاضر معلوم بنائی جائے۔ احترازی مثال تَضْرِبَانِ تَضْرِبُوْنَ اتفاقی مثال اِضْرِبَا اِضْرِبُوْا۔

(۱۴۳) **قانون**: ہر نون ساکن و تنوین را در حرف یَرْمَلُوْن ادغام می کنند وجوبًا و نون متحرک را جوازًا بشرطیکہ دریک کلمہ نباشد درحروف یمون بغنّہ و در لر بغیر غنّہ

اس قانون کا نام ہے یَرْمَلُوْنَ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کے لیے دو دو شرطیں ہیں (یرملون کے حروف چھ ہیں یٓ۔ رٓ۔ مٓ۔ لٓ۔ وٓ۔ نٓ) **پہلا حکم** یہ ہے کہ نون ساکن و نون تنوین کو جنس مابعد کی کرنا۔ اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ نون ساکن، نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْن میں سے ایک حرف ہو۔ احترازی مثال مِنْ شَرٍّ۔ زَیْدٌ شَاھِدٌ یہاں نون کے بعد حرف شین ہے **دوسری شرط** نون ساکن، نون تنوین اور ان کے بعد والا حروف یرملون جدا جدا کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال بُنْیَانٌ قِنْوَانٌ اتفاقی مثال لَنْ یَضْرِبَ سے لَنْ یَّضْرِبَ۔ دَافِقٍ یَخْرُجُ سے دَافِقِ یَّخْرُجُ۔ باقی امثلہ برحاشیہ[2]

---

[1] جب نون تاکید مضارع کے آخر میں لاحق ہو تو نون اعرابی اور واؤ یا بوجہ التقاء ساکنین حذف ہوجاتے ہیں۔ اس وقت لام مفتوحہ اکثر ابتداء میں لائی جاتی ہے۔ [2] امثلہ لر بغیر غنّہ مِنْ لَّدُنَّا۔ مِنْ رَّبِّھِمْ۔ طِیْنٌ لَّازِبٌ۔ رَجُلٌ رَّشِیْد امثلہ یمون بغنّہ: مِنْ مَّآءٍ۔ مِنْ وَّرَآئِھِمْ۔ مِنْ نَّارٍ۔ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ۔ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ۔ رَسُوْلٌ نَّاصِرٌ

دوسرا حکم یہ ہے کہ نون متحرک کو جنس ما بعد کے کرنا جائز اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا جائز ہے بقانون متجانسین۔ پہلی شرط یہ ہے کہ نون متحرک کے بعد حروف یرملون میں سے ایک حرف ہو۔ احترازی مثال اَلَّذِیْنَ جَاهَدُوْا یہاں نون کے بعد جیم ہے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ نون متحرک اور اس کے بعد والا حرف جدا جدا کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال فُنِیَ اتفاقی مثال آمَنَ یَزِیْدُ سے آمَنَ یَّزِیْدُ۔ آمَنَ رَّفِیْقٌ۔ آمَنَ مُّحَمَّدٌ آمَنَ لَّبِیْدُ۔ آمَنَ وَّلِیْدٌ۔ آمَنَ نَّصِیْرٌ۔

**(۱۴) قانون :** ہر نون ساکن وتنوین کہ واقع شود قبل با مطلقاً آن را میم بدل کنند وجوباً وقبل از حروف حلقیہ ظاہر خواندہ می شوند وجوباً وقبل از الف نمی آیند ودر باقی حرف اخفا کردہ آیند۔

اس قانون کا نام ہے اِقلاب اظہار اخفا کا قانون۔ اس کے لیے تین حکم ہیں ہر حکم کے لیے ایک ایک شرط ہے۔ پہلا حکم یہ ہے کہ نون ساکن و نون تنوین کو میم سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ شرط یہ ہے کہ نون ساکن نون تنوین کے بعد حرف با ہو۔ احترازی مثال مِنْ رَّبِّهِمْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ یہاں حرف را ہے اتفاقی مثال ایک کلمہ کی یَنْبَغِیْ دو کلمہ کی مِنْ بَعْدُ۔ لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ نون ساکن نون تنوین کو ظاہر کرکے پڑھنا واجب ہے۔ شرط یہ ہے کہ نون ساکن و نون تنوین کے بعد حروف حلقیہ میں سے کوئی ایک حرف ہو۔ احترازی مثال مِنْ بَعْدُ۔ لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ یہاں حرف با سے پہلے ہے۔ اتفاقی مثال مِنْ حَاكِمٍ۔ اَنْعَمْتَ۔ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ۔ تیسرا حکم یہ ہے کہ نون ساکن و نون تنوین کو مخفی کرکے پڑھنا واجب ہے۔ شرط یہ ہے کہ نون ساکن، نون تنوین کے بعد حروف اخفا میں سے ایک حرف ہو۔

---

[1] حرف حلقی شش بود اے نور عین — ہمزہ ہا و حا و خا و عین و غین

امثلہ نون تنوین قبل حروف حلق : زَیْدٌ اَمِیْرٌ۔ زَیْدٌ هَالِكٌ۔ زَیْدٌ حَاكِمٌ۔ زَیْدٌ خَادِمٌ۔ زَیْدٌ عَالِمٌ۔ زَیْدٌ غَالِبٌ۔

امثلہ نون ساکن قبل حرف حلقی۔

مِنْ غَالِبٍ۔ مِنْ عَالِمٍ۔ مِنْ خَادِمٍ۔ مِنْ حَاكِمٍ۔ مِنْ هَالِكٍ۔ مِنْ اَمِیْرٍ۔

احترازی مثال مِنْ حَمْدٍ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ۔ یہاں حرف حا سے پہلے ہے۔ اتفاقی مثال[1] مَنْ ثَقُلَتْ۔ کُنْتُمْ زَیْدٌ کَرِیْمٌ۔

(۱۵) **قانون** : ہر امر حاضر معلوم را از فعل مضارع مخاطب معلوم بایں طور بنا می کنند کہ اگر بعد از حذف کردن حرف مضارع مابعدش ساکن ماند ہمزہ وصلی مضموم در اولش درآورند وجوباً بشرطیکہ مضارع او نیز مضموم العین باشد وگرنہ ہمزہ مکسورہ واگر مابعدش متحرک ماند امر ہمون شد بوقف آخر

اس قانون کا نام ہے امر حاضر معلوم کا قانون۔ اس کے لیے تین حکم ہیں۔ پہلے دو حکموں کے لیے دو دو شرطیں تیسرے حکم کے لیے ایک شرط ہے **پہلا حکم** یہ ہے کہ تا حرف مضارعۃ کی جگہ ہمزہ وصلی مضموم لانا اور آخر میں وقف کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ تا مضارعۃ کا بعد والا حرف ساکن ہو۔ احترازی مثال تُصَرِّفُ یہاں متحرک ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مضارع معلوم مضموم العین ہو۔ احترازی مثال تَضْرِبُ یہاں مضموم نہیں۔ اتفاقی مثال تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ تا حرف مضارعۃ کی جگہ ہمزہ وصلی مکسور لانا اور آخر میں وقف کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ تا حرف مضارعۃ کا بعد والا حرف ساکن ہو۔ احترازی مثال تُصَرِّفُ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مضارع مضموم العین نہ ہو۔ احترازی مثال تَنْصُرُ اتفاقی مثال مکسور العین کی تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ مفتوح العین کی تَعْلَمُ سے اِعْلَمْ۔
**تیسرا حکم** یہ ہے کہ تا مضارعۃ کو حذف کر کے آخر کو وقف کرنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ تا مضارعۃ کا بعد والا حرف متحرک ہو۔ احترازی مثال تَضْرِبُ تَنْصُرُ۔ اتفاقی مثال تُضَارِبُ تُصَرِّفُ سے ضَارِبْ صَرِّفْ

---

[1] حروفِ اخفاء :
تَا و ثَا و جیم و دال و ذال و زَا و سین و شین ÷ صاد و ضاد و طا و ظا و فا و کاف و قاف بین

کُنْتُمْ — کَلِمَۃً تَلْقٰی
مَنْ ثَقُلَتْ — مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ
عَنْ جَارِہٖ — فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ
مِنْ دَافِقٍ — عَذَابًا دُوْنَ
مِنْ ذَکَرٍ — جَوَّالًا ذَاتَ
مِنْ زَاجِرٍ — شَیْءٌ زَاجِرٌ
مِنْ سَائِلٍ — اَسْمَاءٌ سَمَّیْتُمُوْھَا
مَنْ شَاکِرٍ — سَبْعٌ شِدَادٌ
مِنْ صَابِرٍ — قَوْمًا صَابِرِیْنَ
مِنْ ضَاعِفٍ — قُوَّۃٍ ضَعْفًا
مِنْ طَاھِرٍ — قَوْمًا طَاغُوْنَ
مِنْ ظَاھِرٍ — اٰمِنٌ ظَالِمُھُمْ
مِنْ فِئَۃٍ — رَجُلٌ نَفْسُہٗ
مِنْ کَرِیْمٍ — رَسُوْلٌ کَرِیْمٌ
مِنْ قَادِرٍ — رَجُلٌ قَسِیْمٌ

**فائدہ:** امر حاضر معلوم ہمیشہ مضارع مخاطب معلوم سے بنایا جاتا ہے وہ اس طرح کہ اگر مضارع معلوم میں وجوبی قانون سے تعلیل ہوئی ہے تو تعلیل کے بعد والی صورت سے امر حاضر معلوم بنا کریں گے جیسے تَعِدُ دراصل تَوْعِدُ میں فا کلمہ وجوبی قانون سے حذف شدہ ہے۔ حکم سوم جاری کر کے امر عِدْ پڑھیں گے اگر مضارع میں خلافِ قانون یا جوازی قانون سے تعلیل ہوئی ہے تو قبل از تعلیل والی صورت سے امر بنا کریں گے جیسے تُکْرِمُ اصل میں تُاَکْرِمُ تھا ہمزہ خلافِ قانون حذف ہے۔ اب اس کی اصل تُاَکْرِمُ سے امر حاضر اَکْرِمْ پڑھیں گے۔ جوازی قانون سے تعلیل شدہ کی مثال جیسے کہ تَاجَلُ دراصل تَوْجَلُ سے اِوْجَلْ

(۱۶) **قانون:** چون نون تاکید ثقیلہ با نون ضمیری متصل شود الف فاصلہ میانِ ایشان در آرند وجوباً

اس قانون کا نام ہے الف فاصلہ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم ایک شرط ہے۔ **حکم** یہ ہے کہ نون ضمیری اور نون تاکید کے درمیان الف فاصلہ لانا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ نون تاکید نون ضمیری سے متصل ہوں۔ احترازی مثال لَیَکُوْنَنَّ یہاں نون تاکید اصلی سے متصل ہے۔ اتفاقی مثال اِضْرِبْنَنَّ سے اِضْرِبْنَانَّ پھر فتح نون کو کسرہ سے تبدیل کریں گے "بہ مشابہت نون تثنیہ" تو اِضْرِبْنَانِّ ہو جائے گا۔

(۱۷) **قانون:** ظرف صحیح مہموز اجوف کہ مضارع او بر وزن یَفْعِلُ ومثال مطلقاً بر وزن مَفْعِلٌ می آید وصحیح مہموز اجوف کہ مضارع او از غیر یَفْعِلُ وناقص ولفیف ومضاعف مطلقاً بر وزنِ مَفْعَلٌ می آید وماسوائے الیشان شاذ است واز غیر ثلاثی مجرد بر وزن اسم مفعول آن باب می آید وجوباً۔

اس قانون کا نام ہے ظرف کا قانون۔ اس کے لیے تین حکم ہیں پہلے دو حکموں کے لیے دو دو شرطیں ہیں کا مل تیسرے

---

**ف:** نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ دو نوں غیر عاملہ ہیں۔ تاکیدِ فعل کے لیے ہیں۔ مضارع منفی بِلَا و مَا میں قلیل آتے ہیں جیسے مَا یَضْرِبَنَّ وَلَا یَضْرِبَنَّ اور جحد میں تو بہت قلیل آتے ہیں جیسے لَمْ یَعْلَمَنَّ، امر اور نہی میں کثیر مستعمل ہیں اور اسم میں کبھی کبھی ضرورت شعری کے لیے آتے ہیں۔

حکم کے لیے ایک شرط۔

**نوٹ :** پہلے دو حکم صرف ابواب ثلاثی مجرد کے لیے ہیں۔

**پہلا حکم** یہ ہے کہ اسم ظرف کو مَفْعِلٌ کے وزن پر پڑھنا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہفت اقسام میں باب صحیح مہموز، اجوف، مضارع یَفْعِلُ کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال نَصَرَ یَنْصُرُ۔ اتفاقی مثال صحیح کی ضَرَبَ یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ بر وزن مَفْعِلٌ۔ مہموز کی اَذَدَ یَاْذِدُ سے مَاْذِدٌ اجوف کی طَوَحَ یَطْوِحُ سے مَطْوِحٌ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہفت اقسام میں باب مثال کا ہو مطلقًا[1] احترازی مثال ضَرَبَ یَضْرِبُ یہ باب مثال نہیں۔ اتفاقی مثال وَعَدَ یَعِدُ سے مَوْعِدٌ۔ یَسَرَ یَیْسِرُ سے مَیْسِرٌ **دوسرا حکم** یہ کہ اسم ظرف کو مَفْعَلٌ کے وزن پر پڑھنا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہفت اقسام میں باب صحیح، مہموز، اجوف۔ مضارع یَفْعِلُ کے وزن پر نہ ہو۔ احترازی مثال ضَرَبَ یَضْرِبُ اتفاقی مثال صحیح کی نَصَرَ یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ مہموز کی اَمَرَ یَاْمُرُ سے مَاْمَرٌ۔ قَالَ یَقُوْلُ سے مَقْوَلٌ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہفت اقسام میں باب ناقص، لفیف مضاعف کا ہو۔ مطلقًا[2] احترازی مثال نَصَرَ یَنْصُرُ اتفاقی مثال **ناقص** کی دَعَا یَدْعُوْ سے مَدْعًی کہ اصل میں مَدْعَیٌ تھا **لفیف** کی وَقٰی یَقِیْ سے مَوْقًی کہ اصل میں مَوْقَیٌ تھا **مضاعف** کی مَدَّ یَمُدُّ سے مَمَدٌّ کہ اصل میں مَمْدَدٌ تھا۔ **تیسرا حکم** یہ ہے کہ اسم ظرف کو اسی باب کے اسم مفعول کے وزن پر پڑھنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ شش اقسام میں ثلاثی مجرد کا باب نہ ہو۔ احترازی مثال ضَرَبَ یَضْرِبُ یہ ثلاثی مجرد ہے۔ اتفاقی مثال ثلاثی مزید کی یُضَارِبُ سے مُضَارَبٌ۔ رباعی مجرد کی یُدَحْرِجُ سے مُدَحْرَجٌ

**فائدہ :** ابواب ثلاثی مجرد کی ظرف مذکورہ قانون کے خلاف آئے تو اس کو شاذ کہتے ہیں۔ شاذ کے تین قسم ہیں (۱) شاذ موافق قانون مخالف استعمال جیسے سَجَدَ یَسْجُدُ مَسْجَدٌ (۲) شاذ موافق استعمال مخالف قانون جیسے سَجَدَ یَسْجُدُ مَسْجِدٌ (۳) شاذ مخالف استعمال و قانون جیسے سَجَدَ یَسْجُدُ مَسْجُدٌ یہ قبیح ہے۔

---

[1] مطلقًا کا مطلب یہ ہے مثال واوی ہو یا یائی۔ مضارع مفتوح العین ہو خواہ مکسور العین خواہ مضموم العین اس نسبت سے اتفاقی کل چھ مثالیں ہوں گی۔ جیسے یَوْعِدُ سے مَوْعِدٌ، یَوْجَلُ سے مَوْجِلٌ، یَوْسَمُ مَوْسِمٌ یَیْسِرُ سے مَیْسِرٌ، یَیْنِعُ سے مَیْنِعٌ، یَیْمُنُ سے مَیْمِنٌ

[2] مطلقًا کا مطلب ناقص واوی ہو یا یائی بہر سہ صورت عین کلمہ مضارع۔ لفیف بھی مقرون ہو یا مفروق بہر سہ حرکات عین کلمہ مضارع۔ مضاعف ثلاثی بہر سہ حرکات عین کلمہ مضارع۔ امثلہ خود سوچ کر نکالیں۔

(۱۸) **قانون** : ہر الف کہ حرکت ماقبلش مخالف شود آن را بوفق حرکت ماقبل بحرف علت بدل کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے ضُوْرِبَ مَضَارِيْبُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم ہے اور دو شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ الف کو موافق حرکت ماقبل کے حرف علّت سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ الف ہو۔ احترازی مثال قَوْلٌ بَيْعٌ یہاں الف نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہو۔ احترازی مثال قَالَ بَاعَ یہاں حرکتِ ماقبل موافق ہے۔ اتفاقی مثال ضَارَبَ سے ضُوْرِبَ[۱] مِضْرَابٌ سے مَضَارِيْبُ[۲] مُضَيْرِيْبٌ۔

(۱۹) **قانون** : ہر الف مقصورہ سیوم جا بدل از واؤ یا اصلی کہ امالہ کردہ نشود وقت بنا کردن تثنیہ وجمع مؤنث سالم آن را بواو مفتوحہ بدل کنند وجوبًا وغیر اینہا را بیا وممدودہ اصلی را ثابت گزارند وتانیثی را بواؤ بدل کنند وجوبًا ودر غیر ایشان ہر دو وجہ خواندن جائز است۔

اس قانون کا نام ہے الف مقصورہ والف ممدودہ کا قانون اس کے پڑھنے سے پہلے چند فوائد کا جاننا ضروری ہے

**فائدہ** : (۱) وہ الف جو اسم کے آخر میں آئے اس کی دو قسمیں ہیں ۱ مقصورہ ۲ ممدودہ۔ **مقصورہ** وہ الف ہے جس کے بعد ہمزہ نہ ہو چاہے اصلی ہو یا زائد جیسے عَصَا حُبْلٰی۔ **ممدودہ** وہ الف ہے جس کے بعد ہمزہ ہو چاہے اصلی ہو یا زائد جیسے قُرَّاءٌ حَمْرَاءُ الف ممدودہ کی تین قسم ہیں۔ (۱) تانیثی جیسے حَمْرَاءُ (۲) اصلی یعنی مقابلہ لام کلمہ کے غیر مبدل ہو جیسے قَرَّاءٌ (۳) غیر اصلی جیسے عِلْبَاءٌ ضُرَبَاءُ۔ عِلْبَآءٌ میں الف ممدودہ زوائد الحاق میں سے ہے قِرْطَاس کے ہوزن کرنے کی خاطر بڑھایا گیا ہے۔ اس کے لیے پانچ حکم ہیں دو حکم الف مقصورہ کے لیے تین حکم الف ممدودہ کے لیے **پہلا حکم** یہ ہے کہ الف مقصورہ کو تثنیہ وجمع مؤنث سالم

---

[۱] ضَارَبَ جب اس سے ماضی مجہول بنائیں تو حرفِ اول کو ضمہ دیں گے تو اب الف کی ماقبل کی حرکت مخالف ہو گئی تو اس الف کو موافق حرکت ماقبل یعنی واؤ سے تبدیل کر کے ماقبل آخر کو کسرہ دے کر ضُوْرِبَ پڑھیں گے۔

[۲] مِضْرَابٌ جب اس کی جمع اقصیٰ وتصغیر بنائیں گے تو الف کی حرکت ماقبل والی مخالف ہو گئی تو اس الف کو موافق حرکت ماقبل حرف علت یعنی یا سے تبدیل کر کے مَضَارِيْبُ مُضَيْرِيْبٌ پڑھیں گے۔ فائدہ حَمْرَاءُ یہ اصل میں دو الف تھے ایک تانیث کا دوسرا مد صوت کا چونکہ دوسرا الف الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوا (بقانون دعاء) اس وجہ سے وہ ہمزہ سے بدل دیا گیا۔

بناتے وقت واؤ مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے اس کے لیے شرطوں کی دو جماعتیں ہیں ہر جماعت کے لیے دو دو شرطیں
ہیں **پہلی جماعت کی شرط اول** ۔ الف مقصورہ تیسری جگہ پر ہو۔ احترازی مثال ضُرْبیٰ یہاں الف چوتھی جگہ پر ہے
**شرط دوم** ۔ الف مقصورہ واو سے تبدیل شدہ ہو۔ احترازی مثال رَحیٰ اصل میں رَحَیَ تھا الف مقصورہ بدل یا سے ہے۔ اتفاقی مثال
عَصَا سے عَصَوَانِ عَصَوَاتٌ **دوسری جماعت کی شرط اول** ۔ الف مقصورہ اصلی ہو۔ احترازی مثال عصا یہ
الف مقصورہ بدل از واؤ ہے۔ رَحیٰ یہ بدل از یا ہے۔ **شرط دوم** ۔ ایسا الف مقصورہ جس میں امالہ[له] نہ ہو سکے۔
احترازی مثال بَلیٰ کیونکہ اس میں امالہ ہو سکتا ہے۔ اتفاقی مثال اِلیٰ "جب کسی کا نام رکھ دیں" سے اِلَوَانِ
اِلَوَاتٌ ۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ الف مقصورہ کو تثنیہ و جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔
**شرط** یہ ہے کہ پہلے حکم کے دونوں جماعتوں کی شرطیں نہ پائی جائیں۔ احترازی مثال عصا۔ اِلیٰ اتفاقی مثال
بَلیٰ (سوم جا باشد) ضُرْبیٰ (چہارم باشد) مُصْطَفیٰ (پنجم جا باشد) مُسْتَدْعیٰ (ششم جا باشد) سے بَلَیَانِ بَلَیَاتٌ
ضُرْبَیَانِ ضُرْبَیَاتٌ ، مُصْطَفَیَانِ مُصْطَفَیَاتٌ ، مُسْتَدْعَیَانِ مُسْتَدْعَیَاتٌ جبکہ یہ کسی کے علم ہوں۔
**تیسرا حکم** یہ ہے کہ الف ممدودہ کو تثنیہ و جمع مؤنث سالم بناتے وقت ثابت رکھنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ
الف ممدودہ اصلی ہو یعنی مقابلہ لام کلمہ کے اور بدل شدہ بھی نہ ہو۔ احترازی مثال حَمْرَاءُ یہ تانیثی ہے۔ اتفاقی
مثال قُرَّاءُ سے قُرَّاآنِ قُرَّاآت **چوتھا حکم** یہ ہے کہ الف ممدودہ کو تثنیہ و جمع مؤنث سالم بناتے وقت
واو مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ الف ممدودہ تانیثی ہو۔ احترازی مثال قُرَّاءُ یہ اصلی ہے
اتفاقی مثال حَمْرَاءُ سے حَمْرَاوَانِ حَمْرَاوَاتٌ **پانچواں حکم** یہ ہے کہ الف ممدودہ کو تثنیہ و جمع مؤنث بناتے
وقت دو وجہ پڑھنا جائز ہے یعنی ثابت رکھنا یا واؤ مفتوحہ سے تبدیل کرنا **شرط** یہ ہے کہ سابقہ حکموں کی شرطیں
نہ پائی جائیں یعنی اصلی و تانیثی نہ ہو۔ احترازی مثال قُرَّاءٌ حَمْرَاءُ اتفاقی مثال برائے الحاق عِلْبَاءٌ سے عِلْبَاآنِ
عِلْبَاآتٌ یا عِلْبَاوَانِ عِلْبَاوَاتٌ برائے بدل از واؤ کِسَاءٌ سے کِسَاءَانِ کِسَاآتٌ یا کِسَاوَانِ کِسَاوَاتٌ

اصل میں کساوٌ تھا

---

[له] امالہ کہتے ہیں الف کو یا کی بُو دے کر پڑھنا نہ مکمل الف ادا ہو نہ مکمل یا ادا ہو بلکہ درمیان میں ہی رہے اور فتح ما قبل کو کسرہ کی بو دیکر پڑھنا ، نہ مکمل فتح پڑھا جائے نہ مکمل کسرہ۔ اس طرح کی ادائیگی کے لیے قرا حضرات کی جوتیاں سیدھی کرنے ہوں گی۔
**مبنیات** کے ان چھ کلموں میں امالہ ہو سکتا ہے جبکہ یہ کسی کے نام ہوں مَتیٰ ۔ اَنّیٰ ۔ ذَا یہ تین اسم ہیں بَلیٰ ۔ یَا ۔ لَا یہ تین حرف ہیں

برائے بدل از یا رِدَاءٌ سے رِدَاءَان رِدَاءَاتٌ یا رِدَاوَان رِدَاوَاتٌ پڑھنا جائز ہے

(۲۰)

**قانون :** ہر کلمہ حلقی العین کہ بروزنِ فَعِلٌ باشد سوائے اصل درآن سہ وجہ خواندن جائز است چنانچہ در شَهِدَ شَهْدَ شِهْدَ شِهِدَ و در فَخِذٌ فَخْذٌ فِخْذٌ فِخِذٌ جائز است و اگر حلقی العین نباشد در فعل سوائے اصل یک وجہ و در اسم سوائے اصل دو وجہ خواندن جائز است چنانچہ در عَلِمَ عَلْمَ و در کَتِفٌ کَتْفٌ کِتْفٌ جائز است و در وزن فَعُلٌ فَعْلٌ و در فِعِلٌ فِعْلٌ و در فُعُلٌ فُعْلٌ و در فُعَلٌ فُعْلٌ خواندن جائز است ۔

اس قانون کا نام ہے حلقی العین کا قانون ۔ اس کے لیے تین حکم ہیں پہلے دو حکموں کے لیے دو دو شرطیں ہیں تیسرے حکم کے لیے ایک شرط ۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ سوائے وزن اصلی کے تین وجہ پڑھنا جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ حلقی العین ہو یعنی عین کلمہ میں حرف حلقی ہو احترازی مثال عَلِمَ یہ حلقی العین نہیں دوسری شرط یہ ہے کہ کلمہ فَعِلَ کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ یہ فَعِلَ کے وزن پر نہیں اتفاقی مثال شَهِدَ سے شَهْدَ شِهْدَ شِهِدَ فَخِذٌ سے فَخْذٌ فِخْذٌ فِخِذٌ

**فائدہ :** فَعِلَ کی صورۃ حقیقتًا ہو یا حکمًا حقیقتًا وہ کلمہ جس کے تین حروف ہوں اور فَعِلَ کے وزن پر ہوں جیسے شَهِدَ فَخِذٌ۔ حکمًا وہ کلمہ جس کے بعض حروف کا ابتداءً یا انتہاءً اعتبار کیا جائے تو فَعِلَ کی شکل حاصل ہو ابتداءً جیسے وَهِيَ سے وَهْيَ۔ انتہاءً جیسے یَشْتَهِرُ سے یَشْتَهْرُ الخ مُشْتَهِرٌ سے مُشْتَهْرٌ الخ

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ فعل میں سوائے اصل وزن کے ایک وجہ اور اسم میں سوائے اصل وزن کے دو وجہ پڑھنا جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ کلمہ حلقی العین نہ ہو۔ احترازی مثال شَهِدَ یہ حلقی العین ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ فَعِلَ کی کی صورت ہو حقیقتًا یا حکمًا۔ احترازی مثال ضَرَبَ یہ فَعِلَ کی صورت نہیں ۔ اتفاقی مثال حقیقتًا فَعِلَ کی عَلِمَ سے عَلْمَ۔ یَکْتَسِبُ سے یَکْتَسْبُ اسم کی حقیقتًا کَتِفٌ سے کَتْفٌ کِتْفٌ ۔ مُکْتَسِبٌ سے مُکْتَسْبٌ مُکْتِسْبٌ

**تیسرا حکم** یہ ہے کہ سوائے اصل کے ایک وجہ پڑھنا جائز ہے **شرط** یہ ہے کہ ان چاروں اوزانوں میں سے کوئی وزن ہو۔ احترازی مثال فَخِذٌ۔ اتفاقی مثال ۱۔ فَعُلٌ سے فَعْلٌ جیسے عَضُدٌ سے عَضْدٌ

فائدہ : لام امر پر جب واو یا فا یا ثمّ داخل ہو جاتے ہیں وہاں فَعِلَ کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے لام کو ساکن کر کے پڑھتے ہیں جیسے وَلْيَحْكُمْ فَلْيَحْكُمْ۔ ثُمَّ لْيَحْكُمْ۔

۲۔ فِعِلٌ سے فِعْلٌ جیسے اِبِلٌ سے اِبْلٌ ۳۔ فُعُلٌ سے فُعْلٌ جیسے عُنُقٌ سے عُنْقٌ
۴۔ فُعَلٌ سے فُعْلٌ جیسے قُفَلٌ سے قُفْلٌ۔

(۲۱) **قانون:** ہر باب کہ ماضی او مکسور العین و مضارع او مفتوح العین باشد یا در اول ماضی او ہمزہ وصلی یا تائے زائدہ مطردہ باشد در مضارع معلوم او غیر اہل حجاز حرف اتین را بغیر یائے حرکت کسرہ می دہند جوازاً و در اَبیٰ یَابیٰ یائے را نیز۔

اس قانون کا نام ہے اِعْلَمُ تِعْلَمُ نِعْلَمُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں کامل۔
**حکم** یہ ہے کہ مضارع معلوم میں حرف اتین کو بغیر یا کے "غیر اہل حجاز کے نزدیک" حرکت کسرہ کی دینا جائز ہے
**پہلی شرط** ایسا باب ہو جس کی ماضی مکسور العین، مضارع مفتوح العین ہو۔ احترازی مثال ضَرَبَ یَضْرِبُ یہاں ماضی مفتوح العین و مضارع مکسور العین ہے۔ اتفاقی مثال عَلِمَ یَعْلَمُ۔ تَعْلَمُ سے تِعْلَمُ۔ اَعْلَمُ سے اِعْلَمُ۔ نَعْلَمُ سے نِعْلَمُ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ایسا باب ہو جس کی ابتداء میں ہمزہ وصلی ہو۔ احترازی مثال اَکْرَمَ یہ ہمزہ قطعی ہے۔ اتفاقی مثال اِکْتَسَبَ۔ تَکْتَسِبُ سے تِکْتَسِبُ۔ اَکْتَسِبُ سے اِکْتَسِبُ۔ نَکْتَسِبُ سے نِکْتَسِبُ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ایسا باب ہو جس کی ماضی کے ابتداء میں تائے زائدہ مطردہ[1] ہو۔ احترازی مثال صَرَّفَ یہاں تائے نہیں۔ اتفاقی مثال تَصَرَّفَ۔ تَتَصَرَّفُ سے تِتَصَرَّفُ۔ اَتَصَرَّفُ سے اِتَصَرَّفُ نَتَصَرَّفُ سے نِتَصَرَّفُ۔

**فائدہ:**

(۲۲) **قانون:** ہر حرف علت کہ واقع شود بعد از الف مَفَاعِلُ آن را بہ ہمزہ بدل می کنند وجوباً زائدہ را مطلقاً و اصلی را بشرط تقدم حرف علت بر الف مَفَاعِلُ

---

[1] تائے زائدہ مطردہ اس تا کو کہتے ہیں جو مجرد باب سے مزید بناتے وقت قیاساً ابتداء میں لائی جائے۔ ایسے ابواب تین ہیں
۱۔ تَفَعَّلُ ۲۔ تَفَاعُلُ ۳۔ تَفَعْلُلُ

اس قانون کا نام ہے شَرَائِفُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم ہے، حرفِ علت اصلی ہو تو اس کے لیے تین شرطیں ہیں۔ اگر زائد ہو تو اس کے لیے دو شرطیں ہیں۔ اس کے پڑھنے سے پہلے ایک فائدہ کا جاننا ضروری ہے۔

**فائدہ:** وزن تین قسم کے ہوتے ہیں (۱) صرفی (۲) صُوری (۳) عروضی۔

**صرفی:** وہ ہے جس میں تعداد حروف، حرکات، سکنات، اصلی، زائد کا اعتبار ہو یعنی حروف اصلی مقابلہ اصلی زائدہ مقابل زائدہ حرکت مقابلہ حرکت، ساکن مقابلہ ساکن ہو جیسے شَرَائِفُ بروزن فَعَائِلُ

**صوری:** وہ ہے جس میں تعداد حروف حرکات سکنات کا اعتبار ہو اصلی وزائد کا اعتبار نہ ہو۔ جیسے شَرَائِفُ بروزن مَفَاعِلُ

**عروضی:** وہ ہے جس میں تعداد حروف کا اعتبار ہو ساکن مقابل ساکن، متحرک مقابل متحرک ہو لیکن بعینہ وہی حرکت نہ ہو جو موزون میں ہے۔ جیسے شَرِيْفٌ بروزنِ فُعُوْلٌ موزون میں حرف اول پہ حرکت فتحہ ہے اور وزن میں حرکت ضمہ ہے۔ **حکم** یہ ہے کہ حرف علت کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ حرف علت زائد کی **پہلی شرط** یہ ہے کہ حرف علت الف کے بعد ہوں۔ احترازی مثال قَوْلٌ بَیْعٌ۔ یہاں الف کے بعد نہیں۔

**دوسری شرط** یہ ہے کہ الف مَفَاعِلُ کے بعد ہو۔ احترازی مثال اَوَاعِدُ اَیَاسِرُ یہاں حرف علت الف مَفَاعِلُ سے پہلے ہے اتفاقی مثال شَرَایِفُ عَجَاوِزُ رَسَاالُ سے شَرَائِفُ عَجَائِزُ رَسَائِلُ پڑھنا واجب ہے۔

**حرف علت اصلی کی پہلی شرط** حرف علت الف[1] کے بعد ہو احترازی مثال قَوْلٌ بَیْعٌ **دوسری شرط** یہ ہے کہ الف مفاعل کے بعد ہو۔ احترازی مثال اَوَاعِدُ اَیَاسِرُ۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ الف مَفَاعِلُ سے پہلے بھی حرف علت کا ہو۔ احترازی مثال مَقَاوِلُ مَبَایِعُ یہاں الف مَفَاعِل سے پہلے حرف علت نہیں۔ اتفاقی مثال قَوَاوِلُ بَوَایِعُ سے قَوَائِلُ بَوَائِعُ پڑھنا واجب ہے۔ الف کی مثال نہیں، کیونکہ الف اصلی ہوتا ہی نہیں۔

**فائدہ:** وزن نکالتے وقت صرفی وزن استعمال ہوتا ہے۔ زیر بحث قانون کی شرطوں میں وزن صوری استعمال ہوتا ہے باقی عروضی کہیں بھی استعمال نہیں ہوتا ہے نہ وزن نکالتے وقت نہ زیر بحث قانون کی شرطوں میں

---

[1] مثال حرف علت زائدہ واقع ہو بعد الف مفاعل وقبل الف مفاعل بھی حرف علت ہو جیسے طَوَاوِقُ سے طَوَائِقُ جمع طُوْقَۃٌ طَوَایِلُ سے طَوَائِلُ جمع طَوِیْلَۃ حَوَاالُ سے حَوَائِلُ جمع حَوَالَۃٌ۔ **سوال:** جَدَاوِل میں حرف علت بعد الف مفاعل ہے اس حرف علت کو ہمزہ سے کیوں نہیں بدلا؟ **جواب:** ہم نے کہا حرفِ علت زائد ہو یہ اصلی کے حکم میں ہے یہ جَعَافِرُ سے ملحق ہے **سوال:** طَوَاوِیْسُ میں حرف علت الف مفاعل کے بعد ہے ہمزہ سے تبدیل کیوں نہیں کیا **جواب:** ہم نے کہا حرف علت الف مفاعل کے بعد ہو یہ الف مفاعیل کے بعد ہے

**قانون** : ہر ہمزہ زائدہ کہ واقع شود در اول کلمہ وصلی باشد یا قطعی حکم وصلی اینکہ در درج کلام و بمتحرک شدن مابعد بیفتد وحکم قطعی عکس این است ہمزہ قطعی نہ قسم است، ہمزہ باب افعال و واحد متکلم واسم تفضیل وجمع واعلام وبناء وفعل تعجب واستفہام و ندا وماسوائے ایشان وصلی اند۔ (۲۳)

اس قانون کا نام ہے ہمزہ وصلی وہمزہ قطعی کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں پہلے حکم کے لئے دو شرطیں کامل ہیں۔ دوسرے حکم کے لیے ایک شرط ہے۔

**فائدہ** : ہمزہ جو اوّل کلمہ میں زائد ہوگا اس کی دو قسمیں ہیں (۱) ہمزہ وصلی (۲) ہمزہ قطعی **ہمزہ وصلی** وہ ہے جو درمیان میں آکر گرجائے۔ اپنے مابعد کو اپنے ماقبل سے ملائے۔ اور ہمزہ وصلی ضرورت لفظی کی خاطر لایا جاتا ہے۔ بعد از ضرورت قرات میں حذف ہوجاتا ہے۔ ہمزہ وصلی اصل میں مبنی برکسرہ ہوتا ہے جیسے اِضْرِبْ اور کہیں کہیں عین کلمہ کی مناسبت سے ہمزہ وصلی مضمومہ بھی آتا ہے جیسے اُنْصُرْ اور کہیں کہیں ثقل سے بچنے کے لیئے ہمزہ وصلی مفتوحہ بھی آتا ہے جیسے اَلْحَمْدُ **ہمزہ قطعی** وہ ہے جو درمیان میں آکر نہ گرے اور ضرورتِ لفظی کی خاطر نہ لایا گیا ہو۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی کو حذف کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی درج کلام میں واقع ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبْ یہاں ہمزہ ابتدائے کلام میں ہے۔ اتفاقی مثال اِضْرِبْ سے فَاضْرِبْ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبْ یہاں متحرک نہیں۔ اتفاقی مثال سَلْ کہ اصل میں اِسْئَلْ تھا[1]۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ قطعی کو ثابت رکھنا واجب ہے۔ **شرط** یہ ہے کہ ہمزہ قطعی ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبْ یہ وصلی ہے۔ اتفاقی مثال ہمزہ باب افعال کی جیسے[2] اَکْرَمَ واحد متکلم کی اَضْرِبُ اسم تفضیل کی جیسے اَضْرَبُ ہمزہ جمع جیسے اَشْرَافٌ ہمزہ اعلام جیسے اِسْمَاعِیْلُ ہمزہ بنا جیسے[3] اِنَّ اَنَّ ہمزہ فعل تعجب جیسے مَا اَضْرَبَہٗ ہمزہ استفہام جیسے ءَاَنْذَرْتَھُمْ ہمزہ ندا جیسے اَعَبْدَاللّٰہِ ہمزہ کا مابعد متحرک اور درج کلام ہو جیسے وَ اَعِدُّوْا اصل میں وَاَعْدِدُوْا تھا۔

**فائدہ** : جہاں ہمزہ وصلی کی پہلی شرط پائی جائے گی وہاں ہمزہ قراءۃً حذف ہوگا کتابۃً باقی رہے گا جیسے

---

[1] اِسْئَلْ بقانون یَسَلُ اِسَلْ ہوا بقانون زیر بحث سَلْ ہوا۔ [2] باب اِفْعَال یعنی خواہ مصدر ہو، خواہ ماضی، خواہ امر۔
[3] ہمزہ بنا وہ کلمہ جہاں ہمزہ ہے وہ مبنی ہو اگر ہمزہ کو حذف کردیا جائے تو کلمہ کا معنی فاسد ہو جیسے اِنَّ اَنَّ اَنَا اَنْتَ۔ الخ

وَاعْلَمُوْٓا اور جہاں دوسری شرط پائی جائے گی وہاں ہمزہ قراءۃً وکتابۃً دونوں میں حذف ہوگا جیسے سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ۔

**سوال :** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں ہمزہ وصلی بصورت درج کلام ہونے کے باوجود قراءۃً وکتابۃً دونوں میں کیوں حذف ہے ؟

**جواب :** اس مقام میں کثرت قرات اور کتابت کی وجہ سے قرات وکتابت دونوں میں حذف کیا گیا ہے اس پر شاہد جہاں یہ ضرورت نہیں وہاں کتابۃً باقی ہے جیسے اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

(۲۴) **قانون :** ہر باب کہ ماضی او چہار حرفی بود در مضارع معلوم او حرف اتین را حرکت ضمہ می دہند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے یُکْرِمُ یُصَرِّفُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور ایک شرط ہے۔ **حکم** یہ ہے کہ مضارع معلوم میں حرف اتین کو حرکت ضمہ کی دینا واجب ہے۔ **شرط** ایسا باب ہو جس کی ماضی کے حرف چار حرف ہوں۔ احترازی مثال ضَرَبَ یہ تین حرف ہیں اِكْتَسَبَ یہ پانچ حروف ہیں۔ اتفاقی مثال اَكْرَمَ صَرَّفَ سے یُكْرِمُ یُصَرِّفُ۔

(۲۵) **قانون :** ہر باب کہ در اول ماضی او تائے زائدہ مطّردہ باشد در مضارع معلوم او ما قبل آخر را بر حال خود می دارند وجوبًا واگر تائے زائدہ مطردہ نباشد کسرہ می دہند سوائے ابواب ثلاثی مجرّد۔

اس قانون کا نام ہے یُکْرِمُ یَتَصَرَّفُ کا۔ اس کے لیے دو حکم ہیں ہر حکم کے لیے ایک ایک شرط۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ مضارع معلوم میں ما قبل آخر کو اپنے حال پر چھوڑنا واجب ہے **شرط** یہ ہے کہ ایسا باب ہو

---

لہ یہ قانون ثلاثی مجرد کے ابواب کے لیے نہیں کیونکہ ثلاثی مجرد کے ابواب سماع پر موقوف ہیں یعنی عرب والے جہاں کسرہ دیں گے ما قبل آخر کو تو وہاں سماعًا کسرہ ہی پڑھا جائے گا۔ باقی یہ قانون قیاسی ابواب کے لیے ہے۔

کہ اس کی ماضی کے اول میں تائے زائدہ مطردہ ہو۔ احترازی مثال اَکْرَمَ یہاں تا نہیں۔ اتفاقی مثال تَصَرَّفَ تَضَارَبَ سے یَتَصَرَّفُ یَتَضَارَبُ۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ مضارع معلوم میں ماقبل کو کسرہ دینا واجب ہے **شرط** یہ ہے کہ ایسا باب ہو جس کی ماضی کے اول میں تا زائدہ مطردہ نہ ہو۔ احترازی مثال تَصَرَّفَ یہاں تا زائدہ ہے۔ اتفاقی مثال اَکْرَمَ صَرَّفَ دَحْرَجَ سے یُکْرِمُ یُصَرِّفُ یُدَحْرِجُ۔

(۲۶) **قانون**: ہر تائے مضارعہ کہ داخل شود بر تائے تَفَعُّل یا تَفَاعُل یا تَفَعْلُل در مضارع معلوم او حذفِ یکے جائز است[۱]۔

اس قانون کا نام ہے تَتَصَرَّفُ تَتَضَارَبُ تَتَدَحْرَجُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور ایک شرط ہے **حکم** یہ ہے کہ مضارع معلوم میں دو تاؤں میں سے ایک کا حذف کرنا جائز ہے **شرط** یہ ہے کہ تا مضارعہ داخل ہو تا زائدہ مطردہ پر۔ احترازی مثال تَتْرُكُ یہاں تا زائدہ پر داخل نہیں۔ اتفاقی مثال تَتَصَرَّفُ تَتَضَارَبُ تَتَدَحْرَجُ سے تَصَرَّفُ تَضَارَبُ تَدَحْرَجُ۔

**نوٹ**: اِتَّقَدَ یَتَّقِدُ کے قانون کو مثال کے قوانین میں ملاحظہ فرماویں۔

---

[۱] امام سیبویہ و بصریین کے نزدیک تائے ثانیہ کو حذف کرنا جائز ہے کیونکہ پہلی تا علامتِ مضارع ہے وَالْعَلَامَةُ لَاتُحْذَفُ، ابن ہشام کوفیوں کے نزدیک پہلی تا کو حذف کرنا جائز ہے کیونکہ تا ثانیہ علامتِ باب ہے اور رعایتِ باب اولیٰ ہے **سوال**: دو تاؤں میں سے ایک کو حذف کرنے کی وجہ کیا ہے؟ **جواب**: دو تاء زائدہ کے ابتداءِ کلام میں جمع ہونے سے ثقل پیدا ہوتا ہے تو اس ثقل سے بچنے کی خاطر ایک کو حذف کرتے ہیں **سوال**: یہی وجہ تو مضارع مجہول میں بھی ہے تو وہاں حذف کیوں نہیں کرتے ہیں؟ **جواب**: اگر مضارع مجہول تفعل میں تائے ثانیہ کو حذف کرتے ہیں تو باب تفعیل کے مضارع مجہول سے التباس ہو جاتا ہے، اگر باب تفاعل میں تائے ثانیہ کو حذف کرتے ہیں تو باب مفاعلہ کے مضارع مجہول سے التباس ہو جاتا ہے، اگر باب تفعلل میں تائے ثانیہ کو حذف کرتے ہیں تو باب فعللہ کی مضارع مجہول سے التباس ہو جاتا ہے، اگر پہلی تا کو حذف کرتے ہیں تو انہی ابواب کے مضارع معلوم محذوف التاء سے التباس ہو جاتا ہے۔

(۲۷) **قانون : اگر یکے از سین شین کہ واقع شود مقابلہ فاکلمہ باب افتعال تائے ویرا جنس فاکلمہ کردہ جواز جنس را در جنس ادغام می کنند وجوبًا**

اس قانون کا نام اِسَّمَعَ[1] اِشَّبَہَ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم دو شرطیں ہیں۔ حکم یہ ہے کہ تا افتعال کو جنس فاکلمہ کرنا جائز اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے بقانون متجانسین۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ سین شین ہوں۔ احترازی مثال اِجْتَھَدَ یہاں سین شین نہیں۔

**دوسری شرط** یہ ہے کہ سین شین مقابلہ فاکلمہ باب افتعال کے ہوں۔ احترازی مثال سَمِعَ شَبَہَ اتفاقی مثال اسْتَمَعَ اِشْتَبَہَ سے اِسَّمَعَ اِشَّبَہَ۔

(۲۸) **قانون : اگر یکے از صاد، ضاد و طا و ظا کہ واقع شود مقابلہ فاکلمہ باب افتعال تائے ویرا طا کنند وجوبًا پس اگر مقابلہ فاکلمہ طا است ادغام واجب است اگر ظا است اظہار و ادغام دو طرفہ یعنی طا را ظا کردن و عکس او جائز است اگر صاد ضاد باشد اظہار و ادغام یک طرفہ یعنی طا را صاد ضاد کردن جائز است نہ عکس او۔**

اس قانون کا نام ہے اِطَّلَمَ اِظَّلَمَ کا قانون۔ اس کے لیے چار حکم ہیں ایک حکم عمومی تین حکم خصوصی ہر حکم کے لیے دو دو شرطیں ہیں **پہلا حکم** یہ ہے کہ تاء افتعال کو طا کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ صاد ضاد طا ظا میں سے کوئی حرف ہو۔ احترازی مثال اِجْتَھَدَ یہاں مذکورہ چار حرفوں میں سے کوئی نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ ان چار حرفوں میں سے کوئی ایک مقابلہ فاکلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال صَبَرَ ضَرَبَ طَلَمَ ظَلَمَ یہاں باب افتعال نہیں۔ اتفاقی مثال اِطْتَلَبَ اِظْتَلَمَ

---

[1] اِسْتَمَعَ اشْتَبَہَ تا کو جنس فاکلمہ کیا تو اِسْسَمَعَ اِشْشَبَہَ ہوئے پھر جنس کو جنس میں ادغام کیا متجانسین سے تو اِسَّمَعَ اِشَّبَہَ ہوئے۔

اِصْتَبَرَ اِضْتَرَبَ سے اِطْطَلَبَ اِظْطَلَمَ اِضْطَرَبَ اِصْطَبَرَ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ طا کو طا میں ادغام کرنا واجب ہے بقانون متجانسین **پہلی شرط** یہ ہے کہ طا مقابلہ فا کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال اِرْتَبَطَ یہاں مقابلہ لام کے ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال طَلَمَ یہ باب افتعال کے فا کلمہ کے مقابلہ میں نہیں۔ اتفاقی مثال اِطْطَلَبَ[۱] سے اِطَّلَبَ۔ **تیسرا حکم** یہ ہے کہ اظہار جائز و ادغام دو طرفہ۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ظا ہو۔ احترازی مثال اِطْطَلَبَ یہاں طا ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال ظَلَمَ یہ باب افتعال نہیں۔ اتفاقی مثال اظہار کی اِظْطَلَمَ ادغام[۲] کی اِظَّلَمَ اِطَّلَمَ **چوتھا حکم** یہ ہے کہ اظہار و ادغام یک طرفہ جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ صاد ضاد ہو۔ احترازی مثال اِجْتَهَدَ یہاں صاد ضاد نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہوں۔ احترازی مثال صَبَرَ ضَرَبَ اتفاقی مثال اظہار کی اِصْطَبَرَ اِضْطَرَبَ۔ ادغام[۳] کی اِصَّبَرَ اِضَّرَبَ۔

(۲۹) **قانون**: اگر یکے از دال، ذال، زا واقع شود مقابلہ فا کلمہ باب افتعال تائے ویرا دال کردہ وجوبًا دال را در دال ادغام می کنند وجوبًا و ذال مثل ظا و زا مثل صاد ضاد است۔

---

[۱] اِطَّلَبَ اصل میں اِطْتَلَبَ تھا پہلے حکم عمومی میں سے تا افتعال کو طا کیا تو اِطْطَلَبَ ہوا پھر اسی حکم سے طا کو طا میں ادغام کیا تو اِطَّلَبَ ہوا [۲] ظا فائے افتعال کی جگہ واقع ہو تو تائے افتعال وجوبًا طا ہو جائے گی جیسے اِظْتَلَمَ اب یہاں تین صورتیں ہیں جائز **پہلی صورت** فک ادغام (اظہار) جیسے اِظْطَلَمَ۔ یہ وجہ بہتر اور کثیر الاستعمال ہے **دوسری صورت** ادغام یعنی طا کو ظا کر کے ظا کو ظا میں ادغام کریں جیسے اِظَّلَمَ یہ صورت بھی کثیر الاستعمال ہے اس لیے کہ اس میں اس امر پر دلالت ہے کہ اس کا فا کلمہ ظا ہے نہ کہ طا مہملہ لیکن یہ صورت خلاف قیاس ضرور ہے۔ **تیسری صورت** ادغام یعنی ظا معجمہ کو طا مہملہ کر کے طا کو طا میں ادغام کریں جیسے اِطَّلَمَ یہ قلیل الاستعمال و موافق قیاس ہے [۳] صاد ضاد جب فا افتعال کی جگہ واقع ہو تو تائے افتعال طا سے وجوبًا تبدیل ہو جائے گی جیسے اِصْطَبَرَ اِضْطَرَبَ۔ اب یہاں دو صورتیں ہیں جائز **پہلی صورت** فکّ ادغام (اظہار) جیسے اِصْطَبَرَ اِضْطَرَبَ یہ صورت احسن اور اکثر ہے۔ **دوسری صورت** ادغام بقلب طا بجنس ما قبل یعنی طا کو صاد ضاد کر کے صاد کو صاد میں اور ضاد کو ضاد میں ادغام کریں جیسے اِصَّبَرَ اِضَّبَرَ باقی اس کے برعکس جائز نہیں یعنی صاد ضاد کو طا کر کے طا کو طا میں ادغام کریں جیسے اِطَّبَرَ اِطَّرَبَ کیونکہ اس صورت میں حرف صفیر صاد اور حرف ضوی مستفر (ضاد) کا ادغام غیر میں لازم آتا ہے حالانکہ یہ صرف اپنی مثل میں ادغام ہو سکتے ہیں مثلاً صاد صاد میں اور ضاد ضاد میں۔ اور یہ ادغام خلاف قیاس بھی ہے۔ فافہم وانصف

اس قانون کا نام ہے اِدَّغَمَ اِذَّکَرَ اِزَّجَرَ کا قانون ۔ اس کے لیے چار حکم ہیں۔ ایک حکم عمومی، تین حکم خصوصی۔ ہر حکم کے لیے دو دو شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ تا افتعال کو دال کرنا واجب ہے ۔ **پہلی شرط** دال ذال زا ان تین حروف میں سے ایک حرف ہو۔ احترازی مثال اِکْتَسَبَ یہاں کوئی نہیں **دوسری شرط** مقابلہ فا کلمہ باب[1] افتعال کے ہوں ۔ احترازی مثال دَکَرَ ذَکَرَ زَجَرَ یہاں باب افتعال نہیں۔ اتفاقی مثال اِدْتَغَمَ اِذْتَکَرَ اِزْتَجَرَ سے اِدْدَغَمَ اِذْدَکَرَ اِزْدَجَرَ

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ دال کو دال میں ادغام کرنا واجب ہے بقانون متجانسین **پہلی شرط** یہ ہے کہ دال ہو۔ احترازی مثال اِکْتَسَبَ یہاں دال نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال دَغَمَ یہ باب افتعال نہیں ۔ اتفاقی مثال اِدْدَغَمَ سے اِدَّغَمَ۔ **تیسرا حکم** یہ ہے کہ اظہار جائز و ادغام دو طرفہ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ذال ہو۔ احترازی مثال اِکْتَسَبَ یہاں ذال نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال ذَکَرَ یہ باب افتعال نہیں۔ اتفاقی مثال اظہار کی اِذْدَکَرَ[2] ادغام کی اِذَّکَرَ اِدَّکَرَ۔ **چوتھا حکم** یہ ہے کہ اظہار و ادغام یک طرفہ جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ زا ہو۔ احترازی مثال اِکْتَسَبَ یہاں زا نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال زَجَرَ یہ باب افتعال نہیں ۔ **اتفاقی مثال** اظہار[3] کی اِزْدَجَرَ ادغام کی اِزَّجَرَ۔

---

[1] فا کلمہ کا افتعال میں جب دال مہملہ ، ذال معجمہ یا زائے منقوطہ واقع ہوں تو تائے افتعال دال مہملہ سے وجوبًا بدل جاتی ہے کیونکہ دال تا سے مخرج میں قریب ہے اور ذال اور زا سے صفت میں موافق ہے

[2] ذال مقابلہ فا کلمہ باب افتعال ہو تو تائے افتعال وجوبًا دال ہو جائے گی جیسے اِذْتَکَرَ سے اِذْدَکَرَ۔ اب یہاں تین صورتیں جائز ہیں **پہلی صورت** فک ادغام (اظہار) جیسے اِذْدَکَرَ ، **دوسری صورت** ادغام یعنی ذال کو دال کر کے دال کو دال میں ادغام کریں جیسے اِدَّکَرَ۔ یہی صورت احسن اقویٰ اور موافق قیاس ہے **تیسری صورت** ادغام یعنی دال ذال کر کے ذال کو ذال میں ادغام کریں جیسے اِذَّکَرَ۔ یہ صورت خلاف قیاس ہے۔

[3] زا جب مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو تو تائے افتعال وجوبًا دال ہو جائے گی جیسے اِزْتَجَرَ سے اِزْدَجَرَ۔ اب یہاں جواز کی دو صورتیں ہیں **پہلی صورت** فک ادغام (اظہار) جیسے اِزْدَجَرَ یہ زیادہ فصیح ہے جیسے قولِ باری تعالیٰ مُزْدَجَرٌ۔ **دوسری صورت** ادغام یعنی دال کو زا کر کے زا کو زا میں ادغام کریں جیسے اِزَّجَرَ یہ خلافِ قیاس ہے ۔ برعکس جائز نہیں یعنی زا کو دال کر کے دال کو دال میں ادغام کریں جیسے اِدَّجَرَ کیونکہ حرف صغیر " زا "، کا ادغام غیر صفیر " دال " میں ممتنع ہے۔

۳۰ **قانون : اگر ثا واقع شود مقابلہ فا کلمہ باب افتعال اظہار و ادغام دو طرفہ جائز است مگر تا را ثا کردن اولیٰ است۔**

اس قانون کا نام اِثَّبَتَ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور دو شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ اظہار جائز اور ادغام دو طرفہ جائز **پہلی شرط** یہ ہے کہ ثا ہو۔ احترازی مثال اِكْتَسَبَ یہاں ثا نہیں۔ **دوسری شرط** مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال ثَبَتَ یہ باب افتعال نہیں۔ اتفاقی مثال اظہار کی اِثْتَبَتَ ادغام اَولیٰ کی اِثَّبَتَ۔ عدم اَولیٰ کی اِتَّبَتَ وجہ اولویت اتباع زائد باصلی بہتر ہے نہ عکس او۔ یعنی تا کو ثا کرنے کے بعد اجتماع مثلین اور سکون اول کی وجہ سے ادغام بالاتفاق واجب ہے۔

۳۱ **قانون : اگر یکے از دہ[1] حروف مذکورہ بالا واقع شود مقابلہ عین کلمہ باب افتعال تائے ویرا جنس عین کلمہ کردہ جوازاً ادغام می کنند وجوباً و اگر تا واقع شود ادغام جائز است و اگر یکے از حروفِ مذکورہ واقع شود مقابلہ فا کلمہ باب تَفَعُّل یا تَفَاعُل تائے آنہا را جنس فا کلمہ کردہ جوازاً ادغام می کنند وجوباً و اگر تا باشد ادغام جائز است**

اس قانون کا نام ہے خَصَّمَ کَظَّمَ کا قانون۔ اس کے لیے چار حکم ہیں ہر حکم کے لیے دو دو شرطیں ہیں **پہلا حکم** یہ ہے کہ تائے افتعال کو جنس عین کلمہ کی کرنا جائز اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے بقانون متجانسین۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ان دس (صاد، ضاد، طا، ظا، دال، ذال، زا، سین، شین، ثا) حرفوں میں سے کوئی حرف ہو۔ احترازی مثال اِجْتَمَعَ اِقْتَرَبَ یہاں ان دس حرفوں میں سے کوئی نہیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ مقابلہ میں عین کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال اِطَّلَمَ اِظْتَلَمَ یہاں مقابلہ فا کلمہ افتعال کے ہے۔ اتفاقی[2] مثال اِخْتَصَمَ اِكْتَظَمَ سے خَصَّمَ کَظَّمَ۔

---

[1] امثلہ از ادغام : اِكْتَسَرَ، اِنْتَشَرَ، اِخْتَصَمَ، اِفْتَضَلَ، اِلْتَطَمَ، اِكْتَظَمَ، اِعْتَدَلَ، اِعْتَذَرَ، اِعْتَزَلَ، اِنْتَشَرَ۔ امثلہ جنسیت : اِكْسَسَرَ، اِنْثَثَرَ، اِخْصَصَمَ، اِفْضَضَلَ، اِلْطَطَمَ، اِكْظَظَمَ، اِعْدَدَلَ، اِعْذَذَرَ، اِعْزَزَلَ، اِنْشَشَرَ۔ امثلہ بعد از ادغام : كَسَّرَ، نَشَّرَ، خَصَّمَ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ تا کو تا میں ادغام کرنا جائز ہے بقانون متجانسین ۔ **پہلی شرط** تا ہو۔ احترازی مثال اِجْتَمَعَ یہاں تا نہیں ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ عین کلمہ باب افتعال کے ہو۔ احترازی مثال قَتَلَ یہ باب افتعال نہیں ۔ **اتفاقی مثال** اِقْتَتَلَ سے قَتَّلَ[1] **تیسرا حکم** یہ ہے کہ تا باب تفعُّل وتفاعُل کو فا کلمہ کی جنس کرنا جائز ہے بعدہٗ جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے بقانون متجانسین ۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ مذکورہ دس حرفوں میں سے کوئی ایک ہو۔ احترازی مثال تَجَنَّبَ تَجَانَبَ یہاں ان میں سے کوئی نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے مقابلہ فا کلمہ باب تفعّل یا تفاعل کے ہو۔ احترازی مثال تَحَدَّبَ تَحَادَبَ یہاں عین کلمہ میں ہے فا کلمہ میں نہیں **اتفاقی مثال**[2] تَثَاقَلَ تَثَقَّلَ سے اِثَّاقَلَ اِثَّقَّلَ **چوتھا حکم** یہ ہے کہ تا کو تا میں ادغام کرنا جائز ہے ۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ تا ہو۔ احترازی مثال تَنَقَّلَ تَنَاقَلَ یہ تا زائدہ علامت باب ہے اصلی نہیں ۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب تفعّل تفاعُل کے ہو۔ احترازی مثال تَقَتَّلَ تَقَاتَلَ یہاں تا مقابلہ عین کلمہ کے ہے ۔ **اتفاقی مثال** تَتَرَّكَ تَتَارَكَ سے اِتَّرَّكَ اِتَّارَكَ دو ہم جنس کی ادغام کی وجہ ابتداء بالسکون محال تھا تو ہمزہ وصلی ابتداء میں لائے ۔

(۳۲) **قانون** : اگر یکے از یازدہ حروف مذکورہ دراو نون بعد از لام تعریف[3] واقع شود لام را جنس ایشان کردہ آید وجوبًا و اگر یکے از ایشان بعد از لام ساکن غیر تعریف واقع شود لام را جنس ایشان کردہ جوازًا ادغام می کنند وجوبًا سوائے را چراکہ درین جا واجب است ۔

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) فَضَّلَ، نَطَّمَ کَظَّمَ ۔ عَدَّلَ ۔ عَذَّرَ ۔ عَزَّلَ نَشَّرَ ۔ مزید وضاحت امثلہ خَصَّمَ ۔ خِصَّمَ اصل میں اِخْتَصَمَ تھا تا افتعال کو جنس صاد سے بدل کیا تو اِخْصَصَمَ ہوا پس دو صاد جمع ہوئیں اور ما قبل ان کا ساکن تھا اور قاعدہ ہے کہ دو متجانسین کے تحرک کی صورت میں جبکہ ان کا ما قبل ساکن ہو تو حرکت نقل کر کے ما قبل کو دیتے ہیں لہٰذا پہلے صاد کی حرکت جو فتحہ ہے خا کو دے دی پھر صاد کو صاد میں ادغام کر دیا تو اِخَصَّمَ ہوا اب ہمزہ ما بعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا تو خَصَّمَ بفتح الخا ہوا۔ یہ لغت افصح، اشہر موافق قیاس ہے اور بعض اہل صرف پہلے صاد کی حرکت فتحہ خا کو نہیں دیتے بلکہ گرا دیتے ہیں اور خا کو کسرہ عارضی دیتے ہیں خا کے متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ گر گیا تو خِصَّمَ بکسر الخا ہوا۔ ان دونوں صورتوں میں عین کلمہ مفتوح رہے گا یہی دونوں وجہیں مجہول میں بھی واقع ہوں گی جیسے خُصِّمَ خِصِّمَ اصل میں اُخْتُصِمَ تھا ان دونوں صورتوں میں عین کلمہ مکسور رہے ۔ باقی امثلہ کو اس پر قیاس کریں ۔

[1] جہاں دو حرف متجانسین متحرک آخر کلمہ میں نہ ہوں تو ادغام واجب نہیں ۔ کذا فی الرضی بحوالہ دستور المبتدی ۔ واللہ اعلم بالصواب

[2] تَثَقَّلَ تَثَاقَلَ تائے زائدہ کو فا کی جنس سے بدلا تو تَثْثَقَّلَ تَثْثَاقَلَ ہوئے دو ہم جنس کو ادغام کی صورت میں پہلے کو ساکن کیا تو ابتداء ساکن ممکن نہ تھا لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی لائے تو اِثَّاقَلَ اِثَّقَّلَ ہوئے ۔ باقی امثلہ کو ان دونوں پر قیاس کر لیں ۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اس قانون کا نام ہے حروف شمسی وقمری کا قانون ۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ ہر حکم کے لیے دو دو شرطیں ہیں
**پہلا حکم** یہ ہے کہ لام تعریف کو حروفِ شمسی کی جنس کرنا واجب ہے اور ادغام کرنا بھی واجب ۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ حروف شمسی میں سے کوئی ایک حرف ہو۔ احترازی مثال اَلْحَمْدُ یہاں حروف شمسی میں سے کوئی نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ لام تعریف کے بعد ہو۔ احترازی مثال بَلْ سَوَّلَتْ یہاں لام تعریف کے بعد نہیں۔ اتفاقی مثال اَلرَّحْمٰنُ اصل میں اَلْرَحْمٰنُ تھا لام تعریف کو حرف شمسی کی جنس کیا تو اَرْرَحْمٰنُ ہوا بعدہٗ جنس کو جنس میں ادغام کیا تو اَلرَّحْمٰنُ ہوا۔ لام تعریف کتابت میں آئے گا قراءت میں نہیں ۔
**دوسرا حکم** یہ ہے کہ لام ساکن غیر تعریف کو حروف شمسی کی جنس کرنا جائز، جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ حروف شمسی میں سے کوئی ایک حرف ہو۔ احترازی مثال بَلْ فَعَلَ یہاں حروف شمسی نہیں ۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ لام ساکن غیر تعریف کے بعد ہو۔ احترازی مثال اَلرَّحْمٰنُ یہاں لام تعریف کے بعد ہے اتفاقی مثال بَلْ سَوَّلَتْ حرف شمسی کو لام ساکن غیر تعریف کی جنس کر کے بَسْ سَوَّلَتْ پڑھنا جائز۔ بعدہٗ جنس کو جنس میں ادغام کر کے بَسَّوَّلَتْ پڑھنا واجب ہے۔
**فائدہ** : اگر لام ساکن غیر تعریف کے بعد حرف شمسی را آ ہے تو پھر لام کو را کی جنس کرنا واجب اور را کو را میں ادغام کرنا بھی واجب ہے جیسے قُلْ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا سے قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔
**سوال** : بَلْ رَانَ میں جمیع شرائط موجود ہونے کے باوجود ادغام کیوں نہیں کیا گیا ؟
**جواب** : بَلْ رَانَ میں لام اور را کے درمیان وقف واجب ہے اور ادغام بھی واجب ہے لیکن ادغام کی صورت میں وقف نہیں رہتا ہے۔ تو ایک واجب سے رجوع کر کے دوسرے واجب پر عمل کرنا لغو ہے اس لیے وقف کو برقرار رکھا گیا ۔
**وجہ تسمیہ** یہ ہے کہ جیسے سورج کے طلوع ہونے سے ستارے چھپ جاتے ہیں ایسے ہی حروف شمسی کے داخل ہونے سے لام تعریف کی چھپ جاتی ہے اور جیسے چاند کے آنے سے ستارے باقی رہتے ہیں ایسے ہی حروفِ قمری کے داخل ہونے سے لام تعریف باقی رہتی ہے ۔

---

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) **امثلہ تفعل بغیر ادغام** : تَسَمَّعَ تَشَجَّعَ تَصَعَّدَ تَضَرَّعَ تَطَهَّرَ تَزَیَّنَ تَذَکَّرَ تَدَثَّرَ تَظَلَّمَ
**امثلہ جنسیت** : سَسَمَّعَ ۔ شَشَجَّعَ ۔ صَصَعَّدَ ۔ ضَضَرَّعَ ۔ طَطَهَّرَ ۔ زَزَیَّنَ ۔ ذَذَکَّرَ ۔ دَدَثَّرَ ۔ ظَظَلَّمَ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۳۳) **قانون** : ہر مضارع مشدّد الآخر وقت دخول جوازم وبنا کردن امر حاضر معلوم در آن سہ وجہ خواندن جائز است بشرطیکہ مضارع مضموم العین نہ باشد وگرنہ در آن چہار وجہ خواندن جائز است ۔

اس قانون کا نام ہے لَمْ یَحْمَرَّ لَمْ یَحْمَرِّ لَمْ یَحْمَرِرْ کا قانون ۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کے لیے تین تین شرطیں ہیں ۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ مضارع میں تین وجوہ پڑھنا جائز ہے ۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ مضارع کا آخر مشدّد ہو ۔ احترازی مثال لَمْ یَضْرِبْ **دوسری شرط** کوئی حرف جوازم میں سے داخل ہو یا امر حاضر معلوم

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) **امثلہ جنسیت بعد از ادغام** : اِسَّمَّعَ ۔ اِشَّجَّعَ ۔ اِصَّعَّدَ ۔ اِضَّيَّعَ ۔ اِطَّهَّرَ ۔ اِزَّيَّنَ ۔ اِذَّكَّرَ ۔ اِدَّثَّرَ ۔ اِظَّلَّمَ ۔

؎ **امثلہ تفاعل بغیر ادغام** : تَسَامَعَ ۔ تَشَابَهَ ۔ تَصَابَرَ ۔ تَضَارَبَ ۔ تَطَالَبَ ۔ تَظَاهَرَ ۔ تَدَارَكَ ۔ تَذَاكَرَ ۔ تَزَاجَرَ

**امثلہ جنسیت** : سَسَامَعَ ۔ شَشَابَهَ ۔ صَصَابَرَ ۔ ضَضَارَبَ ۔ طَطَالَبَ ۔ ظَظَاهَرَ ۔ دَدَارَكَ ۔ ذَذَاكَرَ ۔ زَزَاجَرَ ۔

**امثلہ بعد از ادغام** : اِسَّامَعَ ۔ اِشَّابَهَ ۔ اِصَّابَرَ ۔ اِضَّارَبَ ۔ اِطَّالَبَ ۔ اِظَّاهَرَ ۔ اِدَّارَكَ ۔ اِذَّاكَرَ ۔ اِزَّاجَرَ ۔

؎ لام تعریف وہ ہے جس سے پہلے الف ہو لام تعریف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے جیسے اَلْحَمْدُ ۔ لام غیر تعریف وہ ہے جس سے پہلے الف نہ ہو جیسے بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ ۔

جملہ حروف تہجی دو قسم پر ہیں ایک شمسی دوسرا قمری ۔ **حروف شمسی** تیرہ ہیں : صاد[1]، ضاد[2]، طا[3]، ظا[4]، دال[5]، ذال[6]، زا[7]، سین[8]، شین[9]، تا[10]، ثا[11]، را[12]، نون[13] ۔ باقی قمری ہیں ۔

۱؎ **امثلہ حروف شمسی بعد از لام تعریف** : اَلسَّامِعُ ۔ اَلشَّاكِرُ ۔ اَلصَّابِرُ ۔ اَلنُّوْرُ ۔ اَلطَّالِبُ ۔ اَلظَّالِمُ ۔ اَلدَّاخِلُ ۔ اَلذَّاكِرُ ۔ اَلزَّاجِرُ ۔ اَلتَّاجِرُ ۔ اَلثَّابِتُ ۔ اَلرَّحْمٰنُ ۔

**امثلہ جنسیت** : اَسْسَامِعُ ۔ اَشْشَاكِرُ ۔ اَصْصَابِرُ ۔ اَضْضَارِبُ ۔ اَطْطَالِبُ ۔ اَظْظَالِمُ ۔ اَدْدَاخِلُ ۔ اَذْذَاكِرُ ۔ اَزْزَاجِرُ ۔ اَتْتَاجِرُ ۔ اَثْثَابِتُ ۔ اَرْرَحْمٰنُ ۔ اَنْنُوْرُ ۔

**امثلہ بعد از ادغام** : اَلسَّامِعُ ۔ اَلشَّاكِرُ ۔ اَلصَّابِرُ ۔ اَلضَّارِبُ ۔ اَلطَّالِبُ ۔ اَلظَّالِمُ ۔ اَلدَّاخِلُ ۔ اَلذَّاكِرُ ۔ اَلزَّاجِرُ ۔ اَلتَّاجِرُ ۔ اَلثَّابِتُ ۔ اَلرَّحْمٰنُ ۔ اَلنُّوْرُ ۔

۲؎ **امثلہ حروف شمسی بعد از لام غیر تعریف** : بَلْ سَامِعٌ ۔ بَلْ شَاكِرٌ ۔ بَلْ صَابِرٌ ۔ بَلْ ضَارِبٌ ۔ بَلْ طَالِبٌ ۔ بَلْ ظَالِمٌ ۔ بَلْ دَاخِلٌ ۔ بَلْ ذَاكِرٌ ۔ بَلْ زَاجِرٌ ۔ بَلْ تَاجِرٌ ۔ بَلْ ثَابِتٌ ۔ بَلْ رَاحِمٌ ۔ بَلْ نَارٌ ۔

**امثلہ جنسیت** : بَسْ سَامِعٌ ۔ بَشْ شَاكِرٌ ۔ بَصْ صَابِرٌ ۔ بَضْ ضَارِبٌ ۔ بَطْ طَالِبٌ ۔ بَظْ ظَالِمٌ الخ

**امثلہ بعد از ادغام** : بَسَّامِعٌ ۔ بَشَّاكِرٌ ۔ بَصَّابِرٌ ۔ بَضَّارِبٌ ۔ بَطَّالِبٌ ۔ بَظَّالِمٌ الخ

بنائیں۔ احترازی مثال یَحْمَرَّ تَحْمَرُّ یہاں حرفِ جوازم داخل نہیں ہوا اور امر حاضر معلوم بھی بنا نہیں کیا گیا۔
تیسری شرط یہ ہے کہ مضارع کا عین کلمہ مضموم نہ ہو۔ احترازی مثال لَمْ یَمُدُّ یہاں مضارع مضموم العین ہے۔ اتفاقی مثال یَحْمَرُّ سے لَمْ یَحْمَرَّ لَمْ یَحْمَرِّ لَمْ یَحْمَرِرْ تَحْمَرُّ سے امر حاضر معلوم جیسے اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ دوسرا حکم یہ ہے کہ مضارع معلوم میں چار وجوہ پڑھنا جائز ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ مضارع کا آخر مشدد ہو۔ احترازی مثال لَمْ یَضْرِبْ دوسری شرط یہ ہے کہ کوئی حرف جوازم داخل ہو یا امر حاضر معلوم بنا کریں۔ احترازی مثال مَدَّ یَمُدُّ یہاں جوازم داخل نہیں اور امر حاضر معلوم بھی بنا نہیں کیا گیا ہے تیسری شرط یہ ہے کہ مضارع کا عین کلمہ مضموم ہو احترازی مثال لَمْ تَحْمَرَّ یہاں مضموم العین نہیں۔ اتفاقی مثال یَمُدُّ سے لَمْ یَمُدَّ لَمْ یَمُدِّ لَمْ یَمُدُّ لَمْ یَمْدُدْ۔ تَمُدُّ سے مُدَّ مُدِّ مُدُّ اُمْدُدْ۔

ف: معتل کے قواعد جاننے سے پہلے امور اربعہ کا جاننا ضروری ہے: 1 اعلال کے لغوی معنی 2 اصطلاحی معنی، 3 اقسامِ اعلال 4 حروفِ اعلال۔ اعلال لغت میں مطلق تبدیلی کو کہتے ہیں اصطلاح میں حرف علت کے تغیر کو کہتے ہیں۔ اعلال کے تین قسم ہیں: اعلال بالحذف، اعلال بالقلب، اعلال بالاسکان۔ اعلال کے حروف تین ہیں: واؤ۔ الف۔ یا

(۳۴) **قانون:** ہر واوے کہ واقع شود مقابلہ فا کلمہ مصدرے کہ بروزن فِعْلٌ باشد بشرطیکہ مضارع معلومش نیز معلل باشد کسرۂ اش را نقل کردہ بما بعد دادہ آنرا حذف کردہ عوضش تائے متحرکہ در آخرش در آورند وجوباً بکلیۃ اِقَامَةٌ و آن این است

اس قانون کا نام ہے عِدَةٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔
حکم یہ ہے کہ واؤ کی حرکت کسرہ کو نقل کر کے مابعد کو دینا اور اس کو حذف کرنا واجب ہے۔
حذف شدہ حرف کے عوض آخر میں تا متحرکہ لانا واجب ہے بقانون اِقَامَةٌ اِسْتِقَامَةٌ۔
پہلی شرط یہ ہے کہ واؤ ہو۔ احترازی مثال یُسْرٌ یہاں یا ہے دوسری شرط یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال قَوْلٌ یہاں عین کلمہ کے مقابلہ میں ہے تیسری شرط یہ ہے کہ صیغہ مصدر کا ہو۔ احترازی مثال وِزْرٌ وِتْرٌ یہ مصدر نہیں۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ یہ مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال وَصْلٌ یہ فِعْلٌ کا وزن نہیں۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ واؤ اسی باب کے مضارع معلوم میں حذف ہو چکا ہو۔ احترازی مثال وِجْلٌ اس باب میں مضارع معلوم یَوْجَلُ سالم ہے۔ اتفاقی مثال عِدَةٌ کہ اصل میں وِعْدٌ تھا۔

(۳۵) **قانون :** درمصدر ہر حرفیکہ بجز التقائے تنوینی بیفتد عوضش تائے متحرکہ درآخرش درآرند وجوبًا مگر لُغَۃٌ ومِأَۃٌ شاذ اند ۔

اس قانون کا نام ہے اِقَامَۃٌ اِستِقَامَۃٌ کا قانون ۔ اس کے لیے ایک حکم اور دو شرطیں ہیں ۔
**حکم** یہ ہے کہ حذف شدہ حرف کے عوض آخر میں تا متحرکہ لانا واجب ہے ۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ صیغہ مصدر میں کوئی حرف گرا ہو ۔ احترازی مثال یَعِدُ یہاں مضارع میں حرف واؤ گرا ہے ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ یہ حذفیت التقائے تنوینی کی وجہ سے نہ ہو ۔ یعنی دوسرا ساکن نون تنوین نہ ہو ۔ احترازی مثال ھُدًی[1] اصل میں ھُدَیٌ تھا ۔ اتفاقی مثال جہاں ساکن ثانی نون تنوین نہیں مثال اِقْوَامٌ[2] سے اِقَامَۃٌ اِستِقْوَامٌ سے اِستِقَامَۃٌ ۔ اور جہاں دوسرا ساکن بالکل نہ ہو جیسے وِعْدٌ سے عِدَۃٌ ۔

**اعتراض :** لُغَۃٌ مِأَۃٌ اصل لُغَوٌ مِأَیٌ تھے قال کے قانون سے لُغَانٌ مِأَانٌ ہوئے پس التقائے ساکنین ہوا ۔ درمیان الف و نون تنوین کے پہلا ساکن مدہ ہونے کی وجہ سے حذف ہو گیا اور اس کے عوض آخر میں تائے متحرکہ لائے تو لُغَۃٌ مِأَۃٌ ہوئے ۔ خلاصہ یہ کہ دوسری شرط کے مفقود ہونے کے باوجود تا کا الحاق کیوں کیا گیا ؟

**جواب :** یہ اعتراض قلتِ توجہ فی عبارت المصنفؒ کا نتیجہ ہے کیونکہ مصنفؒ نے خود تصریح فرمادی کہ یہ شاذ ہیں یعنی موافقِ استعمال مخالف قانون ، اس کو شاذ احسن کہتے ہیں ۔

(۳۶) **قانون :** ہر واو ساکن مظہر غیر واقع مقابلہ فا کلمہ باب افتعال ما قبلش مکسور آن واؤ را بیا بدل کنند وجوبًا بشرطیکہ باعثِ تحریکش موجود نباشد ۔

---

[1] ھُدًی اصل میں ھُدَیٌ تھا قَالَ بَاعَ کے قانون سے ھُدَاْنْ ہوا ، دو ساکن جمع ہوئے پہلا ساکن مدہ تھا حذف ہوا تو ھُدًی ہو گیا ۔ یہاں زیر بحث قانون جاری نہ ہو گا کیونکہ ساکن ثانی نون تنوین ہے ۔ [2] اِقَامَۃٌ اصل میں اِقْوَامٌ تھا یُقَالُ کے قانون سے اِقَاامٌ ہوا ۔ دونوں الف ساکن ہو گئے اور دوسرا ساکن نون تنوین نہیں ۔ امام اخفشؒ پہلے الف کو حذف کرتے ہیں ۔ امام سیبویہؒ دوسرے الف کو حذف کرتے ہیں ۔ بعدہٗ حذف شدہ حرف کے عوض آخر میں تا متحرک لائے تو اِقَامَۃٌ ہوا ۔ اسی پر اِستِقَامَۃٌ کو قیاس کرو ۔ اسی تا کو اضافت کے وقت حذف کر دینا جائز ہے جیسے اِقَامِ الصَّلٰوۃِ ۔ عِدَ الاَمْرِ ۔ اصل میں اِقَامَۃٌ عِدَۃٌ تھے ۔

اس قانون کا نام مِیعَادٌ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور چھ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واؤ کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واؤ ہو۔ احترازی مثال یُسْرٌ یہاں واؤ نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ساکن ہو۔ احترازی مثال عِوَضٌ یہاں متحرک ہے **تیسری شرط** یہ ہے کہ مظہر ہو۔ احترازی مثال اِجْلِوَّاذٌ یہاں مدغم ہے **چوتھی شرط** یہ ہے کہ واو مقابلہ فاکلمہ باب افتعال کے نہ ہو۔ احترازی مثال اِتَّقَدَ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، یہاں مقابلہ فاکلمہ باب افتعال کے واؤ ہے۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ واؤ کا ماقبل مکسور ہو۔ احترازی مثال قَوْلٌ مُوْجِبٌ یہاں مفتوح و مضموم ہے **چھٹی شرط** یہ ہے کہ اس واؤ کے حرکت دینے کا سبب موجود نہ ہو۔ احترازی مثال اِوَّزَةٌ اصل میں اِوْزَزَةٌ تھا زا کو زا میں ادغام کرنے کی صورت میں واؤ کے متحرک ہونے کا سبب موجود ہے۔ اتفاقی مثال مِوْعَادٌ مِوْعَدَةٌ سے مِیعَادٌ مِیعَدَةٌ۔

**(۴۷) قانون:** ہر واؤ و یائے ساکنہ غیر بدل از ہمزہ کہ واقع شود مقابلہ فاکلمہ باب افتعال یا تَفَعُّل یا تَفَاعُل آن را تا کردہ در تا ادغام می کنند وجوباً بر اکثر لغت اہل حجاز در افتعال و بر بعض لغت اہل حجاز در تَفَعُّل و تَفَاعُل مگر اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ شاذ است۔

اس قانون کا نام اِتَّقَدَ اِتَّسَرَ کا قانون ہے۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کے لیے تین تین شرطیں۔ **پہلا حکم** واؤ اور یا کو تا اور تا کو تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا ہوں۔ احترازی مثال اِجْتَهَدَ اِكْتَسَبَ یہاں واؤ اور یا نہیں۔ **دوسری شرط** واؤ اور یا ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال اِیْتَمَرَ اُوْتُمِرَ اصل میں اِءْتَمَرَ اُءْتُمِرَ تھے۔ یہاں واؤ اور یا ہمزہ سے بدل شدہ ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فاکلمہ باب افتعال کے ہوں۔ احترازی مثال اِجْتَوَبَ اِخْتَیَرَ۔ یہاں عین کلمہ کے مقابلہ میں ہیں۔ اتفاقی مثال اِتَّقَدَ اِتَّسَرَ جو کہ

---

لہ اِتَّقَدَ اِتَّسَرَ اصل میں اِوْتَقَدَ اِیْتَسَرَ تھے واؤ اور یا کو تا کیا اِتْتَقَدَ اِتْتَسَرَ ہوئے بعدہٗ تا کو تا میں ادغام کیا تو اِتَّقَدَ اِتَّسَرَ ہوئے یہ لغتِ فصیح ہونے کی وجہ درجۂ وجوب کو پہنچی ہوئی ہے۔

نوٹ: اِوْتَقَدَ کو بقانون میعاد یا نہیں کیا گیا۔ کیونکہ کسرہ ماقبل معرض زوال میں اور واؤ کی تا کے ساتھ قریب المخرج ہونے کی علت قوی ہے لہٰذا راجح پایا گیا اور ہمارا قانون میعاد کا توہم دور ہوگیا۔

اصل میں اِوْتَقَدَ اِیْتَسَرَ تھے۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ واؤ اور یا کو تا کرنا جائز اور تا کو تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا ہوں۔ احترازی مثال تَضَرَّبَ تَضَارَبَ یہاں واؤ اور یا نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال تُوُدِّبَ تُوُوْدِبَ اصل میں تُؤُدِّبَ تُؤُوْدِبَ تھے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب تَفَعُّل یا تَفَاعُل کے ہوں۔ احترازی مثال تَقَوَّلَ تَحَیَّرَ تَقَاوَلَ تَبَایَعَ یہاں مقابلہ عین کلمہ کے ہیں۔ **اتفاقی مثال**[1] تَوَعَّدَ تَیَسَّرَ سے اِتَّعَدَ اِتَّسَرَ تَوَاعَدَ تَیَاسَرَ سے اِتَّاعَدَ اِتَّاسَرَ۔

(۳۸) **قانون**: ہر دال ساکن مابعدش تائے متحرکہ غیر تا افتعال باشد آن را تا کردہ در تا ادغام می کنند وجوباً بشرطیکہ وحدت کلمہ باشد وگرنہ جائز است ہمچنین تائے ساکن مابعدش دال متحرک باشد آن را دال کردہ در دال ادغام می کنند وجوباً بشرطیکہ وحدت کلمہ باشد وگرنہ جائز است۔

اس قانون کا نام ہے وَعَدتُّ کا قانون۔ اس کے لیے چار حکم ہیں، پہلے حکم کے لیے چار شرائط ہیں باقی حکموں کے لیے تین تین شرطیں ہیں **پہلا حکم** یہ ہے کہ دال کو تا کر کے تا کو تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ دال ساکن ہو۔ احترازی مثال وَعَدَ یہاں ساکن نہیں۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ دال کے بعد تائے متحرکہ ہو۔ احترازی مثال وَعَدْنَ یہاں تا بالکل نہیں۔
**تیسری شرط** یہ ہے کہ یہ تا باب افتعال کا نہ ہو۔ احترازی مثال اِدْتَغَمَ یہاں دال ساکن کے بعد

---

[1] مثال تَفَاعُل اِتَّاعَدَ اِتَّاسَرَ اصل میں تَوَاعَدَ تَیَاسَرَ تھے واؤ اور یا کو تا کیا تو تَتَاعَدَ تَتَاسَرَ ہوئے بعدہٗ تا کو تا میں ادغام کیا تو ابتداء بالسکون محال تھا اس لیے ہمزہ وصلی لائے تو اِتَّاعَدَ اِتَّاسَرَ ہوئے مثال تَفَعُّل اِتَّعَدَ اِتَّسَرَ اصل میں تَوَعَّدَ تَیَسَّرَ تھے واؤ اور یا کو تا کیا تَتَعَّدَ تَتَسَّرَ ہوئے بعدہ تا کو تا میں ادغام کیا تو ابتدا میں ہمزہ وصلی لائے اِتَّعَدَ اِتَّسَرَ ہوئے
فائدہ: ہمزہ وصلی وہاں لائیں گے جہاں ابتداء بالسکون محال ہو جیسے امثلہ بالا میں۔ اور جہاں ابتداء بالسکون محال نہ ہو وہاں ہمزہ وصلی نہیں لائیں گے جیسے یَتَوَاعَدُ یَتَوَعَّدُ سے یَتَّاعَدُ یَتَّعَّدُ الخ یہ لغت بالکل شاذ اور بالکل قلیل ہے۔

تا افتعال ہے۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ دال ساکن اور اس کا ما بعد ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال قَدْ تَبَیَّنَ یہاں دال اور اس کا ما بعد جدا جدا کلمہ میں ہیں۔ اتفاقی مثال وَعَدْتَ سے وَعَدْتٌ
دوسرا حکم یہ ہے کہ دال کو تا کر کے تا کو تا میں ادغام کرنا جائز ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ دال ساکن ہو۔ احترازی مثال وَعَدَ دوسری شرط دال کے بعد تا متحرکہ ہو۔ احترازی مثال وَعَدْنَ۔
تیسری شرط یہ ہے کہ دال اور اس کا مابعد تا متحرک جدا جدا کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال وَعَدْتَ یہاں جدا کلمہ نہیں۔ اتفاقی مثال قَدْ تَبَیَّنَ سے قَدْ تَّبَیَّنَ۔
تیسرا حکم یہ ہے کہ تا کو[1] دال کر کے دال کو دال میں ادغام کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ تا ساکن ہو۔ احترازی مثال سَکَتَ یہاں ساکن نہیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ تا کے بعد دال متحرک ہو۔ احترازی مثال قَالَتِ ادْعُوْا یہاں تا کے بعد دال ساکن ہے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ تا اور اس کا ما بعد دال ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال اُثْقِلَتْ دَّعَوَاللّٰہَ یہاں جدا جدا کلمہ میں ہیں۔ اتفاقی مثال اَلْمَتْدُ سے اَلْمَدُّ[2] پڑھنا واجب ہے۔ چوتھا حکم یہ ہے کہ تا کو دال کر کے دال کو دال میں ادغام کرنا جائز ہے۔ پہلی شرط تا کے ساکن ہو۔ احترازی مثال سَکَتَ دوسری شرط یہ ہے کہ تا کے بعد دال متحرک ہو۔ احترازی مثال قَالَتِ ادْعُوْا تیسری شرط تا اور اس کا ما بعد دال جدا جدا کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال اَلْوَتْدُ یہاں جدا کلمہ میں نہیں۔ اتفاقی مثال اُثْقِلَتْ دَعَوَاللّٰہَ سے اُثْقِلَتْ دَّعَوَاللّٰہَ پڑھنا جائز ہے

(۳۹) **قانون** ہر واو مضموم یا مکسور کہ واقع شود در اول کلمہ ما بعد ش دیگر واو متحرک نباشد یا مضموم مخفف بحرکت لازمی مقابلہ عین کلمہ باشد ہمزہ می شود جوازاً بشرطیکہ در مضارع معلوم نباشد۔

اس قانون کا نام ہے اُعِدَ اِشَاحٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم ہے۔ شرطوں کی دو جماعتیں ہیں، پہلی جماعت کے لیے تین شرطیں ہیں۔ دوسری جماعت کے پانچ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ **جماعت اول پہلی شرط** یہ ہے کہ واؤ مضموم یا مکسور ہو۔

---

[1] اگر ادغام کے بعد ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ کے ساتھ التباس ہوتا ہو تو ادغام ممتنع ہے بشرطیکہ متقاربین ایک کلمہ میں ہوں جیسے وَطْدٌ (مضبوط کرنا) اور وَتْدٌ (میخ گاڑنا) پس اگر ان کی طا اور تا کو دال میں ادغام کیا جائے تو یہ دونوں وَدٌّ (دوستی) سے ملتبس ہوجائیں گے تو معلوم نہیں ہوگا کہ ان کی پہلی دال اصلی ہے یا یا طا سے بدلی ہوئی ہے یا تا سے۔ [2] یہ لغت اہلِ نجد کا ہے۔

احترازی مثال وَعَدَ یہاں مفتوح ہے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ واؤ اول کلمہ میں ہو۔ احترازی مثال قَوْلَ یہاں درمیان کلمہ میں ہے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ اس[1] واؤ کا مابعد اور واؤ متحرک نہ ہو۔ احترازی مثال وُوَیْعِدَ یہاں واؤ کے مابعد اور واؤ متحرک ہے۔ اتفاقی مثال وُعِدَ وِشَاحٌ وُوْعِدَ سے أُعِدَ إِشَاحٌ أُوْعِدَ پڑھنا جائز ہے۔ جماعت دوم: پہلی شرط یہ ہے کہ واؤ مضموم ہو۔ احترازی مثال قُوِلَ یہاں مکسور ہے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ مخفف ہو۔ احترازی مثال تَحَوُّلُ یہاں مشدد ہے تیسری شرط یہ ہے کہ اس واؤ کی حرکت لازمی ہو۔ احترازی مثال رَاوُوْنَ اصل میں رَاوِيُوْنَ تھا۔ یہاں واؤ کی حرکت ضمہ عارضی ہے۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ مقابلہ عین کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال یَدْعُوْ یہاں مقابلہ لام کلمہ کے ہے۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ مضارع معلوم میں نہ ہو[2]۔ احترازی مثال یَقُوْلُ یہاں مضارع معلوم میں ہے۔ اتفاقی مثال قَوُلٌ اَدْوُرٌ سے قَؤُلٌ اَدْؤُرٌ پڑھنا جائز ہے۔

**(۴۰) قانون:** ہر باب مثال واوی بروزن مَنَعَ یَمْنَعُ یا کہ ماضی او نیافتہ شدہ باشد یا مضارع معلومش بروزن یَفْعِلُ باشد در مضارع معلوم او فا کلمہ را حذف کنند وجوباً و از باب فَعِلَ یَفْعَلُ در دو باب وَسِعَ یَسَعُ وَطِئَ یَطَئُ نیز۔

اس قانون کا نام یَعِدُ ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور شرطوں کی تین جماعتیں ہیں۔ حکم یہ ہے کہ مضارع معلوم میں فا کلمہ کو حذف کرنا واجب ہے۔ اس کے لیے ایک حکم ہے اور شرطوں کی تین جماعتیں۔ ہر جماعت[1] کے لیے دو دو[2] شرطیں ہیں

---

[1] یہاں واؤ کے بعد اور واؤ متحرک کی نفی ہے جیسے وُوِرَ اگر اس واؤ کے بعد اور واو بالکل نہیں یا واو ساکن ہے تو ان دونوں صورتوں میں قانون جاری ہوجائے گا۔ جیسے وُعِدَ دُوْعِدَ سے أُعِدَ أُوْعِدَ پڑھنا جائز ہے

فائدہ: کبھی واؤ مفتوح کو بھی ہمزہ سے بدلا جاتا ہے جیسے اَحَدٌ اَنَاةٌ اَسْمَاءٌ جو اس کو فَعْلَاءُ کے وزن پر مانتے ہیں کہ اصل میں وَحَدٌ وَنَاةٌ وَسْمَاءٌ تھے۔ اسی طرح کبھی واؤ مضمومہ تا سے بدل جاتی ہے جیسے تُجَاهٌ تُكْلَانٌ تُرَاثٌ کہ اصل میں وُجَاهٌ وُكْلَانٌ وُرَاثٌ تھے۔ واو مفتوحہ اور تا کا ہمزہ سے بدلنا شاذ ہے قیاسی نہیں بحسب سماع ہے لہٰذا حکم مذکور کو منتقض نہیں ہوگا کیونکہ قانون اکثری ہے نہ کہ کلی۔

[2] واضح ہو کہ اس جگہ واو وسط کا ہمزہ سے بدلنے کا ذکر ہمزہ مضمومہ در اول کلمہ کے تبعاً ہے ورنہ اس کا ذکر قوانین اجوف میں ہونا چاہیے تھا۔

**جماعت اول** : پہلی **شرط** یہ ہے کہ باب مثال واوی[1] کا ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ یہ مثال یائی ہے
دوسری **شرط** یہ ہے کہ مَنَعَ یَمْنَعُ کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال وَسُمَ یَوْسُمُ یہ مَنَعَ یَمْنَعُ کے وزن پر نہیں۔ اتفاقی مثال وَضَعَ یَوْضَعُ سے یَضَعُ

**جماعت دوم** : پہلی **شرط** یہ ہے کہ باب مثال واوی کا ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ یہ مثال یائی ہے
دوسری **شرط** یہ ہے کہ ایسا باب ہو جس کی ماضی کم استعمال ہوتا ہو۔ احترازی مثال وَسُمَ یَوْسُمُ اس باب کی ماضی اکثر مستعمل ہے۔ اتفاقی مثال یَوْذَرُ یَوْدَعُ سے یَذَرُ یَدَعُ۔

**جماعت سوم** : پہلی **شرط** یہ ہے کہ باب مثال واوی کا ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ یہ مثال یائی ہے۔
دوسری **شرط** یہ ہے کہ مضارع مکسورالعین ہو۔ احترازی مثال وَسُمَ یَوْسُمُ یہاں مضموم العین۔ اتفاقی مثال یَوْعِدُ سے یَعِدُ یَوْرِمُ سے یَرِمُ مضارع مکسورالعین ہو، ماضی عام ہے مکسورالعین ہو یا مفتوح العین ہو۔

**فائدہ** : عَلِمَ یَعْلَمُ کے وزن پر دو ایسے باب ہیں کہ سماعًا فاکلمہ مضارع میں حذف کیا گیا ہے وہ دو یہ ہیں وَسِعَ یَوْسَعُ وَطِئَ یَوْطَئُ سے یَسَعُ یَطَئُ۔

(۴۱) **قانون** : دو واؤ متحرک کہ جمع شوند در اول کلمہ واو اولے را ہمزہ بدل کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے اَوَاعِدُ اُوَیْعِدُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور چار شرطیں ہیں **حکم** یہ ہے کہ پہلی واؤ کو ہمزہ[2] سے

---

[1] مثال واوی کی قید لگا کر مثال یائی کو نکال دیا لفیف سے احتراز نہیں یعنی قانون لفیف میں جاری ہوگا۔ باقی یَئِسُ یا یَبِسُ اصل میں یَیْئِسُ تھے۔ مضارع حذف یا کے ساتھ یا ابدالِ الف کے ساتھ مذکورہ قانون کے شذوذ ہیں۔
فائدہ : جہاں ابدال اور حذف کا آپس میں تعارض ہو وہاں حذف کو ترجیح د[ی جا]ئے گی۔ برائے تخفیف کلام جیسے اِوْعِدْ یہاں یَعِدُ کا قانون جاری کریں گے نہ کہ مِیْعَادٌ کا

[2] مصنف نے اس قانون کے ذکر میں شیخ ابن حاجب کے مذہب پر اکتفا کیا ہے۔ وگرنہ محققین کا مذہب یوں ہے اگر دوسری واو مدّہ بدل حرف زائدہ ہے تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے جیسے وُوْرِیَ ماضی مجہول میں دوسری واو الف سے تبدیل شدہ ہے اصل میں تھا وَارَیَ اگر دوسری واو مدہ نہیں جیسے اَوَاعِدُ اصل میں وَوَاعِدُ تھا یا دوسری واو تبدیل شدہ نہیں جیسے اُوْعَادٌ اصل میں وُوْعَادٌ تھا بروزن طُوْمَارٌ - یا دوسری واو بدل از حرف صحیح ہے جیسے اُوْلیٰ اصل میں وُءْلیٰ تھا نزد کوفیہ پھر ہمزہ کو واو کیا تو وُوْلیٰ ہوا اب دو واو جمع ہوئے ان تینوں صورتوں میں پہلی واو کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

تبدیل کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ دو[ل] واؤ ہوں۔ احترازی مثال وَعَدَ یہاں ایک واؤ ہے
دوسری شرط یہ ہے کہ دونوں متحرک ہوں۔ احترازی مثال وُوْدِیَ یہاں ایک متحرک ہے۔
تیسری شرط یہ ہے کہ دونوں واؤ اکھٹے ہوں یعنی یکجا ہوں۔ احترازی مثال وَلُوْلَ وَقُوْقَ یہاں جمع نہیں
چوتھی شرط یہ ہے کہ دونوں واؤ ابتداءِ کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال قَوِوَ یہاں آخر میں ہیں۔ اتفاقی مثال وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ وُوَیْعِدٌ سے اُوَیْعِدٌ

**(۴۲) قانون:** ہر باب مثال واوی از عَلِمَ یَعْلَمُ کہ غیر محذوف الفا باشد در مضارع معلوم او سوائے اصل سہ وجہ خواندن جائز است چنانچہ در یَوْجَلُ یَاجَلُ یَیْجَلُ یِیْجَلُ خواندن است۔

اس قانون کا نام ہے یَاجَلُ یَیْجَلُ یِیْجَلُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں
حکم یہ ہے کہ مضارع معلوم میں سوائے اصل کے تین وجہ سے پڑھنا جائز ہے۔
پہلی شرط یہ ہے کہ باب مثال واوی کا ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ یہ باب مثال یائی ہے۔
دوسری شرط یہ ہے کہ عَلِمَ یَعْلَمُ کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال وَسُمَ یَوْسُمُ یہ شَرُفَ یَشْرُفُ کے وزن پر ہے
تیسری شرط یہ ہے کہ فا کلمہ اس کا حذف نہ ہو۔ احترازی مثال وَسِعَ یَسَعُ یہ محذوف الفاً ہے۔
اتفاقی مثال وَجِلَ یَوْجَلُ سے یَاجَلُ یَیْجَلُ یِیْجَلُ۔

**(۴۳) قانون:** ہر یائے ساکن مظہر غیر واقع مقابلہ فا کلمہ باب افتعال ما قبلش مضموم آن را بواو بدل کنند وجوبًا بشرطیکہ در جمع اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی و فُعْلٰی صفتی و اسم مفعول ثلاثی مجرد اجوف یائی نباشد اگر باشد ضمہ ما قبلش را بکسرہ بدل کنند وجوبًا۔

---

[ل] پہلا واؤ ہمزہ ہوجاتا ہے وجوبًا۔ اس لیے دو ہم مثل متحرک حرفوں کا شروع کلمہ میں جمع ہونا ثقیل ہے خصوصًا دو حرف علّت کا اور پھر دو واؤں کا جو حرف علت میں زیادہ ثقیل ہیں تو اس ثقل کو دور کرنے کی خاطر پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرتے ہیں جیسے وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ۔ سوال: دوسری واؤ کو ہمزہ سے کیوں تبدیل نہیں کرتے جبکہ ثقل کا سبب واؤ ثانی ہے جواب: دوسری واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنے کی صورت میں مقصد حاصل نہیں ہوتا ہے کیونکہ واؤ عطف یا واو قسم کے دخول کے وقت بھی ثقل باقی رہتا ہے۔

اس قانون کا نام ہے یُوْسَرُ کا قانون۔

**فائدہ :** وہ اسم جو اَفْعَلُ کے وزن پر ہو اس کی تین قسمیں ہیں : اسمی[1]، تفضیلی[2]، صفتی[3]۔

۱۔ **اسمی** کہتے ہیں وہ اسم جو اَفْعَلُ کے وزن پر کسی کا نام ہو جیسے اَحْمَدُ یہ نام ہے اور اَفْعَلُ کا وزن ہے

۲۔ **تفضیلی** کہتے ہیں وہ اسم جو اَفْعَلُ کے وزن پر جس میں زیادتی والے معنی کا اعتبار ہو، جیسے اَضْرَبُ بمعنی بہت مارنے والا مرد۔ اس میں اسمی صفتی معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔

۳۔ **صفتی** کہتے ہیں وہ اسم اَفْعَلُ کے وزن پر جس میں صفتی معنی کا اعتبار ہو جیسے اَبْیَضُ بمعنی وہ ذات جس میں سفیدی ہے۔ اس میں علم اور زیادتی کے معنی کا اعتبار نہیں ہوتا ہے۔

**وزن فُعْلیٰ کی بھی تین قسمیں ہیں :** **اسمی** وہ ہے کہ فُعْلیٰ کے وزن پر کوئی علم ہو۔ جیسے طُوْبیٰ یہ ایک درخت کا نام ہے۔ **تفضیلی** وہ وزن فُعْلیٰ کا جس میں صرف زیادتی والے معنی کا اعتبار کیا جائے جیسے ضُرْبیٰ بمعنی بہت مارنے والی عورت۔ **صفتی** وہ وزن فُعْلیٰ کا جس میں صرف صفت والے معنی کا اعتبار کیا جائے جیسے حُبْلیٰ بمعنی ناز و نخرے سے چلنے والی عورت

**وزن فَعْلَاءُ کی دو قسمیں ہیں :** اسمی، صفتی۔ **اسمی** وہ ہے جو فَعْلَاءُ کے وزن پر کوئی علم ہو جیسے صَحْرَاءُ دَرْدَاءُ۔ **صفتی** وہ وزن فَعْلَاءُ کا جس میں صفت والے معنی کا اعتبار کیا جائے جیسے بَیْضَاءُ بمعنی سفید عورت۔ اس قانون کے لیے دو حکم ہیں۔ پہلے کے لیے سات شرطیں ہیں، دوسرے حکم کے لیے شرطوں کی تین جماعتیں ہیں ہر جماعت کے لیے پانچ پانچ شرطیں ہیں **پہلا حکم** یہ ہے کہ یا کو واؤ کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ یا ساکن ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ یہاں متحرک ہے

---

[1] فُعْلیٰ کے ساتھ صفتی کی قید لگا کر اسمی کو نکال دیا کیونکہ فُعْلیٰ اسمی یا واؤ سے تبدیل ہو جاتا ہے جیسے طُیْبیٰ کُیْسیٰ سے طُوْبیٰ کُوْسیٰ کیونکہ ان میں اسمیت غالب ہے باقی تفضیلی وہ بھی اسمی کے حکم میں کیونکہ اسم تفضیلی بغیر اضافت مِنْ۔ الف لام کے استعمال نہیں ہوتا اور یہ تینوں خواصِ اسم میں سے ہیں جیسے کہ امام سیبویہؒ کا مذہب ہے۔

**سوال :** فُعْلیٰ اسمی میں یا کو واؤ سے تبدیل کرتے ہیں صفتی میں کیوں نہیں؟ **جواب :** اسمی اور صفتی کے درمیان فرق کرنے کی خاطر۔ **سوال :** فرق تو اس کے برعکس میں بھی ہو سکتا تھا؟ **جواب :** صفت میں ثقل ہے باعتبار معنی کے اور واؤ یا سے ثقیل ہے، اگر یا کو واو سے تبدیل کرتے ہیں تو ثقل لفظی و معنوی دونوں طرح سے لازم آجاتا جو کہ جائز نہیں۔ اس لیے صفتی میں ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرتے ہیں۔ واللہ اعلم

دوسری شرط یہ ہے کہ مظہر ہو۔ احترازی مثال مُیَّزٌ یہ مدغم ہے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ اس یا کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال بَیْعٌ یہاں مفتوح ہے۔ چوتھی شرط یہ کہ یا مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے نہ ہو احترازی مثال اُیْتُسِرَ یہاں مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے ہے۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں نہ ہو۔ احترازی مثال بُیْضٌ یہ اَبْیَضُ مذکر، بَیْضَاءُ مؤنث کی مشترک جمع ہے۔ چھٹی شرط یہ ہے کہ فُعْلٰی صفتی میں نہ ہو۔ احترازی مثال حُیْکٰی۔ ساتویں شرط یہ ہے کہ اسم مفعول ثلاثی مجرد اجوف یائی میں نہ ہو۔ احترازی مثال مَبْیُوْعٌ اصل میں مَبْیُوْعٌ تھا۔ اتفاقی مثال یُیْسَرُ سے یُوْسَرُ

دوسرا حکم یہ ہے کہ یاء کے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

**جماعت اول: پہلی شرط** یہ ہے کہ یا ساکن ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ یا مظہر ہو۔ احترازی مثال مُیِّزَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال بَیْعٌ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ یا مقابلہ فاء کلمہ باب افتعال کا نہ ہو۔ احترازی مثال اُیْتُسِرَ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں ہو، احترازی مثال یُوْسَرُ اتفاقی مثال بُیْضٌ "اَبْیَضُ مذکر بَیْضَاءُ مؤنث کی جمع ہے" سے بِیْضٌ۔

**جماعت دوم: پہلی شرط** یہ ہے کہ یا ساکن ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مظہر ہو۔ احترازی مثال بَیَّعَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس یا کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال بَیْعٌ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے نہ ہو۔ احترازی مثال اُیْتُسِرَ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ فُعْلٰی صفتی میں ہو۔ احترازی مثال طُیْبٰی اتفاقی مثال حُیْکٰی سے حِیْکٰی۔

**جماعت سوم: پہلی شرط** یہ ہے کہ یا ساکن ہو۔ احترازی مثال یَسَرَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مظہر ہو۔ احترازی مثال بَیَّعَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس یا کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال بَیْعٌ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ مقابلہ فا کلمہ باب افتعال کے نہ ہو۔ احترازی مثال اُیْتُسِرَ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ اسم مفعول ثلاثی مجرد اجوف یائی میں ہو۔ احترازی مثال یُیْسَرُ اتفاقی مثال مَبْیُوْعٌ سے مَبِیْعٌ[1]۔

---

[1] مَبِیْعٌ اصل میں مَبْیُوْعٌ تھا بقانون بِیْعَ مَبُیْوْعٌ ہوا۔ پھر اسی قانون کے حکم ثانی سے یا کے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا مَبِیْوْعٌ ہوا۔ بعدہ اجتماعِ ساکنین ہوا درمیان واو اور یا کے پہلا ساکن مدہ تھا حذف ہوا تو مَبِوْعٌ ہوا پھر مِیْعَاد کے قانون سے مَبِیْعٌ ہوا۔

٤٤

**قانون** : ہر واوٌ و یا متحرک بحرکت لازمی کہ ما قبلش مفتوح باشد از آن یک کلمہ بالف مبدل شود وجوباً بشرطیکہ آن واؤ و یا مقابلہ فا کلمہ و عین کلمہ ناقص و در حکم عین کلمہ ناقص نباشد و مابعدش مدہ زائدہ کہ لازم بود تحقق و سکون او و حرف تثنیہ و الف جمع مؤنث سالم و یائے مشدّدہ و نون تاکید نباشد و آن کلمہ بر وزن فَعَلَانٌ و فَعَلیٰ و بمعنی آن کلمہ کہ در آن تعلیل نیست نہ باشد و مقابلہ عین کلمہ ملحق و مقابلہ عین کلمہ بدل از حرف صحیح و مقابلہ عین کلمہ فعل تعجب نباشد۔

اس قانون کا نام ہے قَالَ بَاعَ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور اٹھارہ شرطیں ہیں جن میں سے پہلے چار وجودی اور باقی عدمی ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** (وجودی) یہ ہے کہ واؤ اور یا متحرک ہوں۔ احترازی مثال قَوْلٌ بَیْعٌ یہاں ساکن ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا کی حرکت لازمی ہو، عارضی[1] نہ ہو۔ احترازی مثال لَوِاسْتَطَعْنَا جَیَلَ اصل میں لَوْاِسْتَطَعْنَا جَیْئَلَ تھے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا کی ماقبل مفتوح ہو۔ احترازی مثال قُوِلَ بُیِعَ یہاں واؤ اور یا کے ماقبل مفتوح نہیں۔

**چوتھی شرط** یہ ہے کہ واؤ یا اور ان کا ماقبل مفتوح ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال فَوَعَدَ سَیَقُوْلُ یہاں فَا سین جدا جدا کلمہ میں ہیں اور وَعَدَ یَقُوْلُ جدا جدا کلمہ ہیں۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ واو اور یا فا کلمہ کے

---

[1] حرکت عارضی سکون کے حکم میں ہوتا ہے۔ عارضی حرکت تین قسم کی ہیں: (۱) بہ سبب نقل (۲) بسبب التقاءِ ساکنین (۳) برائے متابعت
(۱) **بسبب نقل** اس کو کہتے ہیں کہ ایک حرف کی حرکت کسی عذر کی وجہ سے نقل کرکے ماقبل کو دینا جیسے حَوَبَ، جَیْئَلَ میں ہمزہ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دی اور ہمزہ کو حذف کیا تو حَوَبَ، جَیَلَ ہوئے۔ (۲) **بسبب التقائے ساکنین** اس کو کہتے ہیں کہ اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسی حرف کو حرکت دی گئی ہو جیسے لَوِاسْتَطَعْنَا، دَعَوُاللّٰہَ ہمزہ وصلی درج کلام میں حذف ہوا پھر التقائے ساکنین ہوا۔ درمیان واو، سین، واو، لام کے تو پہلے ساکن کو حرکت دی تو لَوِاسْتَطَعْنَا دَعَوُاللّٰہَ ہوئے۔
(۳) **برائے متابعت** اس کو کہتے ہیں کہ ایک حرف کو دوسرے حرف کے تابع کرنے کی وجہ سے حرکت دی جائے۔ یعنی متابِع متابَع دونوں کی مفرد فَعْلَۃٌ کے وزن پر ہوں تو ان کی جمع فَعَلَاتٌ کی وزن پر آئے گی جیسے جَوَذَاتٌ بَیَضَاتٌ یہ اصل میں جَوْذَاتٌ بَیْضَاتٌ تھے۔ تَمَرَاتٌ کی متابعت کی وجہ سے واو اور یا کو حرکت دی گئی ہے۔ تَمَرَاتٌ جمع ہے تَمْرَۃٌ کی اور قانون ہے کہ جب کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور مفرد فَعْلٌ یا فَعْلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے وقت عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے رَحْمَۃٌ سے رَحَمَاتٌ۔

مقابلہ میں نہ ہو۔ احترازی مثال تَوَعَّدَ تَيَسَّرَ یہاں واؤ اور یا مقابلہ فا کلمہ کے ہیں۔ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ واؤ یا مقابلہ عین کلمہ ناقص کے نہ ہوں۔ احترازی مثال قَوِيَ حَيِيَ لفیف مقرون کو مجازاً ناقص کہتے ہیں تو مطلب یہ ہوا کہ لفیف مقرون[1] کے عین کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہوں۔ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا عین کلمہ ناقص کے حکماً نہ ہوں[2]۔ احترازی مثال اِدْعَوَّ اِرْمَيَّ یہاں پہلی واؤ اور پہلی یا حکماً عین کلمہ ناقص میں ہیں۔

**آٹھویں شرط** یہ[3] ہے کہ واؤ یا کا مابعد مدہ نہ ہو۔ ایسا مدّہ کہ زائد ہو اور اس کا ثابت رکھنا لازمی ہو اور کسی خاص معنی حاصل کرنے کے لیے لایا گیا ہو۔ احترازی مثال سَوَادُ بَيَاضٌ یہاں الف مدہ لازمی ہے اور لون کے معنی حاصل کرنے کے لیے لایا گیا ہے اور اس کا ثابت رہنا بھی لازمی ہے۔ **نویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا کا مابعد حرف تثنیہ نہ ہو۔ احترازی مثال عَصَوَانِ رَحَيَانِ عَصَوَيْنِ رَحَيَيْنِ دَعَوَا رَمَيَا **دسویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا کے بعد الف جمع مؤنث سالم کا نہ ہو۔ احترازی مثال عَصَوَاتٌ رَحَيَاتٌ یہاں واؤ یا کے بعد الف

---

[1] مقابلہ عین ناقص یعنی عین کلمہ لفیف مقرون نہ ہو چاہے اس کی لام کلمہ میں تعلیل ہوتی ہو جیسے رَوِيَ قَوِيَ اصل میں رَوَيَ قَوِيَ تھے، کیونکہ لام کلمہ محلِ تغیر ہونے کی وجہ سے اور حرف سے تعلیل کا زیادہ مستحق ہے۔ اگر اس کی عین کلمہ میں تعلیل کریں گے تو دو تعلیلوں کا حقیقتاً پے در پے ہونا لازم آئے گا جو کہ ناجائز ہے اگر لام کلمہ میں تعلیل نہیں جیسے حَيِيَ اس کی دوسری یا اگرچہ اپنے ماقبل مفتوح نہ ہونے کی وجہ سے الف نہیں ہوئی لیکن وہ لام کلمہ میں ہونے کی وجہ سے معلّل کا حکم رکھتی ہے اگر اس کے عین کلمہ میں تعلیل کریں گے تو دو تعلیلوں کا حکماً پے در پے ہونا لازم آئے گا جو جائز نہیں۔

[2] حکماً عین کلمہ ناقص کا مطلب یہ ہے کہ لام کلمہ ناقص کا تکرار سے ہو پس پہلا حرف وسط میں ہونے کی وجہ سے بمنزل عین کلمہ کے ہو گیا اور دوسرا حرف مؤخر ہونے کی وجہ سے بمنزل لام کلمہ کے جیسے اِدْعَوَّ پہلی واو اگرچہ حقیقت میں لام کلمہ ہے لیکن تکرار لام کی وجہ سے وہ وسط میں آنے کے سبب سے عین کلمہ کے حکم میں ہو گئی اب اگر عین کلمہ میں تعلیل کریں تو دو حرف اصلی حکماً میں دو تعلیلوں کا حقیقتہً پے در پے ہونا لازم آجاتا ہے اور یہ جائز نہیں۔

[3] مدہ زائدہ سے مراد وہ حرف ہے جو نہ تو جزو کلمہ ہو اور نہ کسی خاص معنی پر دلالت کرتا ہو جیسے جَوَادٌ، طَوِيلٌ، غَيُورٌ اگر ان میں تعلیل کی جائے تو لازم آئے گا کہ مدّہ تو باقی رہے اور اس کے ماقبل کی حرکت جس نے اس کو مدّہ بنایا ہے وہ حذف ہو جائے دگر نہ قانون جاری ہوگا جیسے تُدْعَوْنَ تُرْمَيْنَ اصل میں تُدْعُوُوْنَ تُرْمِيِيْنَ تھے یہاں واؤ یا اس مدّہ زائدہ سے پہلے ہیں جو معنی جمعیت اور تانیث کا فائدہ دیتا ہے۔

جمع مؤنث سالم کا ہے۔ **گیارہویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا کے بعد یائے مشددہ[1] نہ ہو۔ احترازی مثال عَصَوِيٌّ دَعَوِيٌّ یہ یائے نسبت ہے عَصَوِيَّةٌ یہ یائے مصدریہ ہے۔ **بارہویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا کا مابعد نون تاکید کا نہ ہو[2]۔ احترازی مثال اِدْعَوَنَّ اِخْشَيَنَّ اِدْعَوَنْ اِخْشَيَنْ یہاں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ ہیں۔ **تیرہویں شرط** یہ ہے کہ وہ کلمہ جس میں واؤ اور یا ہیں فَعَلَانٌ (بفتح فاؤعین) کے وزن پر نہ ہوں۔ احترازی مثال جَوَلَانٌ حَيَوَانٌ یہ فَعَلَانٌ کے وزن پر ہیں۔ **چودھویں شرط** یہ ہے کہ وہ کلمہ جس میں واؤ یا ہیں فَعَلٰی (بفتح فاؤعین) کے وزن پر نہ ہو۔ احترازی مثال صَوَرٰی حَيَدٰی[3] یہ فَعَلٰی کے وزن پر ہیں۔ **پندرہویں شرط** یہ ہے کہ وہ کلمہ جس میں واؤ یا ہیں ایسے کلمہ کے ہم معنی نہ ہو جس کے واؤ اور یا میں تعلیل نہیں ہو سکتی۔ احترازی مثال عَوِرَ[4] عَيِنَ بمعنی اِعْوَرَّ اِعْيَنَّ اور ان میں واؤ یا کا ماقبل ساکن مانع از تعلیل ہے۔ **سولھویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا مقابلہ[5] عین کلمہ ملحق کے نہ ہوں۔ احترازی مثال قَوْلَوْلٌ بَيْعَوْعٌ ملحق قَرَبُوْسٌ ہیں۔ **سترھویں شرط** یہ ہے کہ واؤ یا مقابلہ عین کلمہ حرف[6] صحیح سے بدل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال شَيَرَ اصل میں شَجَرَ تھا یا جیم سے تبدیل شدہ ہے۔ **اٹھارویں شرط** واو یا مقابلہ[7] عین کلمہ فعل غیر متصرف کے نہ ہوں۔ احترازی مثال قَوْلَ بَيْعَ کہ یہ مقابلہ عین کلمہ کے

---

[1] یائے مشددہ عام ہے یائے نسبت ہو یا یائے مصدریہ ہو اگر ان میں تعلیل کریں تو یائے مشددہ سے پہلے جو کسرہ مطلوب ہے باقی نہیں رہے گا۔ **فائدہ:** یائے مشددہ بزیادت تا کلمہ کو مصدر کے معنی میں کرنے کے لئے آتی ہے جیسے فَاعِلِيَّةٌ (فاعل ہونا) ف

[2] اگر ان میں تعلیل کریں گے تو نون تاکید کے ماقبل کا فتحہ جو چار صیغوں میں لازم ہوتا ہے اپنے حال پر باقی نہ رہے گا اور خلاف وضع لازم ہوگا

[3] فَعَلَانٌ اور فَعَلٰی کے وزن میں تعلیل نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ان دونوں وزنوں میں حرکت معنوی لازمی ہے لہٰذا ان کے لفظ کو بھی متحرک رکھتے ہیں تاکہ حرکت لفظی حرکت معنوی پر دلالت کرے۔ رہا لفظ مَوَتَانٌ کہ اس میں باوجود سکون معنوی ہونے کے تعلیل نہیں کرتے ہیں سو یہ اپنی نقیض حَيَوَانٌ پر محمول ہے۔ جَوَلَانٌ کا معنی گرد گھومنا۔ حَيَدٰی کا معنی وہ گدھا جو زیادتی خوشی کی وجہ سے اپنے سایہ سے کودے یا بمعنی متکبرانہ چال۔ صَوَرٰی ایک پانی کا نام ہے۔ [4] **سوال:** عَوِرَ عَيِنَ اِعْوَرَّ اِعْيَنَّ کے معنی میں کرتے ہو اس کے برعکس کیوں نہیں کرتے، جبکہ مزید فرع و مجرد اصل ہیں اصل تابع فرع کے نہیں ہوتا۔ **جواب:** الوان وعیوب اکثر باب اِفْعِلَالٌ اِفْعِيْلَالٌ سے آتے ہیں اور یہاں میں اصل ہیں اور باقی ابواب گو مجرد ہی کیوں نہ ہوں اس معنی میں ان ابواب کی فرع ہیں۔ [5] واو یا اگر لام کلمہ ملحق کے ہوں تو قانون جاری ہو جائے گا قَلْسٰی تَقَلْسٰی ملحق ہیں دَحْرَجَ تَدَحْرَجَ کے اصل میں قَلْسَوَ تَقَلْسَوَ تھے۔

[6] واو یا اگر لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف صحیح سے تبدیل شدہ ہیں تو قانون جاری ہو جائے گا کیونکہ لام محل کلمہ تغیر ہے جیسے دَسَّهَا اصل میں دَسَّسَ تھا آخری سین کو یا سے بدل دیا تو دَسَّيَ ہوا بعدہ اسی قانون سے دَسّٰهَا ہوا۔

[7] واو یا اگر لام کلمہ فعل غیر متصرف کے ہوں گے تو قانون جاری ہو جائیگا جیسے مَا اَدْعَوَهٗ مَا اَرْمَيَهٗ سے مَا اَدْعَاهُ مَا اَرْمَاهُ۔

ہیں. اتفاقی مثال فعل کی قَوَلَ بَیَعَ دَعَوَ رَمَیَ سے قَالَ بَاعَ دَعَا رَمٰی اسم کی بَوَبٌ نَیَبٌ عَصَوٌ رَحَیٌ سے بَابٌ نَابٌ عَصًا رَحًی ہوئے۔

(۴۵) **قانون** : التقائے ساکنین بر دو قسم است علی حدہٖ و علیٰ غیر حدہٖ علیٰ حدہٖ آنکہ ساکن اول مدہ یا یائے تصغیر و ساکن ثانی مدغم و وحدۃ کلمہ باشد وماسویٰ این علیٰ غیر حدہٖ است و حکم علی حدہٖ خواندن ساکنین است مطلقاً و حکم علیٰ غیر حدہٖ خواندنِ ساکنین ہست در حالتِ وقف و نہ خواندن ساکنین در حالتِ غیر وقف پس در حالتِ غیر وقف اگر ساکن اول مدّہ یا نون خفیفہ باشد حذف کردہ می شود اتفاقاً[۱] سوائے سہ جا در اجوف یعنی مصدر باب اِفْعَال و اِسْتِفْعَال و اسم مفعول چراکہ درین جا اختلاف است بعضے صرفیان اولیٰ را حذف می کنند و بعضے ثانی را واگر ساکن اول مدہ یا نون خفیفہ نباشد حرکت دادہ شود ساکنے کہ در آخر کلمہ است واگر در آخر نباشد اول را کسرہ زیراکہ کسرہ در تحریک ساکن اصل است و غیر او بسبب عارضہ۔

اس قانون کا نام ہے التقائے ساکنین کا قانون. **فائدہ** : التقائے ساکنین کہتے ہیں چند حروف ساکنہ اس طرح جمع ہوں کہ ان کے درمیان کوئی متحرک حرف نہ ہو. پھر التقائے ساکنین دو قسم کے ہیں (۱) علی حدہٖ (۲) علیٰ غیر حدہٖ۔ (۱) **علی حدہٖ** کی تین شرطیں ہیں **پہلی شرط** یہ ہے کہ پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر ہو۔

---

[۱] ساکن اول حذف ہوتا ہے نزد جمیع صرفیان اتفاقاً ماسوئ تین جگہوں کے (۱) مصدر باب افعال از اجوف (۲) مصدر باب استفعال از اجوف (۳) اسم مفعول ثلاثی مجرد از اجوف اِقَامَۃٌ اِسْتِقَامَۃٌ اصل میں اِقْوَامٌ اِسْتِقْوَامٌ تھے بقانون یقَالُ اِقَاْامٌ اِسْتِقَاْامٌ ہوئے ، التقائے ساکنین ہوا درمیان دونوں الفوں کے بعضے (امام اخفش ؒ) ساکن اول کو حذف کرتے ہیں دلیل لِاَنَّ الثَّانِیَۃَ عَلَامَۃٌ وَالْعَلَامَۃُ لَاتُحْذَفُ . اور بعضے (امام سیبویہ ؒ) ساکن ثانی کو حذف کرتے ہیں دلیل لِاَنَّھَا زَائِدَۃٌ وَالزَّائِدَۃُ اَحَقُّ بِالْحَذْفِ مَقُوْلٌ اصل میں مَقْوُوْلٌ تھا بہ قانون یَقُوْلُ مَقُوْوْلٌ ہوا التقائے ساکنین ہوا درمیان دونوں واؤں کے ایک ساکن کو حذف کیا باختلاف بالا تو مَقُوْلٌ ہوا۔

دوسری شرط یہ ہے کہ ساکن ثانی مدغم ہو۔ تیسری شرط یہ ہے کہ دونوں ایک ہی کلمہ میں ہوں جیسے اِحْمَادَّ اُحْمُوْدَّ تُمُوْدَّ خُوَیْصَّۃٌ اگر ان شرطوں میں سے ایک مفقود ہو یا دو یا تینوں تو اس طرح علیٰ غیر حدہٖ کی سات صورتیں بن جاتی ہیں۔ پہلی صورت صرف پہلی شرط گم ہو باقی موجود ہوں جیسے یَخِصِّمُ دوسری صورت صرف دوسری شرط گم ہو باقی موجود ہوں جیسے قَالُنَ تیسری صورت صرف تیسری شرط گم ہو باقی موجود ہوں جیسے اِضْرِبُوْنَّ چوتھی صورت پہلی اور دوسری شرط گم ہوں باقی تیسری موجود ہو جیسے مُدَّ پانچویں صورت دوسری اور تیسری شرط نہ ہوں صرف پہلی موجود ہو جیسے اِضْرِبُوْ الْقَوْمَ چھٹی صورت پہلی اور تیسری شرط گم ہوں دوسری موجود جیسے لِتُدْعَوْنَّ ساتویں صورت تینوں شرطیں گم ہوں جیسے قُلْ اَلْحَقَّ۔

## نقشہ علیٰ غیر حدّہٖ

| | | |
|---|---|---|
| صورت اول | انتفائے شرط اول | جیسے یَخِصِّمُ |
| " دوم | انتفائے شرط دوم | جیسے قَالُنَ |
| " سوم | انتفائے شرط سوم | جیسے اِضْرِبُوْنَّ |
| " چہارم | انتفائے شرط اول و دوم | جیسے مُدَّ |
| " پنجم | انتفائے شرط دوم و سوم | جیسے اِضْرِبُوا الْقَوْمَ |
| " ششم | انتفائے شرط اول و سوم | جیسے لِتُدْعَوْنَّ |
| " ہفتم | انتفائے شروط جمیع | جیسے قُلْ الْحَقَّ |

اس قانون کے لیے پانچ حکم ہیں ایک علیٰ حدہٖ کے لیے چار علیٰ غیر حدہٖ کے لیے پہلا حکم یہ ہے کہ دونوں ساکنوں کو ثابت رکھ کر پڑھنا واجب ہے مطلقاً یعنی حالت وقف کی ہو یا غیر وقف کی۔ شرط یہ ہے کہ التقائے ساکنین علیٰ حدہٖ ہو۔ احترازی مثال قَالُنَ یہ علیٰ غیر حدہٖ ہے۔ اتفاقی مثال حالت وقف کی اِحْمَادّْ ط اِحْمُوْدّْ ط خُوَیْصَّۃْ۔ غیر وقف کی اِحْمَادَّ اِحْمُوْدَّ خُوَیْصَّۃٌ دوسرا حکم یہ ہے کہ دونوں ساکنوں کو ثابت رکھ کر پڑھنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ التقائے ساکنین علیٰ غیر حدہٖ ہو۔ احترازی مثال اِحْمَادَّ یہ علیٰ حدہٖ ہے۔ دوسری شرط یہ ہے

کہ حالتِ وقف[1] کی ہو۔ احترازی مثال یَخِصِّمُ یہاں حالت وقف کی نہیں۔ اتفاقی مثال الرَّحِیْمْ **تیسرا حکم** یہ ہے کہ ساکن اول کو حذف[2] کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ ہو۔ احترازی مثال اِحْمَارَّ یہ علی حدّہٖ ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی نہ ہو۔ احترازی مثال الرَّحِیْمْ یہاں ساکن دوم حالت وقف میں ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ساکن اول مدّہ یا نون خفیفہ ہو۔ احترازی مثال مُدْ دُ یہاں ساکن اول مدّہ اور نون خفیفہ نہیں۔ اتفاقی مثال قَالُنَ سے قُلْنَ لَاتُھِیْنَنْ الْفَقِیْرَ سے لَاتُھِیْنَ الْفَقِیْرَ **چوتھا حکم** یہ ہے کہ جو ساکن آخر کلمہ میں ہے اسے حرکت دینا واجب ہے "خواہ آخر میں ساکن اول ہو یا ساکن دوم ہو۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ ہو۔ احترازی مثال اِحْمَارَّ اُحْمُوْرَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی نہ ہو۔ احترازی مثال الرَّحِیْمْ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ساکن اول مدّہ یا نون خفیفہ نہ ہو۔ احترازی مثال قَالُنَ لَاتُھِیْنَنْ الْفَقِیْرَ۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ کوئی ساکن آخر کلمہ آخر میں ہو۔ احترازی مثال یَخِصِّمُ یہاں

---

[1] مراد حالتِ وقف سے وہ سکون جو وقف کی وجہ سے پیدا ہو نہ حروفِ جوازم وغیرہ سے کیونکہ وہ حرف حقیقت میں متحرک ہوتا ہے۔

[2] **سوال**: کلامِ عرب میں چند ایسے کلمات ہیں جن میں شرائط موجود ہونے کے باوجود حکم قانون جاری نہ کرنے کی کیا وجہ ہے وہ یہ ہیں: (۱) اِضْرِبَانِّ (۲) آلْحَسَنُ (۳) لَاھَا اللّٰہِ (۴) اِیْ اللّٰہِ (۵) حَلْقَتَا الْبِطَانَ **جواب**: اِضْرِبَانِّ جہاں نون ثقیلہ الف کے بعد ہو تو وہاں التقائے ساکنین درست ہے دو وجہ سے اول یہ کہ نون ثقیلہ بمنزل جز کلمہ ہے دوم یہ کہ الف میں خفت ہے اسی وجہ سے اِضْرِبُوْنَّ اِضْرِبِیْنَّ نہیں پڑھا جاتا ہے اگرچہ نون ثقیلہ دونوں میں برابر لیکن واو اور یا میں الف کی مثل خفت نہیں۔ یہی حکم اِضْرِبْنَانِّ لِیَضْرِبَانِّ لَا تَضْرِبَانِّ کا ہے۔ آلْحَسَنُ یعنی آلْحَسَنُ عِنْدَکَ (بمدِّ ہمزہ وسکونِ لام) کیا حسن تیرے پاس ہے۔ جہاں ہمزہ استفہام ہمزہ وصل مفتوح پر داخل ہو تو وہاں پر بھی التقائے ساکنین درست ہے تاکہ انشاء (استفہام) کا خبر سے التباس نہ ہو بلکہ اس ہمزہ وصل کو الف سے بدل لیتے ہیں۔ یہ اصل میں ءَ اَلْحَسَنُ تھا دوسرے ہمزہ کو الف سے بدل لیا تو آلْحَسَنُ ہوا یہی حکم ہے اَیْمَنُ اللّٰہِ کا۔ لَاھَا اللّٰہُ (بجر لفظ اللہ و اثبات الف ہا وسکون لام مدغم) جہاں ہا تنبیہ لفظ اللہ پر حروف قسم محذوف کے عوض میں آئے تو وہاں پر التقائے ساکنین درست ہے کیونکہ اگر الف کو حذف کرتے ہیں تو لازم آتا ہے حذف عوض ومعوض عنہ وھو الممنوع۔ یہ اصل میں لَا وَاللّٰہِ تھا حرف قسم کو حذف کر کے اس کے عوض ہا تنبیہ لائے اور لا زائدہ ہے تو لَاھَا اللّٰہِ ہوا اِیْ اللّٰہِ (بکسرِ ہمزہ وسکون یا و لام وجر لفظ اللہ ہے) جہاں اِیْ حرفِ ایجاب لفظ اللہ پر داخل ہو حرف قسم کے محذوف ہونے کے بعد تو وہاں پر بھی التقائے ساکنین درست ہے اگر یا کو حذف کرتے ہیں تو التباس ہو جاتا ہے اِلَّا حرف استثناء کے ساتھ ایضًا یہ التباس بھی پڑیگا کہ مکسور لفظ اللہ سے ہے یا حرف ایجاب سے اصل میں اِیْ وَاللّٰہِ تھا۔ استفہام اَقَامَ زَیْدٌ کی جواب میں ہے۔ حَلْقَتَا الْبِطَانِ (باثباتِ الف تثنیہ وسکونِ لام) حَلْقَتَا اصل میں حَلْقَتَانِ تھا بوقت اضافت نون حذف ہوا بِطَانٌ بکسر با۔ مطلب یہ ہے کہ عرب کے قول حَلْقَتَا الْبِطَانِ (یعنی شتر کے دونوں حلقے مل گئے، یہ ایک مثل ہے جو سخت مصیبت کے وقت بولی جاتی ہے) میں التقائے ساکنین الف تثنیہ ولام تعریف میں درست ہے سماعًا ساکن اول کو باقی رکھتے ہیں تاکہ مقصد فوت نہ ہو جائے کیونکہ اس سے مقصد میدانِ جنگ میں مدّ صوت سے لوگوں کو خبردار کرنا ہے اگر ساکن اول کو حذف کرتے ہیں تو ابطالِ مقصد لازم آتی ہے۔

کوئی ساکن آخر کلمہ میں نہیں اتفاقی مثال جہاں ساکن اول آخر کلمہ میں ہو قُلِ الْحَقَّ جہاں دوسرا ساکن آخر کلمہ میں ہو جیسے لَمْ یَحْمَرَّ اصل میں لَمْ یَحْمَرِرْ تھا۔ **پانچواں حکم** یہ ہے کہ ساکن اول کو حرکت کسرہ کی دینا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ التقائے ساکنین علی غیر حدہٖ ہو۔ احترازی مثال اِحْمَادَّ اُحْمُوْدَّ **دوسری شرط** یہ ہے کہ حالت وقف کی نہ ہو۔ احترازی مثال اَلرَّحِیْمْ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ساکن اول مدہ یا نون خفیفہ نہ ہو۔ احترازی مثال قَالَتَا لَا تُهِيْنَنْ الْفَقِيْرَ **چوتھی شرط** کوئی ساکن کلمہ کے آخر میں نہ ہو۔ احترازی مثال قُلِ الْحَقَّ اتفاقی مثال یَخِصِّمُ، اصل میں یَخْتَصِمُ تھا بقانون خَصَّمَ یَخَصِّمُ ادغام کی صورت میں خا اور صاد اول ساکن ہوئے پہلے ساکن یعنی خا کو حرکت کسرہ کی دی تو یَخِصِّمُ ہوا۔ کیونکہ ساکن کو حرکت دینے میں کسرہ اصل ہے اگر کہیں فتح یا ضمہ دیجاتی ہے تو کسی عارضے کی وجہ سے جیسے لَمْ یَحْمَرَّ یہاں پر فتح اخف الحرکات ہونے کی وجہ سے آئی ہے دَعَوُا اللّٰهَ یہاں پر حرکت ضمہ اس لیے آئی کہ واو جمع کی حذفیت پر دلالت کرے۔

(۴۶) **قانون** : ہر واو غیر مکسور کہ در ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف الف شدہ بیفتد فا کلمہ او را حرکت ضمہ می دہند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے قُلْنَ طُلْنَ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ کہ (ماضی معلوم میں) فا کلمہ کو حرکت ضمہ کی دینا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو غیر مکسور ہو۔ احترازی مثال خِفْنَ یہاں مکسور ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ماضی معلوم میں ہو۔ احترازی مثال یَقُوْلُ یہاں مضارع معلوم میں ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ باب ثلاثی مجرد کا ہو۔ احترازی مثال اَقَمْنَ یہ ثلاثی مزید فیہ ہے **چوتھی شرط** یہ ہے کہ اجوف میں ہو۔ احترازی مثال دَعَتْ اصل میں دَعَوَتْ تھا۔ یہاں ناقص میں ہے۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ واو الف ہو کر گر جائے۔ احترازی مثال قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا واو الف ہو کر گرا نہیں۔ اتفاقی مثال قُلْنَ طُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ طَوُلْنَ تھے بقانون قَالَ قَالْنَ طَالْنَ ہوئے، بقانون التقائے ساکنین قَلْنَ طَلْنَ ہوئے اسی قانون سے قُلْنَ طُلْنَ ہوئے۔

**فائدہ** : قُلْنَ ماضی معلوم اصل میں قَوَلْنَ تھا۔ قُلْنَ ماضی مجہول اصل میں قُوِلْنَ تھا۔ قُلْنَ امر حاضر معلوم اصل میں اُقْوُلْنَ تھا۔

(٤٧) **قانون :** ہر واو مکسور و یائے مطلقاً کہ در ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف الف شدہ بیفتد فا کلمہ او را حرکت کسرہ می دہند وجوبًا

اس قانون کا نام ہے خِفْنَ بِعْنَ کا قانون۔ اس کے لئے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ ماضی معلوم میں فا کلمہ کو حرکت کسرہ کی دینا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واؤ مکسور ہو اور یا مطلقا ہو احترازی مثال قَوَلَ طَوُلَ یہاں مکسور نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ماضی معلوم میں ہو۔ احترازی مثال یَخُوْفُ یہاں مضارع میں ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ باب ثلاثی مجرد کا ہو۔ احترازی مثال اَطَرْنَ اصل میں اَطْيَرْنَ تھا **چوتھی شرط** یہ ہے کہ اجوف میں ہو۔ احترازی مثال رَمَتْ اصل میں رَمَيَتْ تھا۔ یہ ناقص ہے۔

**پانچویں شرط** یہ ہے کہ واو یا الف ہوکر گر جائیں۔ احترازی مثال خَافَ بَاعَ اصل میں خَوِفَ بَيَعَ تھے، واو یا الف ہوئے ہیں گرے نہیں۔ اتفاقی مثال واو کی خِفْنَ اصل میں خَوِفْنَ تھا۔ یا مفتوح کی بِعْنَ، مکسور کی طِبْنَ مضموم کی هِئْنَ اصل میں بَيَعْنَ طَيِبْنَ هَيُئْنَ تھے۔

مکسور العین والی قید عام ہے خواہ کسرہ عین ماضی پر ہو جیسے خَوِفَ يَخَوَفُ یا عین مضارع پر ہو جیسے طَوَحَ يَطْوِحُ جیسے طِحْنَ یہ اصل میں طَوَحْنَ از باب ضَرَبَ ہے۔ لوادر الاصول واللہ اعلم

(٤٨) **قانون :** ہر واو یا مضموم یا مکسور متوسط یا در حکم متوسط کہ در اصل سلامت نماندہ باشد در ناقص ثلاثی مجرد مطلقاً در فعل متصرف یا در متعلقات وے بجز فُعِلَ حقیقی وحکمی از اجوف وتَفْعُلِيْنَ از ناقص حرکت آن واو یا نقل کردہ بما قبل می دہند وجوبًا بشرطیکہ آن واو ویا بدل از ہمزہ ضمہ وکسرۂ آنہا منقول از ہمزہ وہم وزن فعل متعارف نباشد و ماقبل آنہا مفتوح ومدہ ولین زائدہ نباشد ودر فُعِلَ از اجوف نقل حرکت و حذف واشمام وے جائز ست ودر تَفْعُلِيْنَ از ناقص نقل حرکت واثباتِ وے جائز ست۔

اس قانون کا نام ہے يَقُوْلُ يَبِيْعُ کا قانون۔ اس کے لیے تین حکم ہیں۔ پہلے حکم کے لیے بارہ شرطیں ہیں تین وجودی اور نو عدمی۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ واو اور یا کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دینا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا مضموم یا مکسور ہوں۔ احترازی مثال يُقَوَّلُ يُبَيَّعُ یہاں مفتوح ہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو یا متوسط میں ہوں یا حکم متوسط میں۔ احترازی مثال يَدْعُوْ يَرْمِيْ یہاں لام کلمہ

کے مقابلہ ہیں ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا فعل متصرف[1] ہیں یا اس کے متعلقات میں ہوں۔ احترازی مثال قَوْل بَیْع اَدْوُرٌ اَعْیُنٌ یہاں نہ فعل متصرف میں ہے نہ اس کے متعلقات میں ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا اصل (ماضی معلوم) میں سالم نہ ہوں۔ احترازی مثال یَعُوْدُ یَصِیْدُ ان کا اصل عَوِدَ صَیِدَ ہے ان میں واو یا سالم ہیں۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ فُعِلَ حقیقی[2] یا حکمی اجوف میں نہ ہوں۔ احترازی مثال قُوِلَ بُیِعَ یہ فُعِلَ حقیقی ہیں اُنْقُوِدَ اُخْتُیِرَ یہ فُعِلَ حقیقی ہیں **چھٹی شرط** یہ ہے کہ تَفْعِلَنَّ ناقص میں نہ ہوں احترازی مثال جیسے تَدْعُوِنَّ تَنْهَیِنَّ کہ یہ ناقص کے صیغے ہیں۔ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ واو اور یا ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہوں احترازی مثال سُوِلَ مُسْتَهْزِیُوْنَ کہ اصل میں سُئِلَ مُسْتَهْزِءُوْنَ تھے **آٹھویں شرط** یہ ہے کہ واو اور یا کی حرکت ہمزہ سے منقول شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال یَسُوْ یَجِیْ اصل میں یَسُوْءُ یَجِیْئُ تھے۔

**نویں شرط** یہ ہے کہ واو اور یا ایسے کلمۂ اسم میں نہ ہوں کہ قانون جاری ہونے کے بعد مشہور فعل کے ہموزن[3] ہوجائیں۔ احترازی مثال تَحْوِیْلٌ تَمْیِیْزٌ **دسویں شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا کا ماقبل مفتوح نہ ہو۔ احترازی مثال قَوِیَ حَیِیَ یہاں ماقبل مفتوح ہے **گیارہویں شرط** یہ ہے کہ واو اور یا کا ماقبل مدّہ نہ ہو احترازی مثال قَاوِلٌ بَایِعٌ یہاں ماقبل مدّہ ہے۔ **بارہویں شرط** یہ ہے کہ واؤ اور یا کا ماقبل لین زائدہ نہ ہو۔ احترازی مثال مُقَیِّوِلٌ مُبَیِّیعٌ یہاں ماقبل لین زائدہ ہے۔ اتفاقی مثال یَقْوُلُ یَبْیِعُ سے یَقُوْلُ یَبِیْعُ۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ نقل حرکت، حذف، اشمام[4] تینوں جائز ہیں۔ اس کے لئے تین شرطیں ہیں ایک وجودی دو عدمی۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ فُعِلَ حقیقی یا حکمی اجوف میں ہوں۔ احترازی مثال قَوَلَ

---

[1] افعال متصرفہ سے مراد وہ فعل ہیں جن کا واحد تثنیہ جمع آتا ہو جیسے ماضی مضارع امر متعلقات سے مراد چھ اسماء مشتقہ اور مصدر ہیں یعنی اسم[1] فاعل، اسم[2] مفعول، صفت[3] مشبہ، اسم[4] تفضیل، اسم[5] ظرف، اسم[6] آلہ

[2] فُعِلَ حقیقی کا مطلب یہ ہے کہ ابتداء ہی سے فُعِلَ کا وزن ہو جیسے قُوِل بُیِعَ۔ فُعِلَ حکمی کا مطلب یہ کہ چند حروف ابتدائیہ کے خارج کرنے کے بعد فُعِلَ کا وزن باقی رہ جائے جیسے اُنْقُوِدَ اُخْتُیِرَ۔ اب اُنْ اور اُخْ کے خارج کرنے کے بعد قُوِدَ تُیِرَ فُعِلَ کا وزن باقی رہ جاتا ہے۔ [3] تَحْوِیْلٌ تَمْیِیْزٌ یہ دونوں باب تفعیل کے مصدر بقانون یَقُوْلُ تَحُوْیِلٌ تَمِیْیِزٌ ہوں گے۔ بعدہ بہ قانون مِیْعَادٌ تَحِیْیِلٌ ہوا پھر دونوں یاؤں میں التقائے ساکنین ہوا۔ پہلا مدّہ ہونے کی وجہ سے حذف ہوا تو تَحِیْلٌ تَمِیْزٌ ہوئے۔ اب یہ مشہور فعل تَبِیْعُ کے ہموزن ہو گئے اسی وجہ سے ان میں یَقُوْلُ کا قانون جاری نہیں ہوگا۔

[4] اشمام کہتے ہیں کسرہ کو ضمہ کی طرف اور یا ساکن کو واو کی طرف مائل کرکے پڑھنا اور یہ قِیْلَ بِیْعَ کے پہلے حرف میں ہوگا اور اُخْتِیْرَ اُنْقِیْدَ کے تیسرے حرف میں ہوگا [5] حکم متوسط کی مثال: دَاعِوُوْنَ رَامِیُوْنَ سے دَاعُوْنَ رَامُوْنَ۔

بَيَعَ یہاں نہ فُعِلَ حقیقی ہے نہ حکمی۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا اصل (ماضی معلوم) میں سالم نہ ہوں احترازی مثال عُوِدَ صُيِدَ کہ ان کے اصل عَوِدَ صَيِدَ میں سالم ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال سُوِلَ مُسْتَهْزِئُوْنَ اصل میں سُئِلَ مُسْتَهْزِءُوْنَ تھے۔ اتفاقی مثال نقل حرکت[1] کی قُوِلَ بُيِعَ سے قِيْلَ بِيْعَ حذف حرکت کی قُوْلَ بُوْعَ۔ اُنْقُوِدَ اُخْتُيِرَ کو اس پر قیاس کریں۔ باقی اشمام کی ادائیگی قرّاء حضرات سے سیکھیں۔

**فائدہ** : حکم دوم میں یہ شرط ہے کہ ماضی معلوم میں تعلیل ہو چکی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اُعْتُوِدَ ماضی مجہول میں تعلیل نہیں کرتے کیونکہ اس کے معلوم میں تعلیل نہیں ہوئی ہے۔

**تیسرا حکم** یہ ہے کہ نقل[2] و اثباتِ حرکت دونوں جائز ہیں شرط یہ ہے کہ تَفْعُلِيْنَ ناقص سے ہو۔ احترازی مثال تَقُوْلِيْنَ یہ ناقص سے نہیں اتفاقی مثال اثبات کی تَدْعُوِيْنَ تَنْهُيِيْنَ اور نقل حرکت کر کے تَدْعِوِيْنَ اور تَنْهِيِيْنَ پڑھنا جائز ہے۔ بعد از تعلیل تَدْعِيْنَ تَنْهِيْنَ ہوں گے۔

**فائدہ** : تَفْعُلِيْنَ ناقص سے تَفْعُلِيْنَ کا وزن مراد ہے صیغہ مراد نہیں۔

---

۱ نقل حرکت والی حرکت افصح ہے۔ حذفِ حرکت والی لغت ضعیف ہے۔

۲ اسم مفعول ثلاثی مجرد اجوف یائی میں بھی نقل حرکت و اثبات دونوں جائز ہیں جیسے مَبْيُوْعٌ اثبات کی صورت میں۔ نقل حرکت کی صورت میں مَبُيْوْعٌ بقانون یوسر ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدلا تو مَبِيْوْعٌ ہوا بقانون التقاء ساکنین مَبِيْعٌ ہوا میعاد کے قانون سے مَبِيْعٌ ہوا لیکن اثبات کی صورت میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ اسی پر قیاس کریں مَطْيُوْبٌ مَدْيُوْنٌ مَخْيُوْطٌ مَعْيُوْبٌ کو۔

ع (حاشیہ متعلقہ متن) ثلاثی مجرد ناقص کے ابواب میں یہ قانون جاری ہوگا مطلقاً خواہ اصل میں واو یا یا سالم ہوں یا نہ ہوں جیسے دُعُوْا اصل میں دُعِوُوْا تھا اپنے اصل دعا میں واو سالم نہیں۔ رُخُوْا خُشُوْا اصل میں رُخُوُوْا خُشِيُوْا تھے ان کے اصل (رَخُوَ خَشِيَ) میں واو یا سالم ہیں۔

(۴۹) **قانون** : ہر واو و یا متوسط مفتوح کہ در اصل سلامت نماندہ باشد در فعل متصرف یا متعلقاتِ وے سوائے کلمہ اسم کہ بروزنِ اَفعَلُ ما قبلش حرف صحیح ساکن مظہر باشد فتحش را نقل کردہ بہ ماقبل دادہ آن را بہ الف بدل کنند وجوباً بشرطیکہ آن کلمہ ملحق وبمعنی لون وعیب وبین الساکنین حقیقتاً یا حکماً نباشد۔

اس قانون کا نام ہے یُقَالُ یُبَاعُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور بارہ شرطیں ہیں۔

**حکم** یہ ہے کہ واوؔ اور یاؔ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دے کر واو اور یاؔ کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے

**پہلی شرط** یہ ہے کہ واوؔ اور یاؔ متوسط یعنی عین کلمہ کے مقابلہ میں ہوں۔ احترازی مثال لَنْ یَدْعُوَ لَنْ یَرْمِیَ یہاں لام کلمہ کے مقابلہ میں ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واوؔ اور یاؔ مفتوح ہوں احترازی مثال یَقُوْلُ یَبِیْعُ یہاں مفتوح نہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واوؔ یا فعل متصرف یا اس کے متعلقات میں ہوں۔ احترازی مثال مَا اَقْوَلَہٗ مَا اَبْیَعَہٗ یہ نہ فعل متصرف ہے نہ اس کے متعلقات ہیں۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ کا ماقبل حرف صحیح ہو، احترازی مثال قَاوَلَ بَایَعَ یہاں صحیح کا ضد حرف علت ہے۔

**پانچویں شرط** واوؔ یاؔ کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو۔ احترازی مثال قَوَلَ بَیَعَ یہاں ماقبل مفتوح ہے۔

**چھٹی شرط** یہ ہے کہ مظہر ہوں۔ احترازی مثال قَوَّلَ بَیَّعَ یہاں مدغم ہیں۔ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ اصل میں سلامت نہ ہوں۔ احترازی مثال یُعَوِّدُ یُصَیِّدُ اصل میں سلامت ہیں۔

**آٹھویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ اسم میں اَفْعَلُ کے وزن پر نہ ہوں۔ احترازی مثال اَقْوَلُ اَبْیَعُ یہ اسم تفضیل ہیں۔ **نویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ کلمہ ملحق میں نہ ہوں۔ احترازی مثال جَهْوَرَ شَرْیَفَ کہ ملحق ہیں دَحْرَجَ کے اصل میں جَهْرَ شَرْفَ تھے واوؔ یاؔ لام کلمہ سے پہلے صرف الحاق کے لیے لائے گئے ہیں۔

**دسویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ ایسے کلمہ میں نہ ہوں جس میں عیب کا معنی پایا جاتا ہو۔ احترازی مثال اِعْوَرَّ اِصْیَدَّ

**گیارہویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ ایسے کلمہ میں نہ ہوں جس میں رنگ کا معنی پایا جاتا ہو۔ احترازی مثال اِسْوَدَّ اِبْیَضَّ

**بارہویں شرط** یہ ہے کہ واوؔ یاؔ دو ساکنوں کے درمیان[1] حقیقتاً یا حکماً نہ ہوں۔ احترازی مثال مِقْوَالٌ مِقْوَلَۃٌ

اتفاقی مثال یُقْوَلُ یُبْیَعُ سے یُقَالُ یُبَاعُ مَقْوَلٌ مَهْیَبٌ سے مَقَالٌ مَهَابٌ باقی مَشْوَرَۃٌ مَرْیَمُ شاذ ہیں۔

[1] حاشیہ صد[illegible] پر ملاحظہ کریں۔

(۵۰) **قانون :** ہر واو و یا کہ واقع شود بعد از الف فَاعِلٌ و در اصل سلامت نماندہ باشد یا اصل او نباشد آن واو و یا را بہ ہمزہ بدل کنند وجوبًا

اس قانون کا نام قَائِلٌ بَائِعٌ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واو اور یا کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا الف کے بعد ہوں۔ احترازی مثال قَوْلٌ بَيْعٌ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا الف فَاعِلٌ کے بعد ہوں۔ احترازی مثال مَقَاوِلُ مَبَايِعُ یہاں واو یا الف مفاعل کے بعد ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو یا اصل میں سلامت نہ ہوں یا بالکل اصل ان کا نہ ہو۔ احترازی مثال عَاوِرٌ صَايِدٌ کہ ان کا اصل عَوِرَ صَيِدَ سالم ہے اتفاقی مثال قَاوِلٌ بَايِعٌ سے قَائِلٌ بَائِعٌ ان کا اصل قَالَ بَاعَ ہے جن میں سالم نہیں اور جس کا اصل (فعل) نہ ہو اس کا مثال غَاوِطٌ سَايِفٌ سے غَائِطٌ سَائِفٌ صاحبِ شمشیر، سَيْفٌ سے مشتق ہے۔ زمین پست غَوْطٌ سے مشتق ہے

**ف :** کبھی کبھی حرفِ علت کو حذف کر کے ھَارٌ پڑھتے ہیں اصل میں ھَائِرٌ تھا۔

(۵۱) **قانون :** ہر واو کہ واقع شود در مقابلہ عین کلمہ مصدر یا جمع و در فعل و واحد بسلامت نماندہ باشد یا در واحد ساکن و در جمع قبل الف باشد ماقبلش مکسور آن واو را بہ یا بدل کنند وجوبًا بشرطیکہ لام کلمہ وے معتل نباشد۔

اس قانون کا نام ہے قِيَامٌ قِيَالٌ حِيَاضٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم شرطوں کی تین جماعتیں ہیں۔ پہلی دو جماعتوں کے لیے چار چار شرطیں ہیں۔ تیسری جماعت کے لیے چھ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واو کو یا سے تبدیل

---

حاشیہ صفحہ ۷۱ کا

لہ **سوال :** آپ نے کہا کہ بین الساکنین مانع از تعلیل ہے ہم آپ کو چند مثالیں دکھاتے ہیں بین الساکنین ہونے کے باوجود حکم قانون جاری ہوا ہے جیسے اِقْوَامٌ اِسْتِقْوَامٌ **جواب :** یہ دونوں مصدر ہیں اور قانون ہے کہ مصادر تعلیل میں فعل کے تابع ہوتے ہیں۔ یہاں اَقَامَ اِسْتَقَامَ میں تعلیل ہوئی ہے اس لیے مصدر میں بھی تعلیل ہوگی۔

**سوال :** يُقَلْنَ تُقَلْنَ اصل میں يُقْوَلْنَ تُقْوَلْنَ تھے یہ تو مصدر نہیں باوجود بین الساکنین کے حکم قانون جاری ہوا۔

**جواب :** ان میں سکون لام کی عارضی ہے تو گویا لام کلمہ حقیقت میں متحرک ہے۔

کرنا واجب ہے۔ پہلی جماعت کی پہلی شرط یہ ہے کہ واو مقابلہ عین کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ یہاں فا کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔ دوسری شرط یہ کہ صیغہ مصدر[1] کا ہو۔ احترازی مثال قِوَالٌ یہ جمع مکسر ہے۔
تیسری شرط یہ ہے کہ وہ واوٗ فعل میں سالم نہ ہو۔ احترازی مثال قِوَامٌ یہ مصدر ہے باب مفاعلہ کا اور فعل اس کا قَاوَمَ یُقَاوِمُ ہے جس میں سالم ہے چوتھی شرط یہ ہے کہ اس واوٗ کا ماقبل مکسور ہو۔
احترازی مثال سُوَالٌ یہاں ماقبل مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال قِوَامٌ سے قِیَامٌ یہ مصدر ہے باب قَامَ یَقُوْمُ مجرد کا۔ دوسری جماعت، پہلی شرط واو مقابلہ عین کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ
دوسری شرط یہ ہے کہ صیغہ جمع کا ہو۔ احترازی مثال قِوَامٌ یہ مصدر ہے باب مفاعلہ کی۔
تیسری شرط یہ ہے کہ وہ واوٗ واحد میں سالم نہ ہو۔ احترازی مثال عِوَارٌ اس کا مفرد ہے عَاوِرٌ جس میں سالم ہے۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ اس واو کا ماقبل مکسور ہو۔ احترازی مثال قَوَلَةٌ یہاں مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال قِوَالٌ سے قِیَالٌ اس کا واحد قَائِلٌ اصل میں قَاوِلٌ تھا۔
تیسری جماعت، پہلی شرط واو مقابلہ عین کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال۔ وَعْدٌ
دوسری شرط یہ ہے کہ صیغہ جمع کا ہو۔ احترازی مثال قِوَامٌ یہ مصدر ہے۔
تیسری شرط یہ ہے کہ وہ واو واحد میں ساکن ہو۔ احترازی مثال طِوَالٌ اس کا مفرد طَوِیْلٌ ہے جس میں واو ساکن نہیں۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ وہ واو جمع میں الف سے پہلے ہو۔ احترازی مثال کِوَزَةٌ اس کا مفرد کُوْزَةٌ ہے۔ یہاں واو زا سے پہلے ہے الف سے پہلے نہیں۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ واو کا ماقبل مکسور ہو۔
احترازی مثال اَقْوَالٌ یہ جمع ہے قَوْلٌ کی یہاں ماقبل ساکن ہے۔ چھٹی شرط یہ ہے کہ لام کلمہ میں قانون جاری نہ ہوا ہو۔ احترازی مثال رِوَاءٌ اصل میں رِوَایٌ تھا۔ اس کا مفرد رُوْیَانٌ بسکون واو ہے۔
اتفاقی مثال حِوَاضٌ رِوَاضٌ سے حِیَاضٌ رِیَاضٌ ان کا مفرد حَوْضٌ رَوْضٌ ہے۔

(۵۲) **قانون** : ہر واو ویا کہ جمع شوند در یک کلمہ یا حکم وے سوائے کلمہ اسم بر وزن اَفْعَلُ اول ایشان ساکن لازم غیر بدل باشد آن واو را یا کردہ در یا ادغام می کنند وجوبًا سوائے واوِ عین کلمہ بعد از یائے تصغیر در مکبر سلامت باشد چراکہ آن واو را بیا بدل کردہ شود جوازًا۔

[1] صیغہ مصدر خواہ فِعَلٌ کی وزن پر ہو یا فِعَالٌ یا اِنْفِعَالٌ کے وزن پر ہو۔

اس قانون کا نام ہے قُوَیِّلٌ قُوَیِّلَۃٌ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں، ہر حکم کے لیے سات سات شرطیں ہیں۔ پہلے حکم کے لیے چار شرطیں وجودی تین عدمی ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ واو کو یا کر کے یا کو یا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو یا جمع ہوں۔ احترازی مثال وَشْیٌ یہاں درمیان میں حرفِ شین ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو یا ایک کلمہ میں ہوں حقیقتاً یا حکماً[۱]۔ احترازی مثال اَبُوْیَعْقُوْبَ یہاں جدا جدا کلمہ میں ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا میں سے جو اوّل ہو وہ ساکن ہو۔ احترازی مثال قُوَیْلِیْ یہاں دوسرا ساکن ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ اس کا سکون بھی لازمی ہو۔ احترازی مثال قَوْیَ اصل میں قَوِیَ تھا۔ یہاں واو کی سکون عارضی ہے بقانون حلقی العین جوازًا۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ یہ صیغہ اسم میں اَفْعَلُ کے وزن پر نہ ہوں۔ احترازی مثال اَیْوَمُ یہ اسم میں اَفْعَلُ کے وزن پر ہے۔ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا میں سے جو پہلا ہے وہ کسی اور حرف سے تبدیل[۲] شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال بُوْیِعَ اصل میں بَایَعَ تھا واو الف سے بدل شدہ ہے بقانون ضُوْرِبَ مَضَارِیْبُ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ ان تین صفتوں والی واو بھی نہ ہو۔ (۱) واو مقابلہ عین کلمہ (۲) بعد از یائے تصغیر (۳) ایسا واو کہ اپنے مکبر میں سالم ہو۔ احترازی مثال مُقَیْوِلٌ مُقَیْوِلَۃٌ یہاں واو مقابلہ عین کلمہ کے ہے بعد از یائے تصغیر مکبر میں سالم ہے کیونکہ ان کا مکبر آتا ہے مِقْوَلٌ مِقْوَلَۃٌ اتفاقی مثال قُوَیْوِلٌ قُوَیْوِلَۃٌ سے قُوَیِّلٌ قُوَیِّلَۃٌ ان کا مکبر قَائِلٌ قَائِلَۃٌ ہے یہاں واو سالم نہیں۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ واو کو یا کر کے یا کو یا میں ادغام کرنا جائز ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو یا جمع ہوں۔ احترازی مثال وَشْیٌ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو یا ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال اَبُوْیَعْقُوْبَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ان دونوں میں سے پہلا ساکن ہو۔ احترازی مثال قُوَیْلِیْ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ پہلے کا سکون بھی لازمی ہو عارضی نہ ہو۔ احترازی مثال قَوْیَ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ ان تین صفتوں والی واو ہو

---

[۱] حکماً ایک کلمہ کی مثال مُسْلِمِیَّ اصل میں مُسْلِمُوْنَ تھا یائے متکلم کی طرف اضافہ کی وجہ سے نون گر گیا تو مُسْلِمُوْیَ ہوا۔ یہ کلمہ واحد کے حکم میں ہے اس وجہ سے کہ ضمیر مجرور شدت افتقار کی وجہ سے بمنزل جزء ہے تو اسی قانون سے مُسْلِمُیَّ ہوا۔ بعدہ بقانون دِعِیٌّ ثانی مُسْلِمِیَّ ہوا

[۲] بُوْیِعَ (ماضی مجہول) میں واو، بَایَعَ (ماضی معلوم) کی الف سے بدل شدہ ہے۔ اگر اس میں تعلیل کرتے ہیں تو بابِ تفعیل کی ماضی مجہول سے ملتبس ہو جائے گا۔ **ف** : مَدَاعِیُوْ والی واو کو یُدْعٰی کے قانون سے واو کریں گے بعدہٗ متجانسین والے قانون سے یا کو یا میں ادغام کر کے مَدَاعِیُّ پڑھیں گے۔ مَدَاعِیُوْ میں یا الف سے بدلی ہوئی ہے۔ اس کا واحد مِدْعَاءٌ ہے یہ صیغہ اسم آلہ ہے

(۱) مقابلہ عین کلمہ (۲) بعد یائے تصغیر (۳) یہ واو اپنے مکبر میں سالم ہو۔ احترازی مثال قُوَیْوِلٌ مُقَیْوِلٌ یہ تصغیر ہے مَقَالٌ اسم ظرف کی اور قَائِلٌ اسم فاعل کی جہاں واو سالم نہیں۔ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ یہ صیغہ آم میں أَفْعَلُ کے وزن پر نہ ہو۔ احترازی مثال أَيْوَم **ساتویں شرط** یہ ہے کہ واؔو یاؔ کسی سے تبدیل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال بُوَيِعَ اتفاقی مثال مُقَيْوِلٌ سے مُقَيِّلٌ یہ تصغیر ہے مِقْوَلٌ اسم آلہ کی۔

**فائدہ:** امام فراء رحمہ اللہ اپنی کتاب "الایام واللّیالی" میں فرماتے ہیں کہ قُوَيِّلٌ والا قاعدہ کلیہ ہے مگر تین لفظ نادر ہیں اول ضَيْوَنٌ بمعنی گربۂ نر، دوم حَيْوَةٌ بمعنی نامِ شخص، سوم حَيْوَانٌ عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے

## (۵۳) قانون : ہر حرف علت کہ بباعثے بیفتد بوقت دور شدن آن باز آید وجوبًا

اس قانون کا نام ہے قُوْلَنَّ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور دو شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ محذوف شدہ حرف علت کا واپس لانا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ حرفِ علت کسی وجہ سے گر گیا ہو۔ احترازی مثال قَالَ یہاں حرفِ علّت نہیں گرا بلکہ الف سے تبدیل ہوا ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ حرف علّت کے گرنے کا سبب دور ہو جائے۔ احترازی مثال قُلْنَ یہاں گرنے کا سبب دور نہیں ہوا ہے۔ **اتفاقی مثال** قُلْ یہاں واو التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف ہوا ہے جب اس کے آخر میں نون ثقیلہ لاحق ہوا تو لام متحرک ہوا، سبب حذفیت ختم ہوا تو وہ واو واپس آیا قُوْلَنَّ ہوا۔

## (۵۴) قانون : ہر واؔو یاؔ کہ واقع شود بعد از الفِ زائدہ بر طرف یا در حکم آن را بہ ہمزہ بدل می کنند وجوبًا

اس قانون کا نام ہے دُعَاءٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واؔو اور یا کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ کہ ہے کہ واؔو یاؔ الف کے بعد واقع ہوں۔ احترازی مثال وَاعِدٌ یَاسِرٌ یہاں واؔو یاؔ الف سے پہلے ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ الف زائدہ ہو۔ احترازی مثال ثَائٌ رَائٌ یہاں واؔو یاؔ سے قبل الف اصلی ہے، اصل میں ثَوَیٌ (بمعنی مکانِ گوسفندان) رَوَیٌ (بمعنی نیزہ) تھے۔ ان دونوں میں عین کلمہ خلاف قیاس الف ہو گیا ہے اس لیے کہ قیاس کا تقاضا تھا کہ لام کلمہ میں تعلیل ہو۔

**تیسری شرط** یہ ہے کہ واو یا آخر میں ہوں حقیقتاً یا حکماً۔ احترازی مثال شِقَاوَۃٌ هِدَايَةٌ یہاں واو یا نہ حقیقتاًله آخر میں ہیں نہ حکماً۔ اتفاقی مثال حقیقتاً کی دُعَاوٌ مِرْمَايٌ سے دُعَاءٌ مِرْمَاءٌ۔ حکماً کی مِدْعَاوَانِ مِرْمَايَانِ سے مِدْعَاآنِ مِرْمَاءآنِ۔

(۵۵) **قانون** : ہر واو کہ واقع شود مقابلہ لام کلمہ ماقبل او مکسور باشد آن را بیا بدل کنند وجوباً

اس قانون کا نام دُعِيَ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور دو شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واو کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو مقابلہ لام کے ہو۔ احترازی مثال وُعِدَ عُوِرَ یہاں لام کلمہ کے مقابلہ میں نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ اس واو کا ماقبل مکسور ہو۔ احترازی مثال دَعَوَ يَدْعُوْ یہاں ماقبل مکسور نہیں۔ اتفاقی مثال دُعِوَ سے دُعِيَ دَاعِوَانِ سے دَاعِيَانِ۔

(۵۶) **قانون** : ہر یا کہ واقع شود در آخر فعل فتح غیر اعرابی و ماقبلش مکسور باشد کسرہ ماقبلش را بفتح بدل کردہ جوازاً پس یا را بہ الف بدل کنند بکلیہ قَالَ بر لغت بنی طیّ

اس قانون کا نام دُعَیٰ کا قانون ہے۔ اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ یا کے ماقبل کی کسرہ کو فتح سے تبدیل کرنا جائز ہے پھر یا کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے قَالَ کے قانون سے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ یا آخر میں ہو۔ احترازی مثال بَيِعَ يَيْسَرَ یہاں آخر میں نہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ صیغہ فعل کا ہو۔ احترازی مثال دَاعِيَةٌ یہ اسم ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس یا پر حرکت فتح کی ہو۔ احترازی مثال يَرْمِيُ یہاں مضموم ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ فتح اعرابی نہ ہو یعنی کسی عامل کی وجہ سے نہ ہو۔ احترازی مثال لَنْ يَرْمِيَ یہاں عامل ناصب نے فتح دیا ہے۔

---

له حقیقتاً کا مطلب یہ ہے کہ واو یا بالکل آخر میں ہوں ان کے بعد اور کوئی حرف نہ ہو جیسے دُعَاوٌ دُوَايٌ۔ حکماً کا مطلب یہ ہے کہ واو یا کے بعد ایسے حروف ہوں کہ کلمہ کی بنا ان کے بغیر درست رہے یعنی کلمہ ان کے بغیر بھی مستعمل ہوتا ہو تثنیہ و جمع کی زیادتی اسی حکم میں ہے پس اس قید سے شِقَايَةٌ هِدَايَةٌ عَدَاوَةٌ جیسے کلمات خارج ہوگئے اس لیے کہ ان میں تائے لازمہ ہے اور کلمہ اسکے بغیر مستعمل نہیں ہے تو یہ واو یا نہ برطرف میں ہیں نہ برطرف کے حکم میں ہے۔ یہ قانون مصدر، جامد، مشتق سب میں جاری ہوگا۔

پانچویں شرط یہ ہے کہ اس یا کا ماقبل مکسور ہو۔ احترازی مثال دَعَیَ یہاں مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال دُعِیَ سے دُعَیَ پڑھنا جائز ہے پھر دُعِی پڑھنا واجب ہے۔

۵۷ **قانون:** ہر واو و یا مضموم یا مکسور کہ واقع شود مقابل لام کلمہ بعد از ضمہ و کسرہ حرکت آن را حذف می کنند وجوبًا بشرطیکہ درمیانِ کسرہ و واو و ضمہ و یا نباشد آن واو و یا بدل از ہمزہ بابدال جوازی و حرکتش منقول از ہمزہ نباشد۔

اس قانون کا نام ہے یَدْعُوْ یَرْمِیْ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور ........ چھ شرطیں ہیں تین شرطیں وجودی اور تین شرطیں عدمی ہیں۔ ............ حکم یہ ہے کہ واو و یا کی حرکت کو حذف کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط واو اور یا مضموم یا مکسور ہوں احترازی مثال لَنْ یَّدْعُوَ لَنْ یَّرْمِیَ۔ یہاں مفتوح ہیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ لام کلمہ کے مقابلہ میں ہوں۔ احترازی مثال یَقُوْلُ یَبِیْعُ یہاں عین کلمہ کے مقابلہ میں ہیں۔ تیسری شرط یہ ہے کہ واو اور یا کا ماقبل بھی مضموم یا مکسور ہو۔ احترازی مثال یُدْعَوُ یُرْمَیُ یہاں مفتوح ہے۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ واو ضمہ و یا کے درمیان اور یا کسرہ و واو کے درمیان نہ ہوں۔ احترازی مثال تَدْعُوِیْنَ رَامِیُوْنَ یہاں واو ضمہ و یا کے درمیان ہے یا کسرہ و واو کے درمیان ہے۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ واو یا ہمزہ سے جوازی[1] قانون کے ساتھ تبدیل شدہ نہ ہوں۔ احترازی مثال کُفُوٌ مُسْتَهْزِیُوْنَ اصل میں کُفُؤٌ مُسْتَهْزِءُوْنَ تھے۔ یہاں واو یا ہمزہ سے جوازی قانون کے ساتھ تبدیل شدہ ہیں۔ چھٹی شرط یہ ہے کہ واو اور یا کی حرکت ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال یَسُوُ یَجِیُ اصل میں یَسُوْءُ یَجِیْءُ تھے۔ اتفاقی مثال یَدْعُوُ یَرْمِیُ سے یَدْعُوْ یَرْمِیْ پڑھنا واجب ہے۔

---

[1] اگر واو اور یا ہمزہ سے وجوبی قانون سے تبدیل شدہ ہیں تو زیر بحث قانون جاری ہو جائے گا جیسے جَاءٍ اصل میں جَاءِءٌ تھا۔ ہمزہ ثانی کو یا سے تبدیل کیا تو جَاءِیٌ ہوا بعدہٗ بقانونِ زیر بحث جَاءِیْنْ ہوا، التقائے ساکنین ہوا درمیان یا و نون تنوین کے یا کو حذف کیا تو جَاءٍ ہوا۔

(۵۸) **قانون** : ہر واو کہ واقع شود سیوم جا چون صَاعِدٌ شود آن را بہ یا بدل کنند وجوباً بشرطیکہ ماقبلش مضموم و واو ساکن نباشد۔

اس قانون کا نام ہے یُدْعٰی کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور چار شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ واو کو یا کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو اصل میں تیسری جگہ پر ہو۔ احترازی مثال اِسْتَوٰی اصل سے مراد ماضی معلوم کے ثلاثی مجرد کا پہلا صیغہ ہے۔ اس کا اصل وَنٰی ہے یہاں واو پہلی جگہ پر ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ تیسری جگہ سے ترقی کرے۔ احترازی مثال دَعَوْنَ یہاں تیسری جگہ پر ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو کا ماقبل مضموم نہ ہو۔ احترازی مثال یَدْعُوْ یہاں ماقبل مضموم ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ واو کا ماقبل اور واو ساکن نہ ہو۔ احترازی مثال مَدْعُوْوٌ یہاں واو کا ماقبل اور واو ساکن ہے۔ اتفاقی مثال یُدْعَوُ سے یُدْعَیُ پھر قَالَ کے قانون سے یُدْعٰی

(۵۹) **قانون** : ہر واو لازم غیر بدل از ہمزہ کہ واقع شود در آخر اسم متمکن ماقبلش مضموم باشد یا واو مدہ زائدہ باشد در جمع آن را بیا بدل کنند وجوباً و در مفرد مانع از وجوب اعلال است آن واو مدہ زائدہ مگر وقتیکہ ماقبلش دیگر واو متحرک باشد۔

اس قانون کا نام ہے اَدْلٍ تَبَنٍّ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں پہلے حکم کے لیے شرطوں کی تین

---

لہ مثال پنجم، ششم جگہ کی اِدَّعَوَ اِسْتَدْعَوَ سے اِدَّعَیَ اِسْتَدْعَیَ بقانون قَالَ اِدَّعٰی اِسْتَدْعٰی مثال ہفتم جگہ کی اِسْتِدْعَاوٌ سے اِسْتِدْعَایٌ بقانون دَعَاءٌ اِسْتِدْعَاءٌ ہوا

ف بعض علماء کہتے ہیں کہ اس قانون کی ضرورت نہیں۔ واو پر قَالَ کا قانون جاری کیا جائے پس بس لیکن جمہور محققین فرماتے ہیں کہ پہلے یُدْعٰی کا قانون جاری کر کے بعدہ قال کا قانون جاری کریں۔ کیونکہ ابطال سے اعمال بہتر ہے

جماعتیں ہیں، پہلی جماعت کے لیے سات شرطیں دوسری جماعت کے لیے آٹھ شرطیں ہیں، تیسری جماعت کیلئے نو شرطیں، دوسرے حکم کیلئے نو شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ واو کو یا کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔

**پہلی جماعت پہلی شرط** یہ ہے کہ واو ہو۔ احترازی مثال رَامِيٌ یہاں یا ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو لازمی ہو۔ احترازی مثال ضَارِبُوْ اصل میں ضَارِبِنْ تھا یہاں واو عارضی ہے بقانون جوازی نون تنوین سے بدل ہے **تیسری شرط** یہ ہے کہ وہ واو ہمزہ سے بدل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال کُفُوًا اصل کُفُؤًا تھا، یہاں واو ہمزہ سے بدل شدہ ہے **چوتھی شرط** یہ ہے کہ وہ واو آخر کلمہ میں ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ قَوْلٌ یہاں ابتدا اور درمیان میں ہے **پانچویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال یَدْعُوْ یہاں فعل کے آخر میں ہے **چھٹی شرط** یہ ہے کہ اسم متمکن کے آخر میں ہو "یعنی اسم معرب" احترازی مثال هُوَ یہ اسم غیر متمکن ہے۔ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ اس واو کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال دَاعِوٌ مَدْعَوٌ یہاں واو کا ماقبل مفتوح و مکسور ہے۔ **اتفاقی مثال** اَدْلُوٌ تَبَنُّوٌ سے اَدْلُيٌ تَبَنُّيٌ بعدہٗ بقانون دِعِيٌّ اَدْلِيٌ تَبَنِّيٌ بقانون یَدْعُوْ اَدْلِيْنٌ تَبَنِّيْنٌ بقانون التقائے ساکنین اَدْلٍ تَبَنٍّ

**دوسری جماعت پہلی شرط** یہ ہے کہ واو ہو۔ احترازی مثال رَامِيٌ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو لازمی ہو۔ احترازی مثال ضَارِبُوْ **تیسری شرط** یہ ہے کہ وہ ہمزہ سے بدل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال کُفُوًا **چوتھی شرط** یہ ہے کہ وہ واو آخر کلمہ میں ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ قَوْلٌ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال یَدْعُوْ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ واو اسم متمکن کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال هُوَ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ اس واو کا ماقبل اور واو مدّہ زائدہ ہو۔ احترازی مثال حُوُوٌّ (بروزن فُعُلٌ) یہاں واو کا ماقبل مدّہ زائدہ نہیں۔

**آٹھویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو جمع میں ہو۔ احترازی مثال مَدْعُوْوٌ یہاں واو کا ماقبل مدّہ زائدہ مفرد میں ہے۔ اتفاقی مثال دُعُوْوٌ یہ دَاعٍ کی جمع ہے دوسری واو کو یا سے تبدیل کیا تو دُعُوْيٌ ہوا بقانون قُوْتِيل دُعُيٌّ بقانون اَدْلٍ ثانی دِعِيٌّ ہوا۔

**تیسری جماعت پہلی شرط** یہ ہے کہ واو ہو۔ احترازی مثال رَامِيٌ **دوسری شرط** یہ ہے

کہ واو لازمی ہو۔ احترازی مثال ضَارِبُوْ اصل میں ضَارِبٌ تھا۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ وہ واو ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال کُفُوًا اصل میں کُفُؤًا تھا۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ وہ واو آخر میں ہو۔ احترازی مثال قَوْلٌ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو اسم کے آخر میں ہو احترازی مثال یَدْعُوْ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ اسم متمکن کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال هُوَ **ساتویں شرط** یہ ہے کہ اس واو کا ماقبل اور واو مدہ زائدہ ہو۔ احترازی مثال حُوْوٌ **آٹھویں شرط** یہ ہے کہ واو مفرد کے صیغہ میں ہو۔ احترازی مثال دُعُوْوٌ یہ جمع کا صیغہ ہے۔ **نویں شرط** یہ ہے کہ مدہ زائدہ والی واو سے پہلے بھی واو متحرک ہو۔ احترازی مثال مَدْعُوْوٌ یہاں واو مدہ زائدہ سے پہلے عین ہے واو نہیں۔ اتفاقی مثال مَقْوُوْوٌ آخری واو کو یا سے تبدیل کیا تو مَقْوُوْيٌ ہوا بقانون قُوَيِّلٌ مَقْوُيٌّ بقانون اُدْلٍ ثانی مَقْوِيٌّ ہوا۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ واو کو یا سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو ہو۔ احترازی مثال رَامِيٌ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو لازمی ہو۔ احترازی مثال ضَارِبُوْ اصل میں ضَارِبٌ تھا۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ وہ واو ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال کُفُوًا **چوتھی شرط** یہ ہے کہ وہ واو آخر میں ہو۔ احترازی مثال قَوْلٌ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال یَدْعُوْ **چھٹی شرط** یہ ہے کہ واو اسم معرب کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال هُوَ۔

**ساتویں شرط** یہ ہے کہ واو کا ماقبل اور واو مدہ زائدہ ہو۔ احترازی مثال حُوْوٌ۔

**آٹھویں شرط** یہ ہے کہ صیغہ مفرد کا ہو۔ احترازی مثال دُعُوْوٌ **نویں شرط** یہ ہے کہ وہ واو مدہ زائدہ کا ماقبل اور واو متحرک نہ ہو۔ احترازی مثال مَقْوُوْوٌ یہاں واو مدہ زائدہ کا ماقبل اور واو متحرک ہے۔ اتفاقی مثال مَدْعُوْوٌ اس آخری واو کو یا سے تبدیل کیا تو مَدْعُوْيٌ ہوا بقانون قُوَيِّلٌ مَدْعُيٌّ بقانون اُدْلٍ ثانی مَدْعِيٌّ ہوا۔

(٦٠) **قانون**: ہر یا مشدّد یا مخفّف کہ واقع شود در آخر اسم متمکن ماقبلش اگر یک حرف مضموم باشد ضمۂ آن را بکسرہ بدل کنند وجوبًا واگر دو باشند چون دُعُيٌّ ضمۂ متصل را وجوبًا غیر متصل را جوازًا۔

اس قانون کا نام ہے دِعِیٌّ اور اَدْلٍ تَبَنٍّ کا دوسرا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ ہر حکم کے لیے پانچ پانچ شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ یا کے ماقبل والے ضمّہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ یا ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ یہاں یا نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ یا آخر میں[1] ہو۔ احترازی مثال بَیْعٌ یہاں یا درمیان میں ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ یا اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال رَمٰی یہ فعل کے آخر میں ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ یا اسم متمکن کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال هِیَ۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ یا کے ماقبل میں صرف ایک ضمّہ ہو۔ احترازی مثال دُعُوْیٌ یہاں یا کے ماقبل میں دو حرف مضموم ہیں۔ اتفاقی مثال یائے مخفّف کی اُدْلُیٌ تَبَنُّیٌ سے اَدْلٍ تَبَنٍّ یا مشدّد کی مَرْمُوْیٌ سے۔ مَرْمِیٌّ۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ یا کے متّصل والے ضمّہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے غیر متّصل کو جائز ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ یا (مشدّد یا مخفّف) ہو۔ احترازی مثال وَعْدٌ **دوسری شرط** یہ ہے کہ یا آخر میں ہو۔ احترازی مثال یُسْرٌ بَیْعٌ۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ یا اسم کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال رَمٰی **چوتھی شرط** یہ ہے کہ یا اسم متمکن (معرب) کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال مُیَ حُیَ ۔ یہ اسم غیر متمکن ہیں **پانچویں شرط** یہ ہے کہ یا کے ماقبل میں مضموم حروف ایک سے زائد ہوں۔ احترازی مثال اُدْلُیٌ مَرْمُوْیٌ یہاں یا سے پہلے صرف ایک حرف مضموم ہے۔ اتفاقی مثال یائے مشدّد کی دُعُوْیٌ سے دِعِیٌّ۔ یائے مخفّف کی رُخُیٌ سے دِخِیٌ

**ف:** دواعِ میں علماءِ اہل صرف کے دو گروہ ہیں ایک گروہ پہلے غیر منصرف کا اعتبار کرتا ہے پھر تعلیل کا، دوسرا گروہ پہلے تعلیل کا پھر منصرف و غیر منصرف کا۔

(٦١) **قانون:** ہر حرف علت کہ واقع شود در آخر فعل مضارع غیر بدل از ہمزہ وقت دخول جوازم و بناء کردن امر حاضر معلوم حذف کردہ می شود وجوباً۔

---

[1] یا آخر میں حقیقتاً ہو یا حکماً۔ حقیقتاً کا مطلب یہ ہے کہ یا کے بعد بالکل اور کوئی حرف نہ ہو جیسے اَدْلُیٌ حکماً کا مطلب یہ ہے کہ یا مقابل لام کلمہ کے ہو لیکن اس یا کے بعد الف و نون تثنیہ یا واو نون جمع کا ہوں جیسے طُیَّانٌ سے طِیَّانٌ

اس قانون کا نام لَمْ یَدْعُ اُدْعُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ حرفِ علت کو حذف کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ حرف علت آخر میں ہو۔ احترازی مثال یَقُوْلُ یہاں درمیان میں ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ فعل کے آخر میں ہو۔ احترازی مثال داعٍ رامٍ یہاں اسم کے آخر میں ہے **تیسری شرط** یہ ہے کہ آخر فعل مضارع کا ہو۔ احترازی مثال دَعَا رَمٰی اصل میں دَعَوَ رَمَیَ تھے۔ یہاں فعل ماضی کے آخر میں ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ حرف علت ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال یَهْنِیُ یَجْرُوُ اصل میں یَهْنِئُ یَجْرُءُ تھے۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ اس صیغہ پر حرف[1] جوازم داخل ہو یا امر حاضر معلوم بنا کریں۔ احترازی مثال یَدْعُوْ یَرْمِیْ یہاں نہ حرف جوازم داخل ہے نہ امر حاضر معلوم کے بنا کا ارادہ ہے۔ **اتفاقی مثال** یَدْعُوْ یَرْمِیْ تَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ لَمْ یَرْمِ اُدْعُ۔

**(۶۲) قانون:** در التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ اگر ساکن اول غیر مدہ واو جمع باشد آن را حرکت ضمہ می دہند وجوباً واگر ساکن اول غیر مدہ یائے واحدہ باشد آن را حرکت کسرہ می دہند وجوباً۔

اس قانون کا نام ہے لَتُدْعَوُنَّ لَتُدْعَیِنَّ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ ہر حکم کے لیے تین تین شرطیں ہیں پہلا حکم یہ ہے کہ واو جمع کو ضمہ کی حرکت دینا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ ہو احترازی مثال اِحْمَارَّ اُحْمُوْرَّ یہ علی حدّہٖ ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ پہلا ساکن غیر مدّہ ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبُنَّ اصل میں اِضْرِبُوْا تھا جب اس کے ساتھ نون ثقیلہ متصل ہوا تو اِضْرِبُوْنَّ ہوگیا۔ یہاں پہلا ساکن مدّہ ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ پہلا ساکن واو جمع کی ہو۔ احترازی مثال لَوِاسْتَطَعْنَا اصل میں لَوْ اِسْتَطَعْنَا تھا یہاں واو جمع کی نہیں۔ اتفاقی مثال لَتُدْعَوُنَّ اصل میں لَتُدْعَوْ تھا جب اس کے ساتھ نون ثقیلہ متصل ہوا تو لَتُدْعَوُنَّ ہوگیا۔

---

[1] جو حرف علت لام کلمہ میں وقت دخول حرف جازم جیسے لَمْ اِنْ شرطیہ وغیرہ یا وقت بنا امر حاضر معلوم حذف ہوا ہے وقت اتصال ضمیر فاعل جیسے الف واو یا نون جمع مؤنث یا اتصال نون ثقیلہ اور خفیفہ محذوف شدہ حرف علت واپس آئے گا۔ جیسے اُدْعُ مفرد مذکر سے اُدْعُوَا اُدْعُوْا اُدْعِیْ اُدْعُوْنَ لیکن اُدْعُوْا اُدْعِیْ میں دوسرے قاعدہ کے پائے جانے کی وجہ سے واو مذکور حذف ہوگیا ہے۔ اتصال نون ثقیلہ کی مثال جیسے اُدْعُوَنَّ، نون خفیفہ کی جیسے اُدْعُوَنْ۔

دوسرا حکم یہ ہے کہ یائے واحدہ کو حرکت کسرہ کی دینا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ ہو۔ احترازی مثال اِحْمَارَّ اُحْمُوْرَّ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ساکنِ اوّل غیر مدہ ہو۔ احترازی مثال اِضْرِبِنَّ اصل میں اِضْرِبِیْنَّ تھا یہاں ساکنِ اول مدّہ ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ساکنِ اول یاء واحدہ ہو۔ احترازی مثال ضَارِبِیْ الْقَوْمَ اصل میں ضَارِبِیْنَ تھا وقت اضافت نون تثنیہ حذف ہوا۔ یہاں یا تثنیہ کا ہے۔ اتفاقی مثال لِتَدْعِیِنَّ اصل میں لِتَدْعِیْ تھا جب اس کے ساتھ نون ثقیلہ متصل ہوا یا کو حرکت کسرہ کی دی تو لِتَدْعِیِنَّ ہوا۔

(۶۳) **قانون**: واو لام کلمہ فُعْلٰی اسمی یا می شود و یا لام کلمہ فَعْلٰی اسمی واو می شود وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے دُعْیٰ فَتْوٰی کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ ہر حکم کے لیے تین تین شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ واو کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو مقابلہ لام کے ہو۔ احترازی مثال قُوْلٰی وُعْدٰی۔ یہاں لام کلمہ کے مقابلہ میں نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ فُعْلٰی کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال دَعْوٰی یہ فَعْلٰی کے وزن پر ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ فُعْلٰی اسمی[1] ہو

[1] فُعْلٰی (بضم فا و سکون عین) اسمی جبکہ اس کا لام کلمہ واو ہو تو وہ یا سے بدل جاتا ہے جیسے دُعْوٰی سے دُعْیٰ اگر فُعْلٰی صفتی لام کلمہ کے مقابلہ میں واو ہے تو بحالہ رہتا ہے جیسے غُزْوٰی بمعنی جنگ کرنے والی عورت **سوال**: دُنْیَا اور عُلْیَا مؤنث اَدْنٰی اور اَعْلٰی کے ہیں اور یہ اسم تفضیل ہیں لہٰذا ان میں معنی وصفی ہے نہ کہ اسمی حالانکہ مذکورہ قانون فُعْلٰی اسمی کے لیے ہے نہ کہ صفتی کے لیے **جواب**: ان میں اصل کے اعتبار سے معنی وصفی ہے لیکن اب معنیٰ اسمیت میں اکثر مستعمل ہیں کیونکہ یہ جب صفت واقع ہوتے ہیں تو معرف باللام ہو کر واقع ہوتے ہیں جیسے اَلْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَالْمَنْزِلَۃُ الْعُلْیَا اور حیوٰۃ دنیا منزلۃ علیا نہیں کہا جاتا ہے اگر یہ صفات ہوتے تو اور صفات کی طرح دونوں حالتوں (یعنی معرف باللام اور غیر معرف باللام) کے ساتھ صفت واقع ہوتے۔ نیز فُعْلٰی تفضیلی بھی فُعْلٰی اسمی کا حکم رکھتا ہے (علم الصیغہ) **سوال**: فُعْلٰی اسمی میں تعلیل کرتے ہیں صفتی میں کیوں نہیں کرتے۔ **جواب**: فُعْلٰی اسمی میں ثقل ہے پھر اس کے لام کلمہ میں واو ہونے سے اور ثقل بڑھ گیا لہٰذا اس کو یا سے بدل دیتے ہیں جو کہ واو سے ہلکی ہے بخلاف فُعْلٰی صفتی کے۔ فُعْلٰی اسمی اگر لام کلمہ میں یا ہے تو اپنے حال پر رہے گا جیسے فُتْیَا۔ اگر لام کلمہ واو ہے تو یا ہو جائے گا جیسے دُنْیَا عُلْیَا اصل میں دُنْوَا عُلْوَا تھے۔ فَعْلٰی صفتی: اگر لام کلمہ واو ہے تو اپنے حال پر رہے گا جیسے غُزْوٰی۔ اگر لام کلمہ یا ہے تو اپنے حال پر رہے گا جیسے قُضْیَا۔

احترازی مثال غُزْوٰی (بمعنی جنگ کرنے والی عورت) یہ فُعْلٰی صفتی ہے۔ اتفاقی مثال دُعْوٰی دُنْوًا سے دُعْیٰ دُنْیَا کرکے پڑھنا واجب ہے۔ **دوسرا حکم** یہ ہے کہ یا کو واو سے تبدیل کرنا واجب ہے۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ یا مقابلہ لام کلمہ کے ہو۔ احترازی مثال بَیْضَا یہاں عین کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ فَعْلٰی کے وزن پر ہو۔ احترازی مثال دُنْیٰ یہ فُعْلٰی کے وزن پر ہے۔
**تیسری شرط** یہ ہے کہ فَعْلٰی اسمی[1] ہو۔ احترازی مثال صَدْیٰ (بمعنی پیاسی عورت) یہ فَعْلٰی صفتی ہے۔ اتفاقی مثال فَتْیٰ تَقْیٰ سے فَتْوٰی تَقْوٰی پڑھنا واجب ہے۔

(٦٤) **قانون :** ہر ہمزہ کہ واقع شود بعد از الف مَفَاعِلُ قبل از یا و در مفرد قبل از یا نبود آن را بہ یا مفتوحہ بدل می کنند وجوبًا مگر واو کہ واقع شدہ بود در مفردش بعد از الف چہارم جا چرا کہ آن ہمزہ را در جمع بواو مفتوحہ بدل کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے رَخَایَا اَدَاوَا کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں۔ پہلے حکم کے لیے چار شرطیں ہیں دوسرے حکم کے لیے پانچ شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ الف کے بعد واقع ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ یہاں ہمزہ سین کے بعد واقع ہے۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مَفَاعِلُ والے الف کے بعد واقع ہو۔ احترازی مثال قَائِلٌ یہاں ہمزہ فَاعِلٌ والے الف کے بعد واقع ہے **تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کے بعد یا ہو۔ احترازی مثال شَرَائِفُ یہاں ہمزہ کے بعد فا ہے یا نہیں۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مفرد میں یا سے پہلے نہ ہو۔ احترازی مثال جَوَائِیُ اس کا مفرد جَائِیَۃٌ ہے۔ یہاں صیغہ مفرد میں ہمزہ یا سے پہلے ہے۔ اتفاقی مثال رَخَائِیُ[2] سے اس کا مفرد رَخِیْوَۃٌ ہے جہاں ہمزہ بالکل نہیں) سے رَخَایِیُ بقانون قَالَ رَخَایَا ہوا۔

---

[1] فَعْلٰی (بفتح فا و بالف مقصورہ) جو کہ اسم ہو نہ کہ صفت جبکہ اس کے لام کلمہ میں یا ہو تو واو ہو جاتی ہے جیسے تَقْوٰی اصل میں تَقْیٰ تھا۔ از وَقٰی یَقِیْ اس کی واو کو خلاف قیاس تا سے بدل لیا اور لام کلمہ کی یا کو واو سے تبدیل کیا۔ اگر فَعْلٰی صفتی کے لام کلمہ میں یا ہو تو بحالہ رہتی ہے جیسے صَدْیٰ بمعنی پیاسی عورت۔ **سوال :** فَعْلٰی اسمی میں تعلیل کیوں نہیں کی جاتی ؟ **جواب :** اسم چونکہ خفیف ہوتا ہے لہذا وہ ثقل واو کا متحمل ہو سکتا ہے بخلاف صفت کے کہ وہ اجزاء معنی کے اعتبار سے خود ثقیل ہوتی ہے لہذا ثقل واو کا متحمل نہیں۔
[2] خَطَائِیُ اس کا مفرد خَطِیْئَۃٌ ہے جہاں ہمزہ یا سے پہلے نہیں بلکہ یا کے بعد ہے" سے خَطَایِیُ بعدہٗ بقانون قَالَ خَطَایَا ہو

دوسرا حکم یہ ہے کہ ہمزہ کو واو مفتوح سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ الف کے بعد واقع ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ الف مَفَاعِلُ کے بعد واقع ہو۔ احترازی مثال قَائِلٌ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کے بعد یا ہو۔ احترازی مثال شَرَائِفُ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مفرد میں یا سے پہلے نہ ہو۔ احترازی مثال جَوَائِیُ اس کا مفرد جَائِیَۃٌ ہے۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ (ان چار شرطوں والا ہمزہ ایسے جمع میں ہو جس کے مفرد میں واو چوتھی جگہ پر الف کے بعد ہو۔ احترازی مثال دَخَائِیُ اس کا مفرد دَخِیْوَۃٌ ہے یہاں واو چوتھی جگہ پر یا کے بعد ہے الف کے بعد نہیں۔ اتفاقی مثال اَدَاوٰی سے اَدَاوَا۔ **وضاحت:** اَدَائِوُ اس کا مفرد اِدَاوَۃٌ ہے بمعنی آفتاب جہاں واو الف کے بعد چوتھی جگہ پر ہے) بقانون دُعِیَ اَدَائِیُ پھر اس قانون سے اَدَاوَیُ بعدہ بقانون قَالَ اَدَاوٰی ہوا۔

**نوٹ:** اس قانون کو ناقص میں ذکر کرنا مسامحت ہے اس کو مہموز میں ذکر کرنا چاہیئے تھا جس طرح ابن حاجبؒ نے شافیہ میں اور دیگر اہل فن نے ذکر کیا ہے۔

(٦٥) **قانون:** ہر جا کہ سہ یا در یک کلمہ جمع شوند باین طور کہ اول مدغم در ثانی و ثالث مقابلہ لام کلمہ آن ثالث را حذف کنند نسیًا منسیًا بشرطیکہ در تصغیر باشد ہم چنین اگر دو یا جمع شوند حذف یکے جائز است چون سَیِّدٌ کہ او را سَیْدٌ خواندن جائز است۔

اس قانون کا نام ہے دُحَیٌّ دُحَیَّۃٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور چھ شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ تیسری یا کو حذف کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ تین یا ہوں۔ احترازی مثال حَیٌّ یہاں دو یا ہیں۔ اصل میں حَیِیَ تھا۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ تینوں یا ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال حَیٌّ یَعْقُوْبُ یہاں تینوں یا ایک کلمہ میں نہیں **تیسری شرط** یہ ہے کہ تینوں یا جمع ہوں یعنی درمیان میں اور حرف نہ ہو۔ احترازی مثال یُئَیِّدُ یہاں تینوں یاؤں کے درمیان ہمزہ ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ پہلی یا دوسری یا میں ادغام کیا ہوا ہو۔ احترازی مثال ظَبْیِیٌّ یہاں دوسری یا کو ادغام کیا گیا ہے تیسری یا میں۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ تیسری یا لام کلمہ کے مقابلہ پر ہو۔ احترازی مثال مُقَیْیِلٌ یہاں تیسری یا مقابلہ لام کلمہ کے نہیں بلکہ زائدہ ہے۔

---

**ف** جہاں دو یا مقابلہ عین کلمہ کے جمع ہوں وہاں ایک یا کا حذف جائز ہے برائے تخفیف کلمہ جیسے سَیِّدٌ کو سَیْدٌ پڑھنا جائز ہے

چھٹی شرط یہ ہے کہ صیغہ تصغیر کا ہو۔ احترازی مثال حُیَیٌّ مُحَیٍّی یہ فعل اور جاری مجریٰ فعل کے صیغے ہیں۔ اتفاقی مثال رُخَیْوٌ رُخَیْوَۃٌ بقانون دُعِیَ رُخَیِّیٌ رُخَیِّیَۃٌ ہوئے۔ اب تیسری یا کو حذف کر کے رُخَیٌّ رُخَیَّۃٌ پڑھنا واجب ہے۔

(٦٦) **قانون :** ہر واو و یا کو واقع شود قبل تائے تانیث یا زیادۃ فَعُلَان ماقبلش واو مضموم باشد ضمہ ماقبلش را بکسرہ بدل کنند وجوباً واگر غیر واو باشد آن یا را بواو بدل کنند و واو بر حال خود ماند۔

اس قانون کا نام ہے قَوِیَۃٌ قَوِیَانِ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں ہر حکم کے لیے تین تین شرطیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ واو اور یا کے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا ہوں۔ احترازی مثال ضَرَبَتْ سَمِعَتْ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو یا تائے تانیث سے پہلے واقع ہوں یا زیادتی فَعُلَان[1] سے پہلے واقع ہوں۔ احترازی مثال دَخُوَیْھُمَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو یا کا ماقبل اور واو مضموم ہو۔ احترازی مثال دَخُوَتْ نَھُیَتْ . رَخْوَانِ نَھُیَانِ یہاں واو اور یا کا ماقبل اور واو مضموم نہیں۔ اتفاقی مثال واو کی قُوُوَۃٌ قُوُوَانِ سے قِوِوَۃٌ قُوُوَانِ بعدہ بقانون دُعِیَ قَوِیَۃٌ قَوِیَانِ۔ یا کی طُوُیَۃٌ طُوُیَانِ سے طَوِیَۃٌ طَوِیَانِ ہوئے۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ یا کو واو سے تبدیل کرنا اور واو کو اپنے حال پر چھوڑنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ واو اور یا ہوں۔ احترازی مثال ضَرَبَتْ سَمِعَتْ **دوسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا تا تانیث یا زیادتی فَعُلَان سے پہلے واقع ہوں۔ احترازی مثال دَخُوَنُھُمَ **تیسری شرط** یہ ہے کہ واو اور یا کا ماقبل اور واو مضموم نہ ہو۔ احترازی مثال قُوُوَتْ قُوُوَانِ طَوُیَتْ طَوُیَانِ۔ اتفاقی مثال رَخُوَۃٌ رَخُوَانِ نَھُرَۃٌ نَھُوَانِ اصل میں نَھُیَۃٌ نَھُیَانِ تھے۔

(٦٧) **قانون :** ہر یا کہ واقع شود در فعل در مقابلہ لام کلمہ ماقبل او مضموم باشد واو شود وجوباً۔

اس قانون کا نام ہے رَمُوَ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ یا کو واو

---

[1] فَعُلَانِ سے مراد وہ کلمہ ہے جس کے آخر میں الف و نون مزید تان ہو اس کے لام کلمہ میں واو اور یا ہو۔

سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ یا مقابلہ لام کے واقع ہو۔ احترازی مثال بُیِعَ یہاں عین کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ فعل میں ہو۔ احترازی مثال نَهْيٌ یہ اسم ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ یا کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال رَمَيَ یہاں یا کا ماقبل مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال رَمُيَ سے رَمُوَ پڑھنا واجب ہے۔

**فائدہ:** نَهُوَ يَنْهُوُ كَنِيَ يَكْنُوُ اصل میں نَهُيَ يَنْهُيُ كَنِيَ يَكْنِيُ تھے بقانون رَمُوَ نَهُوَ يَنْهُوُ يَكْنُوُ ہوئے پھر يَدْعُوْ کے قانون سے يَنْهُوْ يَكْنُوْ ہوئے۔ اگر يَدْعُوْ کا قانون رَمُوَ کے قانون سے پہلے جاری کریں تو پھر يَنْهُيْ يَكْنُيْ ہوں گے۔ بعدہ بقانون يُوْسَرُ يَنْهُوْ يَكْنُوْ ہوئے

**سوال:** ان دونوں تعلیلوں میں سے اَولیٰ کون سی ہے **جواب:** تبدیلی دو قسم کی ہوتی ہے (۱) ذاتی (۲) صفتی۔ **ذاتی** تبدیلی زیادہ اولیٰ ہے کہ پہلے رَمُوَ کا قانون جاری کریں پھر يَدْعُوْ کا ورنہ لازم آئے گا صفت کا ذات پر مقدم ہونا اور یہ جائز نہیں۔ کذا فی الشافیہ۔ ویسے تبدیلی بھی حذفِ حرکت سے اولیٰ ہے۔

**فائدہ:** ہمزہ کی تبدیلی کو تخفیف، حرفِ علت کی تغیر کو اعلال، ایک حرف کو دوسرے میں داخل کر کے مشدد کرنے کو ادغام کہتے ہیں۔

★ (۶۸) **قانون:** ہر ہمزہ ساکن مظہر کہ ماقبلش متحرک باشد ہمزہ در دیگر کلمہ یا سوائے ہمزہ مطلقاً آن ہمزہ ساکن را بوفق حرکت ماقبل بحرف علت بدل کنند جوازاً بشرطیکہ باعث تحریکش موجود نباشد۔

اس قانون کا نام ہے یَامَنُ یُومِنُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور پانچ شرطیں ہیں۔

**حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ ساکن ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ سُئِلَ یہاں ہمزہ متحرک ہے۔

**دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مظہر ہو۔ احترازی مثال سَئَّلَ یہاں مدغم ہے۔

**تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل متحرک ہو۔ احترازی مثال یَسْئَلُ یہاں ہمزہ کا ماقبل ساکن ہے۔

**چوتھی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کے متحرک ہونے کا سبب موجود نہ ہو۔ احترازی مثال یَئِمُّ ادغام کی

صورت میں ہمزہ متحرک یَئُمُّ[1] ہوجائے گا۔ یہاں ہمزہ کے متحرک ہونے کا سبب موجود ہے۔

**پانچویں شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل اگر ہمزہ ہے تو جدا جدا کلمہ میں ہوں اگر ماقبل ہمزہ نہیں تو پھر مطلق یعنی ہمزہ اور اس کا ماقبل ایک کلمہ میں ہوں یا جدا جدا کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال اَءۡمَنَ یہاں ہمزہ کا ماقبل ہمزہ ایک کلمہ میں ہیں۔ اتفاقی مثال یَاۡمَنُ[2] سے یَامَنُ پڑھنا واجب ہے۔

(۶۹) **قانون** : ہر ہمزہ ساکن مظہر کہ ماقبلش دیگر ہمزہ متحرک باشد از آن کلمہ آن ہمزہ ساکن را بوفق حرکت ماقبل بحرف علت بدل کنند وجوبًا بشرطیکہ باعث تحریکش موجود نباشد اگر ہمزہ اولی وصلی باشد در درج کلام می افتد و ہمزہ ثانی بصورتِ خود عود می کند مگر کُلۡ خُذۡ مُرۡ شاذ اند[3]

---

[1] یَئُمُّ کو یَامُمُ پڑھنا ممتنع ہے یَئُمُّ پڑھنا واجب ہے کیونکہ ہمزہ کا الف سے تبدیل کرنا جائز ہے اور میم کو میم میں ادغام کرنا واجب ہے پس وجوب کی رعایت اولیٰ ہے۔

[2] اس قانون کی امثلہ اتفاقی تین قسم کی ہیں (۱) ہمزہ ساکن کا ماقبل ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو جیسے یَقۡرَءُ اِءۡذَنۡ۔ لَنۡ یَقۡرَءَ اِءۡذَنۡ بِقَارِءِ اِءۡذَنۡ ہمزہ وصلی بوجہ درج کلام گر گیا۔ بعدہٗ ہمزہ ساکن کو موافق حرکت ماقبل کے حرف علت سے تبدیل کر کے یَقۡرَءُوۡذَنۡ۔ لَنۡ یَقۡرَءَ اذۡنۡ بِقَارِءِیۡذَنۡ پڑھنا جائز ہے (۲) ہمزہ ساکن کا ماقبل غیر ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو جیسے یَقُوۡلُ اِءۡذَنۡ لِّیۡ۔ اِلَی الۡهُدَی اِءۡتِنَا وَالَّذِاءۡتُمِنَ۔ ہمزہ وصلی بوجہ درج کلام گر گیا بعدہٗ ہمزہ ساکن کو موافق ماقبل کی حرکت کے حرف علت سے تبدیل کر کے یَقُوۡلُوۡذَنۡ لِّیۡ اِلَی الۡهُدٰی ائۡتِنَا۔ وَالَّذِیۡتُمِنَ پڑھنا جائز ہے (۳) ہمزہ ساکن کا ماقبل غیر ہمزہ ایک کلمہ میں ہو جیسے یَاۡخُذُ یُؤۡخَذُ مَاۡخَذٌ سے ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے تبدیل کر کے یَاخُذُ یُوۡخَذُ مِیخَذُ پڑھنا جائز ہے۔

[3] **سوال** : کُلۡ مُرۡ۔ خُذۡ اصل میں اُءۡكُلۡ اور اُءۡمُرۡ اور اُءۡخُذۡ تھے پس مذکور قانون کے مطابق واجب تھا کہ دوسرے ہمزہ کو واو سے بدل لیتے حالانکہ استعمال میں دونوں ہمزوں کو حذف کرتے ہیں **جواب** : ان تینوں میں دوسرے ہمزہ کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے خلافِ قیاس حذف کیا گیا ہے۔ رہا پہلا ہمزہ دوسرے ہمزہ کے حذف کے بعد اس کی ضرورت نہیں رہی لہٰذا وہ بھی گر گیا لیکن بحالت درج کلام لفظ مُرۡ میں ہمزہ ثانیہ کا باقی رکھنا فصیح ہے جیسے قولہ تعالیٰ : وَاۡمُرۡ اَهۡلَكَ بِالصَّلٰوةِ اور بحالتِ ابتداءِ کلام لفظ مُرۡ میں دونوں ہمزوں کا حذف کرنا فصیح ہے جیسے قولہ علیہ الصَّلٰوۃ والسَّلام: مُرُوۡا صِبۡیَانَكُمۡ بِالصَّلٰوةِ

اس قانون کا نام ہے اٰمَنَ اُوْمِنَ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں پہلے حکم کے لیے پانچ شرطیں، دوسرے حکم کے لیے سات شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو ما قبل کی حرکت کے موافق حرف علّت سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ ساکن ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ یہاں ہمزہ مفتوح ہے **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مظہر ہو۔ احترازی مثال سَئَّلَ یہاں مدغم ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ ساکن سے پہلے ایک اور ہمزہ متحرک ہو۔ احترازی مثال قَرْءٌ یہاں ہمزہ ساکن کا ما قبل اور ہمزہ متحرک نہیں ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ دونوں ہمزے ایک کلمے میں ہوں۔ احترازی مثال یَقْرَءُ ءْذِرْ یہاں ہمزہ ساکن کا ما قبل ہمزہ متحرک ایک کلمہ میں نہیں۔ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کے متحرک ہونے کا سبب موجود نہ ہو۔ احترازی مثال اَءُمٌّ اصل میں اَءْمُمٌ تھا ادغام کی صورت میں ہمزہ متحرک ہو جائیگا اتفاقی مثال اَءْمَنَ اُءْمِنَ اِءْمَانًا سے آمَنَ اُوْمِنَ اِیْمَانًا پڑھنا واجب ہے۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی کو گرا کر ہمزۂ ثانیہ کو اپنی اصلی حالت پر لانا واجب ہے۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ ساکن ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ **دوسری شرط** یہ ہے کہ مظہر ہو۔ احترازی مثال سَئَّلَ۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ ساکن کا ما قبل اور ہمزہ متحرک ہو۔ احترازی مثال قَرْءٌ۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ دونوں ہمزے ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال یَقْرَءُ ءْذِرْ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کے متحرک ہونے کا سبب موجود نہ ہو۔ احترازی مثال اَءُمٌّ۔
**چھٹی شرط** یہ ہے کہ پہلا ہمزہ وصلی ہو۔ احترازی مثال اَءْمَنَ یہاں پہلا ہمزہ قطعی ہے۔
**ساتویں شرط** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی درمیانِ کلام میں واقع ہو۔ احترازی مثال اُؤْتُمِنَ یہاں ہمزہ وصلی درج کلام میں واقع نہیں۔ اتفاقی مثال ضَارِبُ اُءْتُمِنَ۔ یَامَنُ یُؤْمِنُ کے قانون سے ہمزہ ساکن حرفِ علت سے تبدیل ہوا تو ضَارِبُ وْتُمِنَ ہوگیا اب اسی حکم کے تحت ہمزہ ثانی جو کہ واو ہوا ہے اس کو واپس اپنی اصلی حالت پر لا کر ضَارِبُ ءْتُمِنَ پڑھنا واجب ہے۔

(۷۰) **قانون:** ہر ہمزہ مفتوحہ کہ ما قبلش مضموم یا مکسور یا ہمزہ در دیگر کلمہ باشد و ماسوائے ہمزہ مطلقاً ہمزہ مفتوحہ را بوفق حرکت ما قبل بحرف علت بدل کنند جوازًا۔

اس قانون کا نام ہے مِیرٌ غُلَامِ یَحْمَدُ کا قانون ۔ اس قانون کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں ۔
**حکم** یہ ہے کہ ہمزہ مفتوحہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے تبدیل کرنا جائز ہے ۔
**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مفتوحہ ہو۔ احترازی مثال سُئِلَ یہاں ہمزہ مکسور ہے ۔
**دوسری شرط** یہ ہے کہ ماقبل اسی ہمزہ کا مضموم یا مکسور ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ یہاں ہمزہ کا ماقبل مفتوح ہے
**تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل اگر ہمزہ ہے تو پھر جدا جدا کلمہ میں ہوں ۔ احترازی مثال اُئَیْدِمُ یہاں ایک کلمہ میں ہیں ۔ اتفاقی مثال مُئَرٌ سے مِیرٌ بمعنی کینہ و دشمنی جُئَنٌ سے جُوَنٌ بمعنی ظرفے از ظروفِ عطار کہ دران خوشبو دارند ۔

(۷۱) **قانون** : ہر جاکہ دو ہمزہ متحرکہ جمع شوند در یک کلمہ اگر یکے ازایشان مکسور باشد ثانی را بہ یا بدل کنند وجوبًا سوائے اَئِمَّۃٌ[۲] کہ دریں جا جائز است و اگر ہیچ یکے ازایشان مکسور نباشد ثانی را بواو مفتوحہ بدل کنند وجوبًا مگر اُءْکُرِمُ شاذ است ۔

اس قانون کا نام ہے اُوَیْدِمُ جَاءٍ شَاءٍ کا قانون ۔ اس کے لیے دو حکم ہیں ۔ ہر حکم کے لیے چار چار شرطیں ہیں ۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ ثانی ہمزہ کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ دو ہمزے ہوں۔ احترازی مثال سَئَلَ یہاں ایک ہمزہ ہے ۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ دونوں ہمزے متحرک ہوں۔ احترازی مثال اَءْمَنَ یہاں ایک متحرک ہے ۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ دونوں ہمزے جمع ہوں ایک کلمہ میں۔ احترازی مثال یَقْرَءُ اَبُوْكَ یہاں ایک کلمہ میں نہیں ۔ **چوتھی شرط** یہ ہے

---

[۱] ہمزہ کا ماقبل ہمزہ ہے تو جدا جدا کلمہ میں ہوں جیسے یَجِیْءُ اَحْمَدُ سے یَجِیْءُ وَحْمَدُ ۔ بِقَارِءٍ اَبِیْكَ سے بِقَارِءٍ یَبِیْكَ اگر ہمزہ کا ماقبل ہمزہ نہیں تو پھر مطلقًا یعنی ہمزہ اور اس کا ماقبل ایک کلمہ میں ہوں جیسے مِئَرٌ جُئَنٌ سے مِیَرٌ جُوَنٌ یا جدا جدا کلمہ میں ہوں جیسے یَضْرِبُ اَبُوْكَ سے یَضْرِبُ وَبُوْكَ بِضَارِبِ اَبِیْكَ سے بِضَارِبِ یَبِیْكَ پڑھنا جائز ہے

[۲] اَئِمَّۃٌ اصل میں اَئْمِمَۃٌ تھا پہلی میم کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور میم کو میم میں ادغام کیا تو اَئِمَّۃٌ ہو گیا۔ **سوال** (برحکم اول) اَئِمَّۃٌ میں جمیع شرائط کے باوجود حکم قانون کیوں جاری نہیں کیا گیا **جواب** : (۱) قرآن مجید میں جہاں بھی یہ ہمزہ ہے تو مذکور ہے (۲) ہمزہ ثانی کی حرکت عارضی ہے اَئِمَّۃٌ میں بوجہ تخفیف کلمہ ادغام کو اعلال پہ مقدم کیا۔ **سوال** (برحکم ثانی) اُءْکُرِمُ میں جمیع شرائط موجود ہونے کے باوجود حکم قانون جاری کیوں نہیں کیا گیا **جواب** : (۱) ہمزہ ثانی کو خلافِ قیاس حذف کیا گیا لکثرۃ الاستعمال تو ہمزہ ایک ہی رہ گیا اور قانون میں دو ہمزوں کا ہونا شرط ہے (۲) ہمزہ ثانیہ کو واو سے تبدیل کرنا واجب ہے جہاں ہمزہ دوم اصلی ہو یہاں دونوں ہمزے زائد ہیں ۔

کہ دونوں ہمزوں میں سے ایک مکسورہ ہو۔ احترازی مثال أُءَیْدِمُ یہاں کوئی بھی مکسور نہیں۔ اتفاقی مثال جَاءٍ ءٌ شَاءِ ءٌ سے جَاءِ یٌ شَاءِ یٌ ہوئے بقانون یَدْعُوْ یَرْمِیْ جَائِیْنَ شَائِیْنَ ہوئے پھر التقائے ساکنین سے جاءٍ شَاءٍ ہوئے۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ ہمزہ ثانیہ کو واو سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ دو ہمزے ہوں۔ احترازی مثال سَئَلَ۔ دوسری شرط یہ ہے کہ دونوں ہمزے متحرک ہوں احترازی مثال اَءْمَنَ۔ تیسری شرط یہ ہے کہ دونوں ہمزے جمع ہوں ایک کلمہ میں۔ احترازی مثال یَقْرَءُ اَبُوْكَ۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ دونوں ہمزوں میں سے کوئی بھی مکسور نہ ہو۔ احترازی مثال جاءٍ یہاں ایک مکسور ہے۔ اتفاقی مثال اَءَادِمُ اُءَیْدِمُ ہمزہ ثانی کو واو سے تبدیل کرکے اَوَادِمُ اُوَیْدِمٌ پڑھنا واجب ہے۔

(۷۲) **قانون**: ہر ہمزہ متحرک کہ ماقبلش ساکن مظہر قابل حرکت باشد سوائے یائے تصغیر و نون اِنْفِعَال و واو و یا مدّہ زائدہ دریک کلمہ حرکت آن ہمزہ را نقل کردہ بماقبل دادہ جوازاً ہمزہ را حذف کنند وجوباً مگر مَرْأَتٌ شاذ است۔

اس قانون کا نام ہے یَسَلُ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور سات شرطیں یعنی چار وجودی تین عدمی ہیں۔ حکم یہ ہے کہ ہمزہ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دینا جائز ہے پھر ہمزہ کو حذف کرنا واجب ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ ہمزہ متحرک ہو۔ احترازی مثال یَأْمَنُ یہاں ہمزہ ساکن ہے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل ساکن ہو۔ احترازی مثال سَئَلَ یہاں ہمزہ کا ماقبل متحرک ہے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ ہمزہ مظہر ہو۔ احترازی مثال سَئَّلَ یُسَئِّلُ یہاں ہمزہ مدغم ہے۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل قابل حرکت ہو۔ احترازی مثال سَائِلٌ تَسَاءُلاً یہاں ہمزہ کا ماقبل الف ہے جو کہ قابل حرکت نہیں۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل یائے تصغیر[1] نہ ہو۔ احترازی مثال سُوَیْئِلٌ اُفَیْئِسٌ یہاں ماقبل ہمزہ یائے تصغیر کی ہے۔ چھٹی شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل نون باب اِنْفِعَال کا نہ ہو۔ احترازی مثال اِنْئَطَرَ یہاں ہمزہ کا ماقبل نون انفعال ہے۔ ساتویں شرط یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل

[1] یہاں صرف یائے تصغیر کی نفی ہے اگر ہمزہ کے ماقبل میں یا ہے لیکن تصغیر کی نہیں تو قانون جاری ہو جائے گا جیسے شَیْءٌ سے شَیٌ۔

واوٗ یا یاءِ مدّہ[1] زائدہ ایک کلمہ میں[2] نہ ہو۔ احترازی مثال خَطِیْئَۃٌ مَقْرُوْءَۃٌ یہاں ہمزہ کا ماقبل واو۔ یا مدّہ زائدہ ایک کلمہ میں ہے۔ اتفاقی مثال یَسْئَلُ سے یَسَلُ۔

**فائدہ** : یَرٰی یُرٰی اور تمام افعال رُؤْیَۃٌ میں یہ قانون وجوبًا جاری ہوتا ہے اور اسمائے مشتقہ میں جوازًا۔

(۷۳) **قانون** : ہر ہمزہ کہ واقع شود بعد از یائے تصغیر و واو و یا مدہ زائدہ دریک کلمہ آں ہمزہ را جنس ماقبل کردہ جوازًا ادغام می کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے اُفَیِّسٌ خَطِیَّۃٌ مَقْرُوَّۃٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور دو شرطیں کامل ہیں

**حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو ماقبل کی جنس کرنا جائز اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ یائے تصغیر کے بعد ہو۔ احترازی مثال اِنْسَطَرَ۔ یہاں ہمزہ نون انفعال کے بعد ہے۔ اتفاقی مثال اُفَیْئِسٌ سے اُفَیِسٌ کرنا جائز ہے اُفَیِّسٌ پڑھنا واجب ہے۔

**دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل واو یا مدّہ زائدہ ایک کلمہ میں ہوں۔ احترازی مثال بَاعُوْا اَمْوَالَهُمْ یہاں ہمزہ جدا کلمہ میں ہے اور اس کا ماقبل مدّہ زائدہ جدا کلمہ میں ہے۔ اتفاقی مثال مَقْرُوْءَۃٌ خَطِیْئَۃٌ کو مَقْرُوْوَۃٌ خَطِیْیَۃٌ پڑھنا جائز ہے جنس کو جنس میں ادغام کرکے مَقْرُوَّۃٌ خَطِیَّۃٌ پڑھنا واجب ہے۔

---

[1] ہمزہ کے ماقبل میں واو یا مدّہ اصلی ہوں تو بھی قانون جاری ہو جائے گا جیسے سُوْءٌ۔ سَیِّئَۃٌ سے سُوٌّ سِیَّۃٌ اگر ہمزہ کے ماقبل میں واو۔ یا زائدہ برائے الحاق ہیں تب بھی قانون ہو جائے گا جیسے جَیْئَلَ (کفتار) جَوْءَبَ (فراخ چشم) سے جَیَّلَ جَوَّبَ هٰذَا مَا ظَهَرَ لِیْ فِیْ هٰذَا الْبَابِ واللہ اعلم بالصواب۔ [2] اگر واو یا مدّہ زائدہ اور ہمزہ جدا جدا کلمہ میں ہیں تو وہاں قانون جاری ہو جائے گا جیسے بَاعُوْا اَمْوَالَهُمْ کو بَاعُوْمْوَالَهُمْ۔ قَدْ اَفْلَحَ کو قَدَ افْلَحَ پڑھنا واجب ہے۔

**سوال** : ہمزہ قطعی والے قانون کا تقاضا ہے کہ قَدْ اَفْلَحَ والا ہمزہ باقی رہے اس قانون کا تقاضا ہے کہ حذف ہو جائے یہاں دونوں قوانین میں تضاد معلوم ہوتا ہے **جواب** : ہمزہ قطعی کے قانون میں ہمزہ کو باقی رکھنے کی شرط ہے بغیر نقل حرکت کے اور اس قانون میں ہمزہ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دینا بعدہٗ ہمزہ کو حذف کرنا واجب ہے تضاد تب ہوتا جہت واحد ہوتا ہمزہ قطعی میں ہمزہ کو باقی رکھنے کی جہت اور ہے یہاں پر ہمزہ کو حذف کرنے کی جہت اور ہے لہذا ان دونوں قوانین میں کوئی تضاد نہیں۔

(٧٤) **قانون:** ہر دو ہمزہ کہ جمع شوند در کلمہ غیر موضوع علی التضعیف اول ساکن ثانی متحرک باشد آن را بیا بدل کنند وجوبًا۔

اس قانون کا نام ہے رِقْئِیٌ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ ہمزہ ثانی کو یا سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ دو ہمزے جمع ہوں۔ احترازی مثال لُؤْلُؤٌ یہاں جمع نہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ کلمہ موضوع علی التضعیف میں نہ ہوں۔ احترازی مثال سَأَّلَ تَسَأَّلَ یہاں کلمہ موضوع علی التضعیف ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ پہلا ہمزہ ساکن ثانی متحرک ہو۔ احترازی مثال اَءْمَنَ یہاں پہلا متحرک دوسرا ساکن ہے۔ اتفاقی مثال رِقْءِءٌ ہمزہ ثانی کو یا سے تبدیل کر کے رِقْئِیٌ پڑھنا واجب ہے۔

(٧٥) **قانون:** ہر ہمزہ متحرکہ منفردہ را کہ ماقبلش نیز متحرک باشد بآن حرکت بو فق حرکت ماقبل بحرف علت بدل کنند جوازًا۔

اس قانون کا نام ہے سَالَ کا قانون۔ اس کے لئے ایک حکم اور چار شرطیں ہیں۔ **حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ متحرک ہو احترازی مثال یَأْمَنُ یہاں ساکن ہے۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ منفردہ یعنی اکیلا ہو۔ احترازی مثال أُئَیِّدُ یہاں دو ہمزے ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ کا ماقبل متحرک ہو۔ احترازی مثال یَسْئَلُ یہاں ہمزہ کا ماقبل ساکن ہے۔ **چوتھی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ پر جو حرکت ہے ماقبل پر بھی وہی حرکت ہو۔ احترازی مثال سُئِلَ یہاں ہمزہ مکسور ہے ماقبل اس کا مضموم ہے۔ اتفاقی مثال سَئَلَ سے سَالَ کُفُؤٌ سے کُفُوٌ۔ مُسْتَهْزِئِیْنَ سے مُسْتَهْزِیِیْنَ

(٧٦) **قانون:** ہر ہمزہ منفردہ مکسورہ کہ ماقبلش حرکت مضموم باشد ومضموم بعد از کسرہ بواو و بیا بدل شود جوازًا نزد اخفش

اس قانون کا نام ہے سُوِلَ مُسْتَهْزِیُوْنَ کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں ہر حکم کے لیے تین تین

ہیں۔ پہلا حکم یہ ہے کہ ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ منفردہ ہو احترازی مثال أَئِمَّۃٌ یہاں دو ہمزے ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مکسورہ ہو۔ **احترازی مثال** سَئَلَ یہاں ہمزہ مفتوحہ ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس ہمزہ کا ماقبل مضموم ہو۔ احترازی مثال سَئِمَ یہاں ہمزہ کا ماقبل مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال سُئِلَ سے سُوِلَ۔ غُلَامُ اِبْرَاهِيْمَ سے غُلَامُ وِبْرَاهِيْمَ پڑھنا جائز ہے۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ ہمزہ کو یا سے تبدیل کرنا جائز ہے **پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ منفردہ ہو۔ احترازی مثال أُئِدُّمُ یہاں دو ہمزے ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مضموم ہو۔ احترازی مثال سُئِلَ یہاں ہمزہ مکسور ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اس ہمزہ کا ماقبل مکسور ہو۔ احترازی مثال يَذْرَءُ یہاں ہمزہ کا ماقبل مفتوح ہے۔ اتفاقی مثال مُسْتَهْزِءُوْنَ سے مُسْتَهْزِيُوْنَ بِجَبَلِ اُحُدٍ سے بِجَبَلِ يُحُدٍ پڑھنا جائز ہے۔

(۷۷) **قانون:** ہر ہمزہ وصلیہ مفتوحہ کہ داخل شود بر آن ہمزہ استفہام آن ہمزہ را بالف بدل کردہ شود وجوباً مع باقی داشتن التقائے ساکنین

اس قانون کا نام ہے آلْحَسَنُ آلْئٰنَ کا قانون۔ اس کے لیے ایک حکم اور تین شرطیں ہیں۔

**حکم** یہ ہے کہ ہمزہ استفہام کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو باقی رکھنا واجب ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی ہو۔ احترازی مثال ءَأَنْذَرْتَهُمْ یہاں ہمزہ قطعی ہے۔

**دوسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ مفتوح ہو۔ **احترازی مثال** اِكْتَسَبَ یہاں مکسور ہے۔

**تیسری شرط** یہ ہے کہ ہمزہ وصلی پہ ہمزہ استفہام کا داخل ہو۔ احترازی مثال جَاءَ الْحَسَنُ یہاں ہمزہ استفہام کا داخل نہیں ہوا ہے۔ اتفاقی مثال ءَالْحَسَنُ سے آلْحَسَنُ۔ ءَالْاٰنَ سے آلْاٰنَ پڑھنا واجب ہے۔

★ (۷۸) **قانون** ہرگاہ کہ دو حرف متجانسین اگر جمع شوند در اول کلمہ ثلاثی مجرد یا رباعی مجرد ادغام ممتنع است و در کلمہ اول ثلاثی مزید فیہ جائز است مطلقاً سوائے مضارع چرا کہ در مضارع وقتے جائز است کہ حاجت

بهمزه وصلی نیفتد واگر ہر دو متجانسین دراول کلمہ نباشد واول ساکن ثانی متحرک باشد ادغام واجب است بوجود پنج شرائط۔ اول اینکہ آن متجانسین دو ہمزہ در کلمہ غیر موضوع علی التضعیف نباشند چون قِرَءٌ کہ دراصل قِرَءْءٌ بود۔ دوم آنکہ اول متجانسین ہاء وقف نباشد چون اَغْرَتَهْ هِلَالًا سوم اینکہ اول متجانسین مدہ مبدّل یا بدال جواز نباشد چون رِیْیَا کہ دراصل رِءْیَا بود۔ چہارم اینکہ اول متجانسین مدہ در آخر کلمہ نباشد چنانکہ فِیْ یَوْمٍ پنجم این کہ ادغام باعث التباس یک وزن قیاسی بدیگر وزن قیاسی نباشد چنانچہ قُوْوِلَ تُقُوْوِلَ کہ ملتبس می شود بہ قُوِّلَ وَتُقُوِّلَ واگر آن متجانسین ہر دو متحرک باشند ادغام واجب است بوجود نہ شرائط: اوّل اینکہ اول متجانسین مدغم فیہ نباشد چنانچہ حَبَبَ دوم این کہ حرفی از متجانسین زائدہ برائے الحاق نباشد چنانچہ جَلْبَبَ شَمْلَلَ سوم اینکہ اول متجانسین تا افتعال نباشد چنانکہ اِقْتَتَلَ چہارم اینکہ آن متجانسین دو واو در افعلال نباشد چنانچہ اِرْعَوٰی کہ دراصل اِرْعَوَوَ بود پنجم اینکہ ہیچ یکے از متجانسین مقتضی اعلال نباشد چنانچہ قَوِیَ کہ دراصل قَوِوَ بود۔ ششم اینکہ حرکت ثانی عارضی نباشد چون اُرْدُدِ الْقَوْمَ ہفتم اینکہ آن متجانسین در دو کلمہ نباشد چون مَكَّنَنِیْ واگر در دو کلمہ باشند پس اگر ماقبل متحرک یا لین غیر مدغم باشد ادغام جائز ورنہ ممتنع ۔ ہشتم اینکہ آن متجانسین دو یا نباشند چون حَیِیَ رُمْیَیَانِ نہم اینکہ آن متجانسین در اسم بر یک ازاین پنج اوزان نباشند چون فَعَلٌ (سَبَبٌ) فَعِلٌ (رَدِدٌ) فُعُلٌ (سُرُرٌ) فِعَلٌ (عِلَلٌ) فُعَلٌ (دُرَرٌ) سوائے مصدر حرف مدغم شں را بیا بدل کنند وجوبًا چون دِیْنَارٌ شِیْرَازٌ کہ دراصل دِنَّارٌ شِرَّازٌ بودند۔

اس قانون کا نام ہے مضاعف یعنی متجانسین کا قانون۔ اس کے لیے دو حکم ہیں پہلے حکم کے لیے تین شرطیں دوسرے حکم کے لیے شرطوں کی دو جماعتیں ہیں۔ پہلی جماعت کے لیے سات شرطیں اور دوسری کے لیے گیارہ شرطیں ہیں۔ **پہلا حکم** یہ ہے کہ متجانسین حروف کا ادغام کرنا جائز ہے۔

**پہلی شرط** یہ ہے کہ دونوں متجانسین اول کلمہ میں جمع ہوں۔ احترازی مثال مَدَدَ یَمْدُدُ یہاں آخر کلمہ میں جمع ہیں۔ **دوسری شرط** یہ ہے کہ ثلاثی مجرد یا رباعی مجرد کے اول میں نہ ہوں۔ احترازی مثال دَدَنٌ صَنْصَرَبَ یہاں ثلاثی مجرد رباعی مجرد کے اول میں ہیں۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ اگر کلمہ ثلاثی مزید فیہ کے اول میں ہیں تو اس میں مضارع[1] کے لیے شرط ہے کہ ادغام کرنے کی صورت میں ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ پڑے۔

احترازی مثال تَتَضَارَبُ تَتَصَرَّفُ یہاں ادغام کی صورت میں اِتَّضَارَبُ اِتَّصَرَّفُ ہوں گے۔ اتفاقی مثال فَتَتَضَارَبُ فَتَتَصَرَّفُ سے فَتَّضَارَبُ فَتَّصَرَّفُ پڑھنا جائز ہے۔

**دوسرا حکم** یہ ہے کہ متجانسین حروف کا ادغام کرنا واجب ہے

**جماعتِ اوّل پہلی شرط** متجانسین اول کلمہ میں نہ ہوں۔ احترازی مثال تَتَرَّكَ یہاں اول کلمہ میں ہیں **دوسری شرط** یہ ہے کہ متجانسین میں سے پہلا ساکن ثانی متحرک ہو۔ احترازی مثال اِمْتَدِدْ یہاں پہلا متحرک ثانی ساکن ہے۔ **تیسری شرط** یہ ہے کہ وہ متجانسین دو ہمزے کلمہ غیر موضوع علی التضعیف کے اندر نہ ہوں۔ احترازی قِرَءْءٌ یہاں دونوں ہمزے کلمہ غیر موضوع علی التضعیف کے اندر ہیں۔

**چوتھی شرط** یہ ہے کہ پہلا متجانسین ہا[2] وقف کی نہ ہو۔ احترازی مثال اَغَرَّهٗ هِلَالٌ **پانچویں شرط** یہ ہے کہ پہلا متجانسین مدہ جوازی قانون سے تبدیل شدہ نہ ہو۔ احترازی مثال دِیْیَا کہ اصل میں دِئْیَا تھا **چھٹی شرط** یہ ہے کہ پہلا متجانسین مدہ آخر کلمہ[3] میں نہ ہو۔ احترازی مثال فِيْ

---

[1] اجتماع متجانسین اول کلمہ ماضی میں عام ہے بصورت ادغام ہمزہ وصلی کی ضرورت ہو یا نہ ہو جیسے تَتَارَكَ تَتَرَّكَ سے اِتَّارَكَ اِتَّرَّكَ یا فَتَتَارَكَ فَتَتَرَّكَ سے فَتَّارَكَ فَتَّرَّكَ پڑھنا جائز ہے۔ باقی مضارع کے لیے شرط یہ ہے کہ تا مضارع سے پہلے حرف متحرک ہو یا مدہ زائدہ جیسے فَتَتَنَزَّلُ سے فَتَّنَزَّلُ۔ قَالُوْا تَتَنَزَّلُ سے قَالُوْا تَّنَزَّلُ۔

[2] ہائے وقف میں وجہ عدم تعلیل یہ کہ ہا انفصال کو چاہتا ہے اگر ادغام کریں تو ہا کا فائدہ جو کہ انفصال ہے وہ باقی نہیں رہتا ہے۔

[3] اول متجانسین اگر مدّہ نہیں تو قانون جاری ہو جائے گا جیسے اُدُوَّ نصرُوْا اصل میں اُدْوُ وَنصرُوْا تھا۔ اگر اول متجانسین مدّہ آخر کلمہ میں نہیں تو ادغام واجب ہے جیسے مَدْعُوٌّ اصل میں مَدْعُوْوٌ تھا

يَوْمِ قَالُوْا وَ مَالَنَا یہاں متجانسین یا اور واو مدہ ہیں **ساتویں شرط** یہ ہے کہ ادغام باعث التباس نہ ہو یعنی اگر ادغام کرتے ہیں تو ایک وزن قیاسی کا التباس دوسرے وزن قیاسی سے ہو جاتا ہے۔ احترازی مثال قَوْوَلَ تَقَوْوَلَ (باب مُفَاعَلَۃ و باب تَفَاعُل) کا التباس بصورت ادغام قَوَّلَ تَقَوَّلَ باب تفعیل و باب تفعّل سے ہوتا ہے۔ اتفاقی مثال اِضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ سے اِضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ - مِنْ نَا - عَنْ نَا سے مِنَّا عَنَّا پڑھنا واجب ہے۔

**جماعت دوم پہلی شرط** یہ ہے کہ متجانسین اول کلمہ میں نہ ہوں۔ احترازی مثال تَتَرَّكَ یہاں متجانسین اول کلمہ میں ہیں

**دوسری شرط** یہ ہے کہ دونوں متجانسین متحرک ہوں۔ احترازی مثال اِمْتَدِدْ یہاں دوسرا ساکن ہے۔

**تیسری شرط** یہ ہے کہ پہلا حرف متجانسین کا مدغم فیہ نہ ہو۔ احترازی مثال حَبَّبَ یہاں پہلا مدغم فیہ ہے۔

**چوتھی شرط** یہ ہے کہ کوئی متجانسین زائدہ الحاق[1] کے لیے نہ ہوں۔ احترازی مثال جَلْبَبَ شَمْلَلَ۔

**پانچویں شرط** یہ ہے کہ اول متجانسین تا افتعال کی نہ ہو۔ احترازی مثال اِقْتَتَلَ یہاں پہلی تا باب افتعال کی ہے۔

**چھٹی شرط** یہ ہے کہ متجانسین دو واو[2] باب اِفْعِلَال کے اندر نہ ہوں۔ احترازی اِرْعَوٰی اصل میں اِرْعَوَوَ تھا

**ساتویں شرط** یہ ہے کہ کوئی متجانسین مقتضی اعلال نہ ہو۔ احترازی مثال قَوِیَ کہ اصل میں قَوِوَ تھا یہاں واو ثانی مقتضی اعلال ہے۔ **آٹھویں شرط** یہ ہے کہ دوسرے متجانسین کی حرکت عارضی نہ ہو[3]۔ احترازی مثال اُرْدُدِ الْقَوْمَ اصل میں اُرْدُدْ اَلْقَوْمَ تھا۔ یہاں دال ثانی کی حرکت عارضی ہے بوجہ التقاء ساکنین۔

**نویں شرط** یہ ہے کہ وہ متجانسین ایک کلمہ میں ہوں[4]۔ احترازی مَكَّنَنِیْ ایک کلمہ میں نہیں کیونکہ یہاں نون ثانی وقایہ کی ہے۔ **دسویں شرط** یہ ہے کہ متجانسین دو یا نہ ہوں۔ احترازی مثال حَیِیَ رُمَیَّانِ یہاں متجانسین دو یا ہیں۔ **گیارہویں شرط** یہ ہے کہ متجانسین اسم میں ان پانچ اوزانوں فَعَلٌ فِعِلٌ فُعُلٌ فِعَلٌ فُعَلٌ میں سے نہ ہوں۔ احترازی مثال سَبَبٌ - دِدِدٌ - سُرُرٌ - عِلَلٌ - دُرَرٌ اتفاقی مثال مَدَدَ فَرَرَ سے مَدَّ فَرَّ يَمْدُدُ سے يَمُدُّ پڑھنا واجب ہے۔ **فائدہ**: مصدر کے بغیر جو اسم فِعَّالٌ کے وزن پر ہو تو وہاں حرف مدغم کو حرف علت سے وجوبًا تبدیل کر دیتے ہیں جیسے دِيْنَارٌ شِيْرَازٌ اصل میں دِنَّارٌ شِرَّازٌ تھے۔ تَمَّتْ بِالْخَيْرِ۔

---

[1] جہاں تکرار حرف الحاق کے لیے ہو تو وہاں بھی ادغام جائز نہیں جیسے شَمْلَلَ میں لام ثانی دَحْرَجَ کی ہموزن کرنے کی خاطر لائی گئی ہے الحاق کہتے ہیں ثلاثی میں ایک حرف کا اضافہ کر کے رباعی کے ہم وزن بنایا جائے یا رباعی میں ایک حرف کا اضافہ کر کے خماسی کے ہم وزن بنایا جائے تاکہ جو معاملہ ملحق کے ساتھ کیا جاتا ہے وہی معاملہ ملحق بہ کے ساتھ کیا جائے۔ [2] **سوال** اِرْعَوٰی اصل میں اِرْعَوَوَ تھا تمام شرائط موجود ہونے کے باوجود ادغام کیوں نہیں کیا گیا ہے۔ **جواب**: جہاں ادغام و اعلال کا تعارض ہو وہاں پر اعلال کو مقدم رکھا جاتا ہے کیونکہ اعلال میں خفت زیادہ ہے تو اِرْعَوٰی میں بھی خفت زیادہ حاصل ہونے کی وجہ سے قَالَ کا قانون جاری کر کے اعلال کو مقدم رکھا گیا ہے [3] حرکت عارضی نہ ہو کیونکہ حرکت عارضی سکون کے حکم میں ہے یہ شرط صرف اہل حجاز کے نزدیک ہے بنو تمیم والے ادغام کرتے ہیں وجوبًا۔ [4] ادغام جواز کے لیے دو صورتیں ہیں:

(۱) متجانسین دو کلمہ میں ہوں اور پہلا متحرک ہو جیسے ضَرَبَ بَشَرَ کو ضَرَبَّشَرَ لَا تَامَنُنَا کو لَا تَامَنَّا پڑھنا جائز ہے اگر متجانسین میں پہلا متحرک نہیں تو ادغام ممتنع ہے جیسے قُمْ مَالِكٍ یا متجانسین دو ہمزہ متعدد کلمہ میں ہیں تو بھی ادغام ممتنع ہے جیسے قَرَءَ اَبُوْكَ۔

(۲) متجانسین دو کلمہ میں ہوں اور پہلا حرف لین غیر مدغم ہو تو اس صورت میں بھی ادغام جائز ہے جیسے ثَوْبَ بَشَرَ سے ثَوْبَّشَرَ پڑھنا جائز ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# مُعِينُ الطُّلَّابِ

# فِي

# خَوَاصِ الابوابِ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ابوابِ ثلاثی مجرد اور غیر ثلاثی مجرد میں فرق

ثلاثی مجرد کے مصادر ایسے کثیر الاوزان ہیں کہ کسی وزن کو کسی باب سے اختصاص نہیں اور غیر ثلاثی مجرد میں مصدر کے لئے ایک وزن خاص ہے پس ثلاثی مجرد میں مصدر سے تعیین باب کا ہونا التباس کی وجہ سے متعذر ہے اور غیر ثلاثی مجرد میں التباس کا کوئی محل نہیں اس واسطے ابواب ثلاثی مجرد کے امتیاز کے لئے ماضی اور مضارع کو مشترکاً دستور قرار دیا اور ابواب غیر ثلاثی مجرد کے امتیاز کے لئے مصدر کے وزن کو دستور قرار دیا۔ ثلاثی مجرد کے ابواب کے لئے کوئی قاعدہ نہیں سماع پر موقوف ہیں۔ ماضی ثلاثی مجرد کے عین تین حالتیں ہیں تو تین کو تین میں ضرب دینے سے نو۹ باب ہو سکتے ہیں مگر ماضی مکسور العین اور مضارع مضموم العین اور بالعکس اور ماضی مضموم العین و مضارع مفتوح العین یہ تین باب نہیں آتے ان کے ماسوا چھ باب رہے جن میں سے تین اصول (فَعَلَ یَفْعِلُ۔ فَعَلَ یَفْعُلُ۔ فَعِلَ یَفْعَلُ) تین فروع (فَعَلَ یَفْعَلُ۔ فَعِلَ یَفْعِلُ۔ فَعُلَ یَفْعُلُ) پس اگر کسی مادہ مجرد کی ماضی تم کو معلوم ہو تا ہم مضارع کے عین کلمہ کی حرکت میں لغت کی طرف رجوع کرو اپنے قیاس سے کسی حرکت کی تعیین مت کرو ماضی مضموم العین کے لئے متعین ہو چکا ہے کہ اس کا مضارع نہ مفتوح العین ہوگا نہ مکسور العین سوائے مضموم العین کے اور کوئی احتمال نہیں گو علم صرف والوں نے ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کے واسطے کچھ لفظی اور کچھ معنوی شناختیں مقرر کی ہیں مگر یاد رکھو کہ لغت کو مدار شناخت رکھنا بہتر ہے۔

| باب | شناخت لفظی | شناخت معنوی |
|---|---|---|
| فَعَلَ یَفْعِلُ | جس لفظ کا فا کلمہ واؤ یا یا یا عین کلمہ یا یا لام کلمہ یا ہو تو وہ اسی باب سے ہوگا جیسے وَعَدَ یَعِدُ یَسَرَ یَسِرُ بَاعَ یَبِیْعُ رَمَیٰ یَرْمِیْ | |

| باب | شناخت لفظی | شناخت معنوی |
| --- | --- | --- |
| فَعَلَ يَفْعُلُ | جس لفظ کا عین یا لام کلمہ واؤ ہو تو وہ لفظ اسی باب سے ہوگا۔ جیسے قَالَ يَقُوْلُ دَعَا يَدْعُوْا اور اگر عین و لام کلمہ دونوں ایک ہی جنس کے حرف ہوں اور متعدی بھی ہوں تو اسی باب سے ہوگا جیسے مَدَدَ يَمْدُدُ۔ | جب دو شخص کسی بات پر ضد کریں جس سے باب مُفاعلہ بنتا ہے اور ایک شریک غالب ہو تو وہ فعل چاہے کسی باب سے ہو ایک شریک کا غلبہ اسی باب سے ظاہر کیا جاتا ہے مثلاً ضَارَبَتُهٗ مجھ میں اس میں مار پٹائی ہوئی فَضَرَبْتُهٗ پس میں نے اس کو مار لیا يُضَارِبُنِيْ فَاَضْرُبُهٗ مجھ سے اس سے مار پٹائی تو میں اس کو مار لیتا ہوں ضَرَبَ کا مضارع مکسور العین ہے مگر یہاں اَضْرُبُهٗ بضم الرا کہیں گے نہ کہ اَضْرِبُهٗ بکسر الرا مگر واضح ہو کہ باب فَعِلَ يَفْعِلُ کا خاصہ لفظی اس قاعدہ سے منتقض نہیں پس جس لفظ کا فا کلمہ واؤ یا یا ہو یا عین کا کلمہ یا یا لام کلمہ یا تو وہ مغالبہ کی حالت میں برقرار رہے گا |
| فَعِلَ يَفْعَلُ | یہ بیشتر لازم ہوا کرتا ہے۔ | یہ رنج اور خوشی اور بیماری اور رنگ اور عیوب اور حلیۂ جسمانی کے الفاظ اکثر اسی باب سے ہیں جیسے مَرِضَ يَمْرَضُ فَرِحَ يَفْرَحُ عَوِرَ يَعْوَرُ خَوِفَ يَخْوَفُ |
| فَعَلَ يَفْعَلَ | جتنے الفاظ اس باب سے آتے ہیں ان کا عین کلمہ یا لام کلمہ حرف حلقی میں سے ہے مگر عین یا لام کلمہ کا حرف حلقی میں سے ہونا اس کی دلیل نہیں کہ وہ لفظ باب فَعَلَ يَفْعَلُ سے ہے جیسے وَعَدَ يَوْعِدُ نَزَعَ يَنْزِعُ اگر عین کلمہ اور لام کلمہ دونوں ہم جنس ہوں تو وہ لفظ اسی باب سے نہیں ہو سکتا | |

| شناخت معنوی | شناخت لفظی | باب |
|---|---|---|
| یہ باب صفات خلقی کے لئے مخصوص ہے جیسے حَسُنَ یَحْسُنُ صَغُرَ یَصْغُرُ۔ | ہمیشہ لازم مستعمل ہوتا ہے ۔ | فَعُلَ یَفْعُلُ |
| | ایسے الفاظ جن میں عینؔ کلمہ اور لاؔم کلمہ دونوں ہم جنس ہوں سوائے حُبَّ اور لُبَّ دو لفظوں کے اور نہیں سنے گئے صحیح میں سے اس باب کے وزن پر مگر دو لفظ حَسِبَ یَحْسِبُ نَعِمَ یَنْعِمُ اور یوں بھی اس باب کے الفاظ معدود ہیں۔ جیسے: وَمِقَ وَرِثَ وَثِقَ وَفِقَ وَرِعَ وَرِمَ وَرِیَ وَلِیَ وَعِزَ وَجِرَ وَلِہَ وَھِلَ وَعِمَ وَطِیَ یَئِسَ یَبِسَ | فَعِلَ یَفْعِلُ |

# مجرد باب کو مزید بنانے سے ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں

۱۔ تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا۔ یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔ جیسے خَرَجَ سے اَخْرَجَ۔

۲۔ تَصْیِیْر: صاحب ماخذ بنا دینا: جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ: اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ ماخذ شِرَاكٌ بمعنی تسمہ۔

۳۔ تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔ جیسے اَبَعْتُ الْحِمَارَ میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔

۴۔ وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا جیسے اَبْخَلْتُهٗ میں نے اسے بخیل پایا۔

۵۔ ابتداء: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہو جو ثلاثی مزید میں ہیں جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا۔ (مجرد شَفَقَ بمعنی مہربانی کرنا۔

۶۔ اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ اس نے پتھر کو تکیہ بنایا۔

۷۔ اشتراك: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو جیسے قَاتَلَ زَيْدٌ عَمْرًوا زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے۔

۸۔ اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً نہ آنا کسی باب سے جیسے: تَبَخْتَرَ معنی اکڑ کر چلنا۔ غَرْمَرَ معنی آواز بلند کرنا۔

۹۔ الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔ جیسے جَلَّلَ الْفَرَسَ اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔

۱۰۔ بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔ جیسے خَيَّمَ وہ خیمے میں آیا۔ اَعْرَقَ وہ عراق میں پہونچا۔

۱۱۔ تحوّل: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔ جیسے تَنَصَّرَ وہ نصرانی ہو گیا۔

۱۲۔ تجنب: ماخذ سے بچنا۔ جیسے تَاَثَّمَ اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔

۱۳۔ تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا جیسے: نَصَّرَ اس نے نصرانی بنایا۔

۱۴- تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا جیسے: ذَهَّبَ اس نے سنہری بنادیا۔
۱۵- تغییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا جیسے: اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ اس نے اپنے لئے جو ناپے۔
۱۶- تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو جیسے: تَمَارَضَ اس نے اپنے آپ کو مریض ظاھر کیا۔ تَجَاهَلَ اس نے اپنے آپ کو جاہل ظاہر کیا۔
۱۷- تدریج: کسی فعل کو آہستہ کرنا جیسے: تَجَرَّعَ اس نے گھونٹ کرکے پیا۔
۱۸- تصرّف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا جیسے: اِکْتَسَبَ الْفَضْلَ اس نے کوشش کرکے فضیلت حاصل کی۔
۱۹- تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا جیسے: تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔
۲۰- تکلف: ماخذ میں بناوٹ یا تصنّع ظاہر کرنا جیسے: تَشَجَّعَ وہ بہادر بنا۔
**فائدہ:** تکلف اور تخییل میں فرق یہ کہ تکلف میں جو تصنّع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔
۲۱- حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے جیسے: اِسْتَحْسَنْتُهٗ میں نے اس کو اچھا گمان کیا
**فائدہ:** حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔
۲۲- حینونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہونچنا جیسے: اَحْصَدَ الزَّرْعُ کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔
۲۳- سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا جیسے: اَشْکَیْتُهٗ میں نے اس کی شکایت دور کی۔
۲۴- صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔ جیسے: نَوَّرَ الشَّجَرُ درخت شگوفہ دار ہوگیا یعنی پھول والا ہوگیا۔
۲۵- طلب: ماخذ کو طلب کرنا جیسے: اِکْتَدَّ فُلَانًا اس نے فلاں سے مشقت طلب کی اِسْتَطْعَمْتُهٗ میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔
۲۶- قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا جیسے: هَلَّلَ اس نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا۔ رَجَّعَ اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔
۲۷- لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضا کے کام کا اثر پایا جانا جیسے: اِنْکَسَرَ وہ ٹوٹ گیا۔

۲۸۔ **لیاقت**: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔ جیسے: اَلْاَمَ الْفَرَعُ سردار قابلِ ملامت ہوا۔
۲۹۔ **مبالغہ**: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔ جیسے اَتْمَرَ النَّخْلُ کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (کیفیت) جَوَّلَ بہت گھوما۔ (مقدار)
۳۰۔ **مطاوعت**: ایک فعل کے بعد دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر کو مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔ جیسے: کَسَرْتُهٗ فَانْكَسَرَ میں نے اس کو توڑا پس وہ ٹوٹ گیا۔
۳۱۔ **موافقت**: کسی فعل کا ہم معنیٰ ہونا۔ جیسے: سَافَرَ بمعنی سَفَرَ یعنی وہ سفر کیا۔
۳۲۔ **نسبت بماخذ**: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا جیسے: فَسَّقَنِیْ اس نے مجھ کو بدکار کہا۔ اَکْفَرْتُهٗ میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔
۳۳۔ **اعطاء ماخذ**: ماخذ دینا۔ جیسے: اَعْظَمْتُ الْكَلْبَ میں نے کتے کو ہڈی دی۔
۳۴۔ **تشارك**: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا جیسے: تَشَاتَمَ ایک دوسرے کو انہوں نے گالیاں دیں۔

## تَمَّتْ بِالْخَیْرِ

ان معانی کا انحصار دشوار ہے اور تتبع محاورات عرب پر منحصر ہے کتب لغت اور سیاق عبارت سے بسہولت معلوم ہوسکتا ہے کہ اس مقام پر اس لفظ کے کیا معنی ہیں جن علماء نے علم صرف میں مبسوط کتابیں لکھی ہیں انہوں نے خواص الابواب بہت کچھ جمع کیے ہیں مگر پھر بھی کسی نے اپنی تحقیقات کے جامع ہونے کا دعویٰ نہیں کیا۔ چونکہ یہ زوائد قیاسی نہیں ہم اس بحث میں طوالت کرنا متعلم کے حق میں چنداں مفید نہیں سمجھتے اس قدر کافی ہے کہ اس کو کلیہ " زِیَادَۃُ اللَّفْظِ تَدُلُّ عَلیٰ زِیَادَۃِ الْمَعْنیٰ . یعنی لفظ کی زیادتی معنی زیادتی کی دلیل ہے"۔ سمجھا کر کتب لغت وادب پر حوالہ کریں اور بطور نمونہ چند خواص تحریر ہیں۔

# باب افعال

| | |
|---|---|
| ۱ تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ نکالا | خَرَجَ معنی نکلا |
| ۲ تصییر: جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ | اس نے تسمہ دار جوتا بنایا (ماخذ شِرَاكٌ بمعنی تسمہ۔ |
| ۳ تعریض: جیسے اَبَعْتُ الْحِمَارَ | میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ |
| ۴ وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ | میں نے اسے بخیل پایا۔ |
| ۵ ابتداء: جیسے اَشْفَقَ | وہ ڈر گیا (مجرد شَفَقَ مہربانی کرنا۔) |
| ۶ بلوغ: جیسے اَعْرَقَ | عراق میں پہونچا۔ |
| ۷ حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ | کھیتی کٹنے کا وقت آگیا۔ |
| ۸ سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ | میں نے اس کی شکایت دور کی۔ |
| ۹ صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ | گائے دودھ والی ہوگئی۔ |
| ۱۰ لیاقت: جیسے اَلَامَ الْفَرْعُ | سردار قابل ملامت ہوا۔ |
| ۱۱ مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النَّخْلُ | کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ |
| ۱۲ موافقت: جیسے (مجرد) اَقَلْتُ الْبَیْعَ | بمعنی قِلْتُہٗ یعنی فَسَخْتُہٗ۔ |
| ۱۳ نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ | میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ |
| ۱۴ اعطاء ماخذ: جیسے اَعْظَمْتُ الْکَلْبَ | میں نے کتے کو ہڈی دی۔ |

# باب تفعیل

(ماضی کی ابتداء میں تا زائد نہ ہو اور عین کلمہ مُشدّد ہو۔)

سوال: یہ قاعدہ ہے کہ گردان میں ہمیشہ وہی حروف ہوتے ہیں جو کہ اس باب کے مصدر میں ہوں لیکن اس باب کے مصدر میں ایک را ہے اور گردان میں دو را ہیں جو کہ مُشدّد ہیں۔ جواب: اہل عرب سماعی طور پر کبھی کبھی ایک ہم جنس حرف تبدیل کرتے ہیں تو یہاں پر بھی تَصْرِیْفٌ اصل تَصْرِرْفٌ تھا پھر را ثانی کو یا سے تبدیل کیا تو تَصْرِیْفٌ ہوا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ | اس نے مجھے خوش کیا۔ |
| ۲ | تَصْیِیْر: جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ | اس نے کمان زہ دار بنایا۔ |
| ۳ | ابتداء: جیسے کَلَّمَ | اس نے کلام کیا (مجرد کَلِمَ زخمی کرنا)۔ |
| ۴ | الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الْفَرَسَ | اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ |
| ۵ | بُلوغ: جیسے خَیَّمَ | وہ خیمہ میں آیا۔ |
| ۶ | تحویل: جیسے نَصَّرَ | اس نے نصرانی بنایا۔ |
| ۷ | تخلیط: جیسے ذَهَّبَ | اس نے سنہرا بنایا۔ |
| ۸ | سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ | اس نے اونٹ سے چچڑی کو دُور کیا۔ |
| ۹ | صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ | درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ |
| ۱۰ | قصر: جیسے هَلَّلَ | اس نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہا۔ |
| ۱۱ | مبالغہ: جیسے جَوَّلَ | وہ بہت گھوما۔ |
| ۱۲ | نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ | اس نے مجھے بدکار کہا۔ |

---

# باب مُفَاعَلَة

(ماضی کی ابتداء میں تا زائد نہ ہو اور فا کلمہ کے بعد الف ہو اس کی دو مصدریں اور بھی آتی ہیں)

۱ اشتراک : جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًا زید نے عمرو سے مقابلہ کیا۔
۲ موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ بمعنی سَفَرَ
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُهٗ بمعنی اَبْعَدْتُهٗ۔
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ۔

# باب تفعّل

(ماضی کی ابتداء میں تاء زائدہ ہو اور عین کا کلمہ مُشدّد ہو)۔

۱ ابتداء : جیسے تَکَلَّمَ اس نے کلام کیا۔
۲ اتخاذ : جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ اس نے پتھر تکیہ بنایا۔
۳ تجنّب، جیسے تَاَثَّمَ اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔
۴ تحوّل : جیسے تَنَصَّرَ وہ نصرانی ہوگیا۔
۵ تدریج: جیسے تَجَرَّعَ اس نے گھونٹ کرکے پیا۔
۶ تعمّل : جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔
۷ تکلف: جیسے تَشَجَّعَ وہ بہادر بنا۔
۸ مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمْتُهٗ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا۔
۹ صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ وہ مالدار ہوگیا۔

---

# باب تفاعُل

(ماضی کی ابتداء میں تا زائد ہو اور فا کلمہ سے پہلے ہو اور فا کلمہ کے بعد الف زائد ہوتا ہے)۔

۱ ابتداء : جیسے تَبَارَكَ اللّٰهُ اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک۔ اونٹ کا بیٹھنا۔
۲ تخئیل: جیسے تَمَارَضَ اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔
۳ مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُهٗ فَتَبَاعَدَ میں نے اسے دُور کیا۔ وہ دُور ہوگیا۔
۴ تشارک: جیسے تَشَاتَمَا دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔

# باب افتعال

(امر حاضر۔ ماضی میں ہمزہ وصلی ہو اور فا کلمہ کے بعد تائے زائدہ ہو)۔

۱ اتخاذ: جیسے اِحْتَجَرَ الْفَارُ چوہے نے بل بنایا۔
۲ تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرُ اس نے اپنے لئے جو ناپے۔
۳ تصرف: جیسے اِکْتَسَبَ الْفَضْلُ اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔
۴ طلب: جیسے اِکْتَدَّ فُلَانًا اس نے فلانے سے مشقت طلب کی۔
۵ مطاوعۃ فَعَّلَ جیسے اِجْتَذَبَ بمعنی جَذَبَ کھینچا اس نے۔
۶ مطاوعۃ تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ اس نے جھگڑا کیا۔

# باب انفعال

(ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہو اور فا کلمہ سے نون زائد ہوتا ہے)۔

۱ ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ وہ گیا (مجرد طَلَقَ دینا)
۲ مطاوعۃ فَعَّلَ: جیسے کَسَّرْتُہٗ فَانْکَسَرَ میں نے اسے توڑ دیا یا ٹوٹ گیا۔
۳ مطاوعۃ افعل: جیسے اَغْلَقَ الْبَابَ فَانْغَلَقَ اس نے دروازہ بند کیا پس بند ہو گیا۔

**فائدہ:** باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضائے ظاہری سے ہو۔

# باب استفعال

(ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہو اور فا کلمہ سے پہلے سین تا زائد ہوں! کبھی تا کو خلاف قیاس حذف کر دیتے ہیں جیسے لَمْ تَسْطِعْ میں)

۱ وجدان: جیسے اِسْتَکْرَمْتُہٗ میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔
۲ ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ زیر ناف کے بال کاٹے۔

۳ اتخاذ : جیسے اِسْتَوْطَنَ الْقُرٰی اس نے دیہاتوں کو وطن بنایا۔
۴ تحول : جیسے اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ مٹی پتھر بن گئی۔
۵ تکلف : جیسے اِسْتَجْرَءَ اس نے جرأت دکھلائی۔
۶ طلب : جیسے اِسْتَطْعَمْتُہٗ میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔
۷ قصر : جیسے اِسْتَرْجَعَ اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔
۸ لیاقت: جیسے اِسْتَرْقَعَ الثَّوْبُ کپڑا قابلِ پیوند ہو۔
۹ مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ میں نے اسے سیدھا کیا پس وہ سیدھا ہوگیا۔
۱۰ حسبان : جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ میں نے اس کو اچھا گمان کیا۔
۱۱ موافقت مجرد: جیسے قَرَّ وَاسْتَقَرَّ موافقت اَفْعَلَ جیسے اَجَابَ وَاِسْتَجَابَ۔

# باب افعلال

(ماضی اور امر حاضر میں ہمزۂ وصلی ہوتا ہے اور عین کلمہ کے بعد الف نہیں ہوتا ہے اور لام کلمہ تکرار سے متشدّد ہوتا ہے)۔

سوال : اس باب میں جب دوؔ لام ہوتے ہیں تو معلوم ہوا کہ رباعی ہے کیونکہ یہ رباعی کی علامت ہے نہ کہ ثلاثی کی۔

جواب : دولام رباعی کی علامت تب ہے جبکہ اصلی ہوں یہاں اس باب میں دوسرا لام زائد ہے۔ اِحْمِرَارَ کا وزن اصل میں اِفْعِلَارَ تھا مگر بقاعدہ (تقسیم ثانوی زائدہ) اس کا وزن اِفْعِلَالَ نکالا گیا کہ را زائدہ جنس ماقبل سے ہے۔

مبالغہ : جیسے اِسْوَدَّ اللَّیْلُ رات بہت تاریک ہوگئی۔

فائدہ : اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ اِبْیَضَّ اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

# باب افعیلال

ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے مگر اس کا اور افعلال کا فرق یہ کہ اس میں عین کلمہ کے بعد الف ہوتا ہے اور افعلال میں بعد از عین نہیں ہوتا ہے۔

**مُبالغہ:** جیسے اِحْمَارَّ بہت سُرخ ہوا۔ یہ باب الوان وعیوب کے لئے خاص ہے اور اس میں افعلال سے مبالغہ بھی زیادہ ہے۔

# باب افعیعال

ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے عین کلمہ تکرار سے ہوتا ہے بعد از عین کلمہ واو ہوتا ہے۔

**مُبالغہ:** جیسے: اِحْدَوْدَبَ بہت کبڑا ہوگیا۔

**موافقت مجرد:** جیسے: اِحْلَوْلَی التَّمر بمعنی حَلَا

# باب افعوّال

ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے بعد از عین کلمہ واؤ مشدد ہوتی ہے۔

**مُبالغہ:** جیسے اِجْلَوَّذَ وہ بہت تیز دوڑا۔

# باب فعللۃ

اس باب کی مصدر فَعْلَلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے کبھی کبھی قلیل طور پر فِعْلَالٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے زِلْزَالٌ اور کبھی فَعْلَلٰی کے وزن پر آتا ہے جیسے قَهْقَرٰی

# باب تفعلل

ماضی میں تائے زائدہ مطردہ ہوتی ہے اور دونوں لام اصلی ہوتے ہیں۔

مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔

# باب افعنلال

ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے بعد از عین کلمہ ساری گردان میں نون زائد ہوتا ہے

# باب اِفعلّال

ماضی امر حاضر میں ہمزہ وصلی اور ثانی حرف زائد جنس لام کلمہ سے ہوتا ہے جیسے اِقْشَعْرَرَ میں راثانی زائد ہے

# بحر الجواهر

في

# كشف المصادر

ناشر

مدرسة العلوم الشرعية كوشك

بكس ۱۴ شہر خضدار بلوچستان ۳۳۱۷

# مصادر بابِ اوّل از ثلاثی مجرّد "فَعَلَ يَفْعِلُ"

| | |
|---|---|
| اَلثَّلْبُ | ملامت کرنا |
| اَلْجَدْبُ | کسی پر عیب لگانا |
| اَلْجَذْبُ | کھینچنا |
| اَلْجَلْبُ<br>اَلْجُلُوْبُ | ہانک کر لے جانا |
| اَلْحَصْبُ | کنکری سے مارنا |
| اَلْحَضْبُ | آگ میں لکڑی ڈالنا |
| اَلْحَطْبُ | لکڑی چننا |
| اَلْخَرْبُ | ہلاک کرنا |
| اَلْخَشْبُ | خلط ملط کرنا |
| اَلْخَضْبُ | رنگنا |
| اَلْخُضُوْبُ | درخت کا سرسبز ہونا |
| اَلشَّذْبُ | چھال چھیلنا |
| اَلصَّرْبُ | پیشاب یا دودھ کو روکنا |
| اَلصَّلْبُ | سولی دینا |
| اَلضَّرْبُ<br>وَالْمَضْرَبُ<br>وَالتَّضْرَابُ | مارنا |
| اَلضِّرَابُ | کُشتی کرنا |
| اَلضَّرَبَاتُ | زخم تلاش کرنا |
| اَلْعَصْبُ | لپیٹنا |

| | |
|---|---|
| اَلْعَضْبُ | قطع کرنا |
| اَلْغَصْبُ | زبردستی لے لینا |
| اَلْغَلْبُ<br>وَالْغَلَبُ<br>وَالْغَلَبَةُ<br>وَالْغُلُبَّةُ<br>وَالْغُلُبَّى | غالب ہونا<br>پانی کے بہاؤ کا آواز |
| اَلْقَسِيْبُ | پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ |
| اَلْقَشْبُ | زہر پلانا |
| اَلْقَصْبُ | ٹکڑے کرنا |
| اَلْقَضْبُ | کاٹنا |
| اَلْقَطْبُ<br>وَالْقُطُوْبُ | ترش روئی کرنا |
| اَلْقَلْبُ | پلٹ دینا، دل پہ مارنا |
| اَلْكَذِبُ<br>اَلْكِذْبُ<br>اَلْكَاذِبَةُ<br>اَلْمَكْذُوْبُ<br>اَلْكِذَّابُ<br>اَلْمَكْذُوْبَةُ | جھوٹ بولنا |
| اَلْكَسْبُ | حاصل کرنا |

| | |
|---|---|
| اَلنَّحِيْبُ | رونے میں آواز بلند کرنا |
| اَلنُّحَابُ | ہرن کا آواز کرنا |
| اَللَّسْبُ | سانپ کا ڈسنا |
| اَلنَّذْرُ<br>وَالنُّذُوْرُ | نذر ماننا |
| اَلنَّسَبُ<br>وَالنِّسْبَةُ | نسبت بیان کرنا |
| اَلنَّعْبُ<br>اَلنَّعِيْبُ<br>اَلنُّعَبَانُ<br>اَلنَّعَبَانُ<br>اَلتَّنْعَابُ<br>اَلنُّعَابُ | کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا |
| اَلْهَفْتُ<br>اَلْهَفَاتُ | خفت کی وجہ سے<br>اڑنا |
| اَلنَّتْحُ<br>وَالنُّتُوْحُ | پسینہ نکلنا |
| اَلْحُتُوْدُ | اقامت کرنا |
| اَلْحَرْدُ | ارادہ کرنا |
| اَلْحِقْدُ<br>وَالْحَقْدُ | کینہ رکھنا |

# مصادر بابِ دوم از ثلاثی مجرّد "فَعَلَ یَفْعُلُ"

| مصدر | معنی |
|---|---|
| اَلْحَرْزُ | حفاظت کرنا |
| اَلْحَزْبُ | سخت ہونا |
| اَلْحَسْبُ، اَلْحُسْبَانُ، اَلْحِسَابَۃُ، اَلْحِسَابُ، اَلْحِسْبَۃُ | شمار کرنا |
| اَلْحُظُوْبُ | موٹا ہونا |
| اَلْحَلْبُ، وَالْحَلَابُ | دوہنا |
| الرُّقُوْبُ، وَالرُّقُوْبُ، وَالرَّقَابَۃُ، وَالرِّقْبَانُ، وَالرِّقْبَۃُ، وَالرَّقْبَۃُ | نگہبانی کرنا |
| السُّکُوْبُ | پانی بہنا |
| اَلسَّکْبُ، وَالتَّسْکَابُ | پانی بہانا |
| اَلْعَقْبُ | ایڑی مارنا |
| اَلْعُکُوْبُ | اونٹوں کا بھیڑ کرنا |
| اَلْقَحْبُ، اَلْقُحَابُ | کھانسنا |
| اَلْقَرْبُ | تلوار کو میان میں داخل کرنا |
| اَلْکَتْبُ، اَلْکِتَابُ، اَلْکِتْبَۃُ، اَلْکِتَابَۃُ | لکھنا |
| اَلْکَرْبُ | تنگ کرنا |
| اَلْکَلْبُ | گھوڑے کو مہمیز مارنا |
| اَلْلَتْبُ، وَاللُّتُوْبُ | چپکنا |

# مصادر بابِ سوم از ثلاثی مجرّد "فَعِلَ یَفْعَلُ"

| مصدر | معنی |
|---|---|
| اَلتَّرَبُ، وَالْمَتْرَبُ | محتاج ہونا |
| اَلتَّعَبُ | مشقّت میں پڑنا |
| اَلتَّغَبُ | ہلاک ہونا |
| اَلْجَرَبُ | خارش والا ہونا |
| اَلْجَشَبُ | موٹا ہونا |
| اَلْجَشَرُ | کھانسنا |
| اَلْجَنَبُ | مائل ہونا |
| اَلْجَنَابَۃُ | ناپاک ہونا |
| اَلْحَدَبُ | مہربان ہو |
| اَلْحَرَبُ | سخت غضبناک ہونا |
| اَلْحَصَبُ | کھسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ |
| اَلْخِصْبُ | سرسبز ہونا |
| اَلْخَنَبُ | کمزور ہونا |
| اَلْخَنَثُ | ہجڑا ہونا |
| اَلذَّرَبُ، وَالذَّرَابَۃُ، وَالذُّرُوْبَۃُ | تلوار تیز کرنا |
| اَلذَّهَبُ | سونے کی کان میں بہت سا سونا پاکر حیران ہونا۔ |
| اَلرَّجَبُ | تعظیم کرنا |
| اَلرَّغَبُ | خواری وذلّت |
| وَالرَّغْبَۃُ | سے مانگنا |

# مصادر بابِ چہارم از ثلاثی مجرد "فَعَلَ يَفْعَلُ"

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلتَّعَبُ | مشقت میں پڑنا | اَلسَّحْتُ | حرام مال کمانا | اَلْجَدْحُ | گھولنا |
| اَلتَّغَبُ | ہلاک ہونا | اَلصَّفْحُ | روگردانی کرنا | اَلْجَرْحُ | زخمی کرنا |
| اَلْجَفْسُ وَالْجَفَاسَةُ | بدہضمی ہونا | اَلنَّحْبُ وَالنَّحِيْبُ | رونے میں آواز بلند کرنا | اَلْجَزْحُ | حصہ دینا |
| | | | | اَلْجَلْحُ | اوپر کے حصہ کو چرجانا |
| اَلذَّهَبُ وَالذُّهُوْبُ | جانا | اَلنَّحِيْتُ | پیچش ہونا | اَلْجَمْحُ وَالْجُمُوْحُ | سرکشی کرنا |
| | | اَلْبَحْثُ | کھودنا | | |
| اَلرَّعْبُ وَالرُّعْبُ | خوف کرنا | اَلدَّغْتُ | گلاگھونٹ کر مار ڈالنا | اَلرَّدْحُ | ثابت قدم رہنا |
| | | اَلدَّغْشُ | تاریکی میں داخل ہونا | اَلرُّزُوْحُ وَالرَّزَاحُ | لاغری کی وجہ سے گرجانا |
| اَلزَّعْبُ | برتن کو بھرنا | اَلرَّغْثُ | ماں کا دودھ پینا | | |
| اَلزَّعْنُ | بیقرار ہونا | اَلرَّغْسُ | بہت دینا | اَلرَّزْخُ | نیزہ چبھونا |
| اَلسَّحْبُ | زمین پر گھسیٹنا | اَلرَّغْفُ | گندھے ہوئے آٹے کا | اَلرَّشْحُ | برتن کا ٹپکنا |

# مصادر بابِ پنجم از ثلاثی مجرد "فَعِلَ يَفْعِلُ"

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحُسْبَانُ وَالْمَحْسِبَةُ | گمان کرنا | اَلنَّعِمَةُ | خوشحال ہونا | اَلْهَبْصُ | جلدباز ہونا |
| | | اَلنُّعُوْمَةُ | نرم و نازک ہونا | | |

# مصادر بابِ ششم از ثلاثی مجرد فَعُلَ يَفْعُلُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْجُدُوْبَةُ | قحط ہونا | اَلشَّقَاحَةُ | قبیح ہونا | اَلشَّعَارَةُ | شاعر ہونا |
| اَلْجَنَابَةُ | ناپاک ہونا | اَلصَّبَاحَةُ | چہرے کا روشن ہونا | اَلطَّهَارَةُ | پاک ہونا |
| اَلْخَطَابَةُ | واعظ ہونا | اَلصَّرَاحَةُ وَالصُّرُوْحَةُ | خالص ہونا | اَلْعُسْرُ وَالْمَعْسُوْرُ | دشوار ہونا |
| اَلرُّطُوْبَةُ | تر ہونا | | | | |
| اَلرَّحَابَةُ وَالْمَرْحَبَةُ | جگہ کشادہ ہونا | اَلطَّلَاحَةُ | تھکنا | اَلْعُقْرُ وَالْعَقَارَةُ | بانجھ ہونا |
| | | اَلْفَسَاحَةُ | وسیع ہونا | | |

# مَصادر بابِ اوّل از ثُلاثی مزید فیہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْاِتْرَابُ | مالدار ہونا | اَلْاِحْسَابُ | پسند کرنا | اَلْاِخْنَابُ | ہلاک ہونا |
| اَلْاِتْعَابُ | تھکان | اَلْاِحْطَابُ | لکڑی چننا | اَلْاِذْنَابُ | گناہ کرنا |
| اَلْاِتْغَابُ | ہلاک کرنا | اَلْاِحْقَابُ | پیچھے سوار کرنا | اَلْاِذْهَابُ | سونے کی قلعی کرنا |
| اَلْاِثْرَابُ | ملامت کرنا | اَلْاِخْرَابُ | ویراں کرنا | اَلْاِرْجَابُ | تعظیم کرنا |
| اَلْاِجْدَابُ | بارش نہ ہونے سے خشک ہونا | اَلْاِخْصَابُ | سرسبز ہونا | اَلْاِرْطَابُ | تر کرنا |
| اَلْاِجْرَابُ | اونٹوں میں خارش پھیلنا | اَلْاِخْطَابُ | نزدیک آنا | اَلْاِرْغَابُ | رغبت دلانا |
| اَلْاِحْدَابُ | کبڑا ہونا | اَلْاِخْلَابُ | کیچڑ والا ہونا | اَلْاِرْکَابُ | سواری دینا |

# مَصادر بابِ دُوم از ثُلاثی مزید فیہ

تصریف اصل میں تصریفًا (بدورا) تھا کیونکہ مصدر میں فعل والے حروف کا ہونا واجب ہے پس دوسری را یا سے تبدیل کیا ان دو را میں سے ایک ابالاتفاق زائد ہے۔ ابن مالکؒ اور ابن عصفورؒ کا مختار مذہب یہ ہے کہ پہلی زائد ہے کیونکہ ماضی میں ساکن ہے اور ساکن حرف پر حکم زیادتی کا بہتر ہے متحرک حرف سے۔ ابن ماجبؒ اور یونسؒ کا مختار مذہب ہے کہ دوسری را زائد ہے کیونکہ زیادتی کی احتیاج دوسری را کے تلفظ کے وقت پڑی۔ امام سیبویہؒ کے ہاں ان دو (را) میں سے ہر ایک میں زیادتی کا احتمال ہے۔ (تدریج الاوانی شرح الزنجانی بحوالہ انجاد الصرف)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلتَّتْرِيْبُ | خاک ڈالنا | اَلتَّسْرِيْبُ | گروہ گروہ بھیجنا | اَلتَّلْقِيْبُ | لقب دینا |
| اَلتَّرْتِيْبُ | مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا | اَلتَّسْلِيْبُ | نا تمام بچہ گرانا | اَلتَّنْجِيْبُ | نذر ماننا |
| اَلتَّثْقِيْبُ | روشن کرنا | اَلتَّشْرِيْبُ | پانی پلانا | اَلتَّنْصِيْبُ | رکھنا |
| اَلتَّجْرِيْبُ / اَلتَّجْرِبَةُ | آزمانا | اَلتَّضْرِيْبُ | بہت مارنا | اَلتَّنْقِيْبُ | خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا |
| | | اَلتَّطْرِيْبُ | گانا | اَلتَّنْكِيْبُ | الگ ہونا |
| اَلتَّجْلِيْبُ | چیخنا چلانا | اَلتَّطْنِيْبُ | خیمہ لگانا | اَلتَّهْذِيْبُ | جلدی کرنا |
| اَلتَّجْنِيْبُ | دور ہونا | اَلتَّعْجِيْبُ | تعجب میں ڈالنا | اَلتَّهْرِيْبُ | بھاگنا |

## مَصادر باب سوم از ثلاثی مَزِید فیہ

اَلْمُجَاذَبَۃُ وَالْجِذَابُ — کسی سے کشمکش کرنا
اَلْمُجَانَبَۃُ — پہلو میں چلنا
اَلْمُحَادَبَۃُ — لڑائی کرنا
اَلْمُحَاسَبَۃُ — حسابات کی جانچ کرنا
اَلْمُخَاطَبَۃُ — باہم گفتگو کرنا
اَلْمُلَاعَبَۃُ — باہم کھیلنا
اَلْمُرَاقَبَۃُ — نگہبانی کرنا
اَلْمُشَارَبَۃُ — ساتھ پینا
اَلْمُشَاغَبَۃُ — جھگڑا کرنا

وَالضِّرَابُ — تلوار مارنا۔
اَلْمُعَاقَبَۃُ وَالْعِقَابُ — پیچھے آنا
اَلْمُغَاضَبَۃُ — غضب پر برانگیختہ کرنا
اَلْمُغَالَبَۃُ وَالْغِلَابُ — ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا
اَلْمُکَاتَبَۃُ — خط وکتابت کرنا
اَلْمُنَاسَبَۃُ — مشابہ ہونا
اَلْمُنَاقَبَۃُ — مناقب پر فخر کرنا
اَلْمُحَادَثَۃُ — گفتگو کرنا

وَالْعِلَاجُ
اَلْمُرَالَجَۃُ — نفع دینا
اَلْمُرَاجَحَۃُ — جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا
اَلْمُسَافَحَۃُ — بدکاری کرنا
اَلْمُصَالَحَۃُ وَالصِّلَاحُ — صلح کرنا
اَلْمُقَارَحَۃُ — روزہ ہونا
اَلْمُکَاشَحَۃُ — دشمنی رکھنا
اَلْمُنَاصَحَۃُ — ایکدوسرے کو نصیحت کرنا

## مَصادر باب چہارم از ثلاثی مَزِید فیہ

اَلتَّثَقُّبُ — سوراخ کرنا
اَلتَّسَرُّبُ — پانی سے بھر جانا
اَلتَّسَلُّبُ — ماتمی کپڑے پہننا
اَلتَّشَرُّبُ — جذب کرنا
اَلتَّشَعُّبُ — متفرق ہونا
اَلتَّطَرُّبُ — خوشی پر برانگیختہ کرنا
اَلتَّعَتُّبُ — ایکدوسرے پر اظہار ناراضگی کرنا
اَلتَّعَجُّبُ — تعجب کرنا

اَلتَّغَضُّبُ — غضبناک ہونا
اَلتَّغَلُّبُ — غلبہ کرنا
اَلتَّقَلُّبُ — پلٹنا
اَلتَّکَذُّبُ — بتکلف جھوٹ بولنا
اَلتَّزَلُّجُ — پھسلنا
اَلتَّلَقُّبُ — لقب پانا
اَلتَّهَلُّبُ — آگ بھڑکنا
اَلتَّنَسُّبُ — ہم نسب ہونے کا دعوی کرنا

اَلتَّقَمُّتُ — ناپسند ہونا
اَلتَّحَدُّثُ — گفتگو کرنا
اَلتَّحَنُّثُ — گناہوں سے نفرت کرنا
اَلتَّرَبُّثُ — دیر کرنا
اَلتَّرَعُّثُ — عورت کا بالی پہننا
اَلتَّشَبُّثُ — چمٹنا
اَلتَّبَرُّجُ — اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہوکر نکلنا

# مَصادر باب پنجم از ثلاثی مزید فیہ

اَلتَّجَانُبُ دور ہونا
اَلتَّحَاصُبُ ایکدوسرے پر کنکری پھینکنا
اَلتَّحَارُبُ جنگ کی آگ بھڑکنا
اَلتَّرَاکُبُ تہ بتہہ کرنا
اَلتَّضَارُبُ ایک دوسرے کو مارنا
اَلتَّشَاجُبُ خلط ملط ہونا
اَلتَّعَاتُبُ ایکدوسرے پر ناراضگی کا اظہار کرنا
اَلتَّعَاقُبُ ایکدوسرے کے پیچھے ہونا
اَلتَّقَارُبُ ایک دوسرے کے قریب ہونا
اَلتَّکَاذُبُ ایکدوسرے کو جھوٹا کہنا
اَلتَّنَاسُبُ باہم مشابہ ہونا
اَلتَّخَافُتُ پوشیدہ رکھنا
اَلتَّهَافُتُ لگاتار گرنا
اَلتَّحَادُثُ باہم گفتگو کرنا

اَلتَّخَارُجُ آپس میں تقسیم کرنا
اَلتَّعَارُجُ بتکلف لنگڑا بننا
اَلتَّمَازُجُ باہم ایکدوسرے کو ملانا
اَلتَّسَامُحُ نرمی برتنا
اَلتَّسَافُحُ بدکاری کرنا
اَلتَّفَاصُحُ بتکلف فصیح ہونا
اَلتَّمَادُحُ ایکدوسرے کی تعریف کرنا
اَلتَّنَاجُحُ پے بپے درست ہونا
اَلتَّنَاصُحُ ایکدوسرے کو نصیحت کرنا
اَلتَّنَاسُخُ ایکدوسرے کو لحو کرنا
اَلتَّبَاعُدُ ایکدوسرے سے دور ہونا
اَلتَّجَاهُدُ کوشش کرنا
اَلتَّحَاسُدُ ایک دوسرے کے زوالِ نعمت کی تمنّا کرنا
اَلتَّرَافُدُ باہم مدد کرنا

اَلتَّسَافُدُ اعتماد کرنا
اَلتَّعَاقُدُ ایکدوسرے کیساتھ معاہدہ کرنا
اَلتَّعَاهُدُ حلیف بننا
اَلتَّفَاقُدُ بعض کا بعض کو کھونا
اَلتَّمَاجُدُ باہم فخر کرنا
اَلتَّنَاشُدُ ایکدوسرے کے سامنے شعر پڑھنا
اَلتَّبَادُرُ جلدی کرنا
اَلتَّبَاشُرُ ایکدوسرے کو خوشخبری دینا
اَلتَّجَاسُرُ فخر کرنا
اَلتَّحَادُرُ اترنا
اَلتَّخَافُرُ اپنے آپ کو ذلیل کرنا
اَلتَّخَازُرُ نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا
اَلتَّخَاصُرُ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا
اَلتَّدَابُرُ باہم دشمنی کرنا

# مَصادر باب ششم از ثلاثی مِزید فیہ

اَلْاِجْتِهَادُ کوشش کرنا
اَلْاِجْتِبَاذُ کھینچنا
اَلْاِجْتِهَارُ تعداد میں بہت سمجھنا
اَلْاِجْتِبَارُ فقر کے بعد مستغنی ہونا
اَلْاِثِّمَادُ تھوڑے پانی کی طرف جانا

اَلْاِدِّرَاسُ پڑھنا
اَلْاِدِّرَاکُ ملنا
اَلْاِدِّخَالُ داخل ہونا
اَلْاِدِّغَامُ ایک چیز کو دوسری چیز میں داخل کرنا

اَلْاِسْتِبَارُ تجربہ کرنا
اَلْاِسْتِحَارُ صبح کے وقت نکلنا
اَلْاِسْتِتَارُ چھپنا
اَلْاِسْتِعَادُ بھڑکنا
اَلْاِسْتِلَامُ چھونا

| | |
|---|---|
| اَلْاِجْتِرَافُ | کل یا اکثر حصہ کو لے جانا |
| اَلْاِجْتِذَالُ | خوش ہونا |
| اَلْاِجْتِرَامُ | گناہ کرنا |
| اَلْاِجْتِدَاثُ | قبر بنانا |
| اَلْاِجْتِرَاحُ | کمانا |
| اَلْاِدِّلَاجُ | پوری رات چلنا |
| اَلْاِدِّمَاجُ | مضبوط گڑ جانا |
| اَلْاِضْطِرَابُ | متحرک ہونا |
| اَلْاِضْطِمَارُ | مل جانا |
| اَلْاِضْطِبَاعُ | بازو ظاہر کرنا |
| اَلْاِضْطِبَانُ | بغل اور پہلو کے درمیان اٹھنا |
| اَلْاِطِّلَابُ | تکلف کے ساتھ ڈھونڈنا |
| اَلْاِطِّفَاحُ | جھاگ نکالنا |
| اَلْاِطِّبَاخُ | اپنے لئے پکانا |

| | |
|---|---|
| اَلْاِدِّخَارُ | وقت ضرورت کے لئے چھپا رکھنا |
| اَلْاِدِّکَارُ | یاد کرنا |
| اَلْاِزْدِهَارُ | روشن ہونا |
| اَلْاِزْدِعَابُ | کاٹ لینا |
| اَلْاِزْدِجَارُ | منع کرنا |
| اَلْاِزْدِلَافُ | قریب ہونا |
| اَلْاِزْدِرَاعُ | بونا |
| اَلْاِطِّلَاعُ | جاننا |
| اَلْاِطِّعَامُ | مزیدار ہونا |
| اَلْاِظِّفَارُ | کامیاب ہونا |
| اَلْاِظِّلَامُ | ظلم برداشت کرنا |
| اَلْاِجْتِذَابُ | کھینچنا |
| اَلْاِعْتِذَالُ | اپنے آپ کو ملامت کرنا |
| اَلْاِحْتِطَابُ | لکڑی چننا |
| اَلْاِخْتِطَابُ | منگنی کرنا |

| | |
|---|---|
| اَلْاِشْتِهَارُ | مشہور ہونا |
| اَلْاِشْتِمَالُ | جلدی کرنا |
| اَلْاِشْتِغَالُ | مشغول ہونا |
| اَلْاِصْطِحَاتُ | حفاظت کرنا |
| اَلْاِصْطِرَابُ | دودھ کو جمع کرنا |
| اَلْاِصْطِلَابُ | ہڈیوں سے گودا نکالنا |
| اَلْاِصْطِلَاحُ | رضامند ہونا |
| اَلْاِعْتِصَامُ | ہاتھ سے پکڑنا |
| اَلْاِنْتِسَابُ | نسب ظاہر کرنا |
| اَلْاِبْتِدَاعُ | ایجاد کرنا |
| اَلْاِنْتِشَارُ | پھیلنا |
| اَلْاِنْتِظَارُ | انتظار کرنا |
| اَلْاِعْتِذَارُ | عذر بیان کرنا |
| اَلْاِحْتِرَازُ | بچنا |
| اَلْاِقْتِصَارُ | درمیانہ روی کرنا |

# مصادر باب ہفتم از ثلاثی مزید فیہ

| | |
|---|---|
| اَلْاِنْثِعَابُ | پانی کا بہنا ناک سے |
| اَلْاِنْجِذَابُ | کھینچ جانا |
| اَلْاِنْزِدَابُ | تاڑ میں رہنا |
| اَلْاِنْزِقَابُ | سوراخ میں آنا |
| اَلْاِنْسِحَابُ | گھسٹنا |
| اَلْاِنْسِرَابُ | سوراب میں داخل ہونا |
| اَلْاِنْسِکَابُ | پانی بہنا |

| | |
|---|---|
| اَلْاِنْصِلَاتُ | آگے نکل جانا |
| اَلْاِنْبِعَاثُ | بھیجا جانا |
| اَلْاِنْدِلَاثُ | خودسر ہونا |
| اَلْاِنْفِرَاثُ | |
| اَلْاِنْبِعَاجُ | برس کر کھل جانا |
| اَلْاِنْبِلَاجُ | صبح کو |
| اَلْاِنْدِرَاجُ | ختم ہو جانا |

| | |
|---|---|
| اَلْاِنْشِرَاحُ | کشادہ ہونا |
| اَلْاِنْعِقَادُ | گرہ لگنا |
| اَلْاِنْجِرَادُ | ننگا ہونا |
| اَلْاِنْعِمَادُ | ستون کے بل کھڑا ہونا |
| اَلْاِنْقِصَادُ | ٹوٹنا |
| اَلْاِنْفِرَادُ | تنہا ہونا |
| اَلْاِنْتِبَارُ | |

اَلْاِنْتِمَارُ تیز چلنا
اَلْاِنْصِهَارُ پگھلنا
اَلْاِنْعِقَارُ کونچیں کٹ جانا
اَلْاِنْفِجَارُ بکثرت آجانا
اَلْاِنْفِطَارُ پھٹنا
اَلْاِنْکِسَارُ ٹوٹنا
اَلْاِنْفِشَارُ چھل جانا
اَلْاِنْکِدَادُ تیز دوڑنا

## مصادر بابِ ہشتم از ثُلاثی مزید فیہ

اَلْاِسْتِعْجَابُ تعجب کرنا
اَلْاِسْتِحْقَابُ ذخیرہ کرنا
اَلْاِسْتِحْلَابُ دودھ نکالنا
اَلْاِسْتِحْلَابُ خارش لگانا
اَلْاِسْتِرْهَابُ خوف دلانا
اَلْاِسْتِصْعَابُ مشکل ہونا
اَلْاِسْتِضْرَابُ سفید اور گاڑھا ہونا
اَلْاِسْتِطْرَابُ بہت خوش ہونا
اَلْاِسْتِعْتَابُ رضا مند کرنا
اَلْاِسْتِعْذَابُ میٹھا وخوشگوار پانا
اَلْاِسْتِغْرَابُ نادر پانا
اَلْاِسْتِنْصَاتُ خاموش کھڑا ہونا
اَلْاِسْتِخْرَاجُ استنباط کرنا
اَلْاِسْتِدْرَاجُ قریب کرنا
اَلْاِسْتِعْلَاجُ کھال کا موٹا ہونا
اَلْاِسْتِصْبَاحُ چراغ جلانا

اَلْاِسْتِفْتَاحُ کھولنا
اَلْاِسْتِقْبَاحُ برا سمجھنا
اَلْاِسْتِفْلَاحُ کامیاب ہونا
اَلْاِسْتِمْلَاحُ ملیح سمجھنا
اَلْاِسْتِمْتَاحُ طلب بخشش کرنا
اَلْاِسْتِنْبَاحُ بھونکانا
اَلْاِسْتِخْرَاطُ پھوٹ پھوٹ کر رونا
اَلْاِسْتِفْرَاخُ کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا
اَلْاِسْتِنْهَاجُ رائے کا قوی ہونا
اَلْاِسْتِجْرَاحُ فاسد ہونا
اَلْاِسْتِبْعَادُ دور ہونا
اَلْاِسْتِغْضَاءُ پھل چننا
اَلْاِسْتِفْرَادُ تنہا کام کرنا
اَلْاِسْتِفْسَادُ تباہی چاہنا
اَلْاِسْتِمْجَادُ بزرگی طلب کرنا

اَلْاِسْتِنْجَادُ دلیر ہونا
اَلْاِسْتِنْشَادُ شعر پڑھنے کو کہنا
اَلْاِسْتِنْفَادُ نیست ونابود کرنا
اَلْاِسْتِحْصَادُ جتھا بننا
اَلْاِسْتِحْمَادُ تعریف چاہنا
اَلْاِسْتِرْشَادُ راہ راست پانا
اَلْاِسْتِطْرَادُ فریب دینے کے لئے شکست کو ظاہر کرنا
اَلْاِسْتِحْجَارُ پتھر کی مانند ہونا
اَلْاِسْتِحْرَازُ محفوظ جگہ میں آجانا
اَلْاِسْتِحْسَانُ اچھا جاننا
اَلْاِسْتِخْبَارُ خبر دریافت کرنا
اَلْاِسْتِضْعَافُ ضعیف سمجھنا
اَلْاِسْتِعْقَابُ عیوب ونقائص کو طلب کرنا
اَلْاِسْتِغْلَابُ غالب ہونا

## مصادر بابِ نہم از ثُلاثی مزید فیہ

اَلْاِخْسِبَابُ سیاہ سفید سرخ ہونا
اَلْاِشْهِبَابُ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا
اَلْاِدْفِتَاتُ [illegible] ہونا

اَلْاِكْمِتَاتُ گھوڑے کا کمیت ہونا
اَلْاِخْرِجَاجُ سیاہ وسفید رنگ والا ہونا
اَلْاِمْلِحَاحُ مینڈھے کا سیاہ و سفید ہونا
اَلْاِرْبِدَادُ / اَلْاِرْمِدَادُ خاکستری رنگ والا ہونا
اِلْاِبْلِقَاقُ سیاہ وسفید داغوں والا ہونا
اَلْاِرْزِقَاقُ بلّی جیسے آنکھوں والا ہونا
اَلْاِحْمِرَارُ سرخ ہونا

اَلْاِخْضِرَارُ سبز ہونا
اَلْاِصْفِرَارُ پیلا ہونا
اَلْاِغْبِرَارُ گردآلود ہونا
اَلْاِخْلِسَاسُ سیاہی مائل سرخی ہونا
اَلْاِرْبِسَاسُ ملک میں جانا
اَلْاِرْبِشَاشُ گھوڑے کا رنگین ہونا
اَلْاِرْفِضَاضُ آنسو بہنا
اَلْاِرْقِطَاطُ سیاہ یا سفید داغوں والا ہونا
اَلْاِلْمِظَاظُ نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا

اَلْاِرْمِقَاقُ کمزور ہونا
اَلْاِرْمِكَاكُ سخت سرخ ہونا
اَلْاِخْضِلَالُ تر ہونا
اَلْاِمْذِلَالُ سست ہونا
اَلْاِذْلِمَامُ گدھے کا سیاہ ہونا
اَلْاِدْهِمَامُ گھوڑے کا سیاہ ہونا
اَلْاِرْثِمَامُ ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔
اَلْاِزْلِمَامُ جلدی کوچ کرنا

# مَصادر بابِ دہم از ثُلاثی مَزید فیہ

اَلْاِشْهِيبَابُ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا
اَلْاِسْخِيْنَانُ زخم کے ورم کا ہلکا ہونا
اَلْاِكْمِيتَاتُ گھوڑے کا کمیت ہونا
اَلْاِبْلِيجَاجُ ظاہر ہونا
اَلْاِلْهِيجَاجُ گڈمڈ ہونا
اَلْاِخْرِيجَاجُ سیاہ وسفید رنگ والا ہونا
اَلْاِرْعِيدَادُ ملا جلا ہونا
اَلْاِبْهِيرَادُ رات کا دراز ہونا

اَلْاِحْمِيرَارُ بتدریج بہت سرخ ہونا
اَلْاِخْضِيرَارُ سبز ہونا
اَلْاِشْمِيرَارُ گندم گوں ہونا
اَلْاِصْحِيرَارُ سرخی مائل مٹیلے رنگ والا ہونا
اَلْاِصْفِيرَارُ زرد رنگ ہونا
اَلْاِغْفِيرَارُ روئیں دراز ہونا
اَلْاِرْمِيزَازُ متحرک ہونا
اَلْاِمْلِيسَاسُ چکنا ہونا
اَلْاِقْطِيرَادُ خشک ہونے لگنا
اَلْاِرْقِيطَاطُ سیاہ یا سفید داغ والا ہونا

اَلْاِرْمِيقَاقُ کمزور ہونا
اَلْاِرْزِيقَاقُ بلّی جیسے آنکھوں والا ہونا
اَلْاِخْضِيلَالُ تر ہونا
اَلْاِدْهِيمَامُ گھوڑے کا سیاہ ہونا
اَلْاِزْبِيمَامُ غضبناک ہونا
اَلْاِشْعِيْنَانُ چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

# مصادر باب یازدہم از ثلاثی مزید فیہ

اَلْاِجْلِوَّاذُ تیز جانا | اَلْاِخْرِوَّاطُ | اَلْاِعْلِوَّاطُ

# مصادر باب دوازدہم از ثلاثی مزید فیہ

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاِحْدِیْدَابُ کبڑا ہونا | اَلْاِجْبِمَّاضُ کھٹا ہونا | اَلْاِخْضِبْضَالُ تر ہونا |
| اَلْاِخْشِیْشَابُ سخت ہونا | اَلْاِحْرِیْرَافُ ایک جانب جھکنا | اَلْاِخْشِیْشَانُ غضبناک ہونا |
| اَلْاِعْذِیْذَابُ خوشگوار ہونا | اَلْاِحْقِیْقَافُ ٹیڑھا ہونا | اَلْاِقْدِیْدَانُ پورا لمبا ہونا |
| اَلْاِغْشِیْشَابُ زمین کا سرسبز ہونا | اَلْاِخْرِیْرَاقُ پھٹنا | اَلْاِخْضِیْضَابُ سرسبز ہونا |
| اَلْاِعْصِیْصَابُ سخت ہونا | اَلْاِخْلِیْلَاقُ بوسیدہ ہونا | اَلْاِغْرِیْرَافُ آمادہ ہونا |
| اَلْاِغْلِیْلَابُ گھنا ہونا | اَلْاِغْرِیْرَاقُ ڈبڈبا آنا | |
| اَلْاِخْضِیْضَارُ سبز ہونا | اَلْاِحْلِیْلَاكُ سخت سیاہ ہونا | |

# مَصادر بابِ اوّل رُباعی مُجرّد

| | | |
|---|---|---|
| اَلزَّفْعَلَةُ تیز دوڑنا | اَلسَّرْطَعَةُ گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا | اَلْحَظْرَبَةُ مضبوط بٹنا |
| اَلْحَسْبَلَةُ حَسْبِیَ اللّٰہ کہنا | | اَلْحَذْرَفَةُ جلدی چلنا |
| اَلْقَحْزَمَةُ لوٹانا | اَلسَّغْبَلَةُ بچّے کی اچھی طرح پرورش کرنا | اَلْحَرْجَلَةُ لمبا ہونا |
| اَلْقَحْزَلَةُ ڈالنا | | اَلْفَرْنَطَةُ آہستہ سے گرنا |
| اَلْقَحْزَنَةُ پچھاڑنا | اَلْقَرْصَعَةُ سکڑنا | اَلصَّهْرَجَةُ لیپنا |
| اَلْحَدْقَلَةُ دیکھنے میں آنکھ پھرانا | اَلْمَرْهَمَةُ زخم پر مرہم کرنا | اَلْجَمْقَلَةُ کماں پر تانت چڑھانا |
| اَلشَّمْخَرَةُ تکبّر کرنا | اَلْبَعْثَرَةُ بکھیرنا | اَلدَّلْمَزَةُ بڑا لقمہ لینا |
| اَلضَّرْغَمَةُ شیر جیسا کام کرنا | اَلدَّهْلَبَةُ بڑے بڑے لقمے کھانا | اَلدَّهْمَسَةُ سرگوشی کرنا |
| اَلزَّغْبَعَةُ پریشان ہونا | | اَلزَّرْدَبَةُ گلا گھونٹنا |

# مَصادر بابِ اوّل از رُباعی مَزِیدفیہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلتَّدَعْلُبُ | | اَلتَّجَرْمُزُ | لوٹنا | اَلتَّحَذْلُمُ | جلدی کرنا |
| اَلتَّعَرْقُبُ | حیلہ کرنا | اَلتَّغَطْرُفُ | بزرگی ظاہر کرنا | اَلتَّدَهْقُنُ | چودہری بننا |
| اَلتَّدَحْرُجُ | لڑھکنا | اَلتَّحَذْلُقُ | خود کو ماہر ظاہر کرنا | اَلتَّقَرْفُصُ | کپڑوں میں لپیٹنا |
| اَلتَّبَخْتُرُ | متکبّرانہ چال چلنا | اَلتَّزَنْدُقُ | بے دین ہونا | اَلتَّعَثْكُلُ | کھجور کے بہت شاخ ہونا |
| اَلتَّبَعْثُرُ | الٹا پلٹا جانا | اَلتَّدَمْلُكُ | چکنا ہونا | | |
| اَلتَّزَعْفُرُ | زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔ | اَلتَّصَعْلُكُ | فقیر ہونا | اَلتَّفَرْقُعُ | انگلیوں کا چٹخنا |
| | | اَلتَّبَرْنُسُ | برنس پہننا | اَلتَّقَرْمُصُ | گڑھے میں چھپنا |
| اَلتَّعَصْفُرُ | زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا | اَلتَّدَرْبُسُ | آگے بڑھنا | اَلتَّقَلْفُعُ | چھل جانا |
| | | اَلتَّسَرْبُلُ | کرتہ پہننا | اَلتَّفَرْعُنُ | نافرمانی کرنا |
| اَلتَّغَشْمُرُ | مقہور کرنا | اَلتَّجَرْثُمُ | اوپر سے نیچے گرنا | | |

# مَصادر بابِ دوّم از رُباعی مَزِیدفیہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْاِدْرِنْمَاجُ | الدّخول فی الشّئ | اَلْاِخْرِنْمَاسُ | خاموش ہونا | اَلْاِبْرِنْشَاقُ | خوش ہونا |
| اَلْاِبْلِنْدَاحُ | | اَلْاِعْرِنْقَاسُ | | اَلْاِحْزِنْبَاقُ | الاطراق مع السکوت |
| اَلْاِسْلِنْطَاحُ | وسیع ہونا | اَلْاِعْلِنْكَاسُ | سیاہ ہونا | اَلْاِدْرِنْفَاقُ | تیز چلنا |
| اَلْاِحْبِنْجَارُ | | اَلْاِبْرِنْدَاءُ | لامر الاستعداد | اَلْاِحْرِنْجَامُ | جمع ہونا |
| اَلْاِسْحِنْفَارُ | | اَلْاِقْرِنْفَاطُ | سمٹنا | اَلْاِخْزِنْشَامُ | تکبّر کرنا |
| اَلْاِصْعِنْفَارُ | | اَلْاِهْبِنْفَاءُ | پاؤں کے انگلیوں پر بیٹھنا | اَلْاِخْزِنْطَامُ | سر اور ناک بلند کرنا |
| اَلْاِحْرِنْمَارُ | | | | | |
| اَلْاِقْعِنْفَازُ | الاستیفاز | اَلْاِهْرِنْمَاءُ | جلدی کرنا | اَلْاِعْرِنْزَامُ | |

# مَصادر بابِ سوم از رُباعی مزید فیہ

اَلْاِجْلِعْبَابُ بستر پر دراز ہونا
اَلْاِزْلِعْبَابُ گھرا گھرنا
اَلْاِدْلِعْبَابُ
اَلْاِزْلِعْبَابُ
اَلْاِسْلِحْبَابُ راستہ کا سیدھا
واضح دراز ہونا
اَلْاِجْرِهْدَادُ تیز چلنا
اَلْاِسْمِعْدَادُ غصّہ سے بھر جانا
اَلْاِسْلِحْدَادُ پاؤں پر کھڑا ہونا
اَلْاِصْمِقْرَارُ بہت کھٹا ہونا
اَلْاِبْذِعْرَارُ منفرق ہونا
اَلْاِبْشِعْرَارُ گھوڑوں کا دوڑ میں
سبقت لے جانا
اَلْاِزْمِهْرَارُ سخت سردی والا ہونا
اَلْاِسْبِكْرَارُ دراز ہو کر لیٹنا
اَلْاِسْمِدْرَاكُ نگاہ کمزور ہونا
اَلْاِسْمِقْرَارُ بہت گرم ہونا
اَلْاِشْمِخْرَارُ طویل ہونا
اَلْاِكْفِهْرَارُ سخت تاریک ہونا
اَلْاِمْذِقْرَارُ
اَلْاِضْرِعْطَاطُ
اَلْاِتْمِهْلَالُ لمبا ہونا
اَلْاِسْبِغْلَالُ کپڑے کا پانی سے
تر ہونا
اَلْاِشْمِعْلَالُ الاسراع مع
المتفرق
اَلْاِضْمِحْلَالُ نیست و نابود ہونا
اَلْاِجْلِخْمَامُ الاجتماع
اَلْاِدْرِهْمَامُ بڑی عمر والا ہونا
اَلْاِدْلِهْمَامُ سخت تاریک ہونا
اَلْاِسْلِهْمَامُ رنگ بدل جانا
اَلْاِطْلِخْمَامُ غرور کرنا
اَلْاِطْرِهْمَامُ سیدھا قد کا ہونا
اَلْاِصْلِخْدَادُ سیدھا کھڑا ہونا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# امتحان الطلبة فی الصیغ المشکلة

علم صرف کا مقصود صیغہ کی پہچان ہے اور صیغہ کی صحت وزن کی صحت پر موقوف ہے اور وزن کی صحت حروف اصلیہ اور زوائد کی پہچان پر موقوف ہے اور حروفِ زوائد کی پہچان کے تین طریقے ہیں :

(۱) **اشتقاق** یعنی ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ کی فرع ہونا یہ طریقہ افعال اور اسمائے مشتقہ میں استعمال ہوگا جس کے لئے واحد مذکر غائب ماضی معلوم کے مجرّد صیغہ کو معیار قرار دیا گیا ہے

(۲) **عدم نظیر !** یعنی کسی حرف کو اصلی قرار دینے کی صورت میں کلمہ اوزانِ عرب سے خارج ہو جاتا ہو تو وہ حرف زائد ہوگا جیسے قَرَنْفُلٌ (فَعَلُّلٌ ۱۲) کا نون۔

(۳) **غلبہ !** یعنی حروفِ زوائد میں سے کوئی حرف ایسے موقع میں واقع ہو کہ وہ اس موقع میں اکثر زائد ہوتا ہے تو وہ زائد قرار دیا جائے گا۔ بشرطیکہ کوئی مانع موجود نہ ہو جیسے حِمَارٌ (فِعَالٌ ۱۲) کا الف۔

یہ دونوں طریقے اسمائے جوامد میں استعمال ہوتے ہیں لیکن عدم نظیر کا استعمال قلیل ہے اور غلبہ کا استعمال کثیر اور اسمائے جوامد میں حروف زوائد کے لئے مفرد کے صیغہ کو اور مفرد کے لئے تصغیر کو معیار قرار دیا گیا ہے۔

**فائدہ :** جو حروف بطورِ غلبہ کے زائد ہوتے ہیں اُن کا مجموعہ "سَئَلْتُمُوْنِیهَا" ہے ترتیب وار زائد ہونے کے مواقع درج ذیل ہیں :

(۱) **سین :** کی زیادتی باب استفعال کے ساتھ قیاسی ہے۔ البتہ جوامد میں تاء زائدہ سے قبل زائد آتی ہے جیسے اِسْتَبْرَقٌ بروزن اِسْتَفْعَلٌ۔

(۲) **همزه :** شروع کلمہ میں زائد ہوتا ہے جبکہ ہمزہ کے علاوہ صرف تین حرف اصلی ہوں جیسے اِصْبَعٌ اِفْعَلٌ لیکن اگر ہمزہ کے علاوہ دو یا چار یا پانچ حرف ہوں تو ہمزہ اصلی ہوگا جیسے اِبِلٌ (فِعِلٌ ۱۲)، اِصْطَبْلٌ (فِعْلَلٌ ۱۲)

اِبْرِیْسَمٌ
فَعْلِیْلٌ ۱۲

(۳) لام : ابتداء اور درمیان میں زائد نہیں ہوتی البتہ بہت ہی کم چند الفاظ کے آخر میں ملی ہے۔ جیسے زَیْدٌ سے زَیْدَلٌ بروزن فَعْلَلٌ۔

(۴) تا : مطوّلہ (ت) آخر کلمہ میں زائد ہوتی ہے جبکہ ما قبل واو۔ یا مدّہ زائدہ ہوں جیسے عَنْکَبُوْتٌ فَعْلَلُوْتٌ ۱۲ عِفْرِیْتٌ فَعْلِیْتٌ ۱۲ بشرطیکہ اس کے سوا تین حرف اصلی موجود ہوں وگرنہ اصلی ہوگی جیسے ھَرُوْتٌ فَعُوْلٌ ۱۲، ھَرِیْتٌ فَعِیْلٌ ۱۲

البتہ تا مدوّرہ (ۃ) ہمیشہ کلمہ کے آخر میں زائد ہوتی ہے جیسے جَنَّۃٌ فَعْلَۃٌ ۱۲، شَاۃٌ

(۵) میم : شروع کلمہ میں اکثر زائد ہوتی ہے جیسے مَدْیَنٌ مَفْعَلٌ ۱۲، مِنْخَرٌ مِفْعَلٌ ۱۲۔ البتہ کبھی کبھی درمیان کلمہ اور آخر میں بھی زائد ہوتی ہے جیسے دُلَامِصٌ فُعَامِلٌ ۱۲، شَرْقَمٌ فَعْلَمٌ ۱۲۔

(۶) واو : جب ساکن ہو اور اس کے علاوہ تین حرف اصلی موجود ہوں تو واو زائد ہوگی خواہ مدّہ ہو یا غیر مدّہ جیسے عَمُوْدٌ فَعُوْلٌ ۱۲، جَوْھَرٌ فَوْعَلٌ ۱۲ البتہ کہیں کہیں واو متحرکہ بھی زائد ہوتی ہے جیسے جَدْوَلٌ فَعْوَلٌ ۱۲ اور ابتداء کلمہ میں اصلی ہوگی جیسے وَرَنْتَلٌ بروزن فَعَنْلَلٌ۔

(۷) نون : درمیان میں جب تیسری جگہ پر ساکن واقع ہو یا آخر کلمہ میں مدّہ زائدہ کے بعد ہو تو زائد ہوگا جیسے قَرَنْفُلٌ فَعَنْلُلٌ ۱۲، سُلْطَانٌ فُعْلَانٌ ۱۲، زَیْتُوْنٌ فَعْلُوْنٌ ۱۲، غِسْلِیْنٌ فِعْلِیْنٌ ۱۲، بشرطیکہ نون کے علاوہ تین حرف اصلی موجود ہوں وگرنہ نون اصلی ہوگا جیسے دُخَانٌ فُعَالٌ ۱۲، لِسَانٌ فِعَالٌ ۱۲۔ البتہ کبھی کبھی نون ساکن دوسری جگہ پر بھی زائد ہوتا ہے جیسے حِنْدَبٌ بروزن فِنْعَلٌ

(۸) یا : ساکنہ اکثر تین حرف اصلی کے ساتھ زائد ہوتی ہے خواہ مدّہ ہو جیسے دِیْبَاجٌ فِیْعَالٌ ۱۲ یا غیر مدّہ ہو۔ جیسے دُیْلَسِمٌ فُیْعَلِلٌ ۱۲ اور اگر یا کے علاوہ تین حرف اصلی نہیں تو اسوقت یا اصلی ہوگی جیسے دِیْوَانٌ فِعْلَانٌ ۱۲ مَیْدَانٌ فَعْلَانٌ ۱۲۔ نیز یا متحرکہ شروع کلمہ میں زائد ہوتی ہے جیسے یَلْمَعٌ یَفْعَلٌ ۱۲، یَنْبُوْعٌ یَفْعُوْلٌ۔ بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو وگرنہ یا اصلی ہوگی جیسے یَاقُوْتٌ، یَافُوْخٌ بروزن فَاعُوْلٌ

البتہ غیر ثلاثی کے اول میں اصلی ہوگی جیسے یَسْتَعُوْرٌ بروزن فَعَلَّوْلٌ

(۹) ھا : جوامد میں اس کی زیادتی نہیں پائی گئی۔ البتہ اسماء مشتقہ وافعال میں کبھی زائد ہوتی جیسے مُھَرِیْقٌ یُھَرِیْقُ

